کینیڈین اورینٹیشن آبروڈ (بیرون ملک مہاجرین کیلئے کینیڈا کا تعارف)

# ورک بک برائے شریک کار

## عازمین کینیڈا کیلئے قبل از روانگی راہنما کتاب




Funded by: Immigration, Refugees and Citizenship Canada

Financé par : Immigration, Réfugiés et Citoyenneté Canada

IOM UN MIGRATION

COA OCE
Canadian Orientation Abroad
Orientation canadienne à l'étranger

اس کتاب میں درج خیالات مصنف کی ذاتی رائے ہے جن سے IOM کا متفق ہونا ضروری نہیں ۔ نیز اس میں شائع شدہ نام اور مواد کسی بھی طورIOM کی را کو ظاہر نہیں کرتے جو کسی ملک کی قانونی حیثیت، شہر یا علاقے، یا وہاں کے حکام، یا سرحدی حدود سے متعلق ہوں۔

IOM کا نظریہ اس بات کا عکاس ہے کہ منظم انسانی ہجرت معاشرے اور مہاجر دونوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ بحیثیت بین الاقوامی تنظیم IOM دیگر اداروں کے ساتھ مل کر ہجرت سے وابستہ مشکلات کو نہ صرف حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے بلکہ ہجرت سے متعلق مسائل کو سمجھنا، معاشی اور معاشرتی ترقی کو ہجرت سے جوڑنا اورمہاجرین کی بہتر اور باعزت زندگی اُس کی اولین ترجیح ہے۔

---

کتاب ہذا کی اشاعت حکومت کینیڈا کی معاونت سے IOM کے ساتھ شراکتی معاہدے پر اتفاق رائے کے بعد ممکن ہوئی۔
حکومت کینیڈا کا اس کتاب میں درج خیالات سے متفق ہونا ضروری نہیں ۔

کینیڈا کے سرکاری ملازمین، خدمات فراہم کرنے والی تنظیموں، مفکرین، یہاں بسنے والے مہاجرین، IOM اور کینیڈین اورینٹیشن آبروڈ (COA) کے مقامی اور بیرون ملک عملے کا بہت شکریہ جن کی بصیرت اور لگن اس اشاعت کی بنیاد بنی تا کہ نئے آنے والے مہاجرین کو کینیڈا میں آبادکاری کیلئے مدد مل سکے۔

ناشر: بین الاقوامی تنظیم برائے ہجرت IOM
17 روٹ ڈیس مورلنس
پوسٹ باکس 17
1211 جنیوا 19
سوئٹزرلینڈ
ٹیلیفون: 41 22 717 9111 +
فیکس: 41 22 798 6150+
ای میل: hq@iom.int
ویب سائٹ: www.iom.int
این یوسف نے IOM کے لئے تیار کیا

یہ اشاعت آئی او ایم کی طرف سے رسمی ترمیم کے بغیر جاری کی گئی
یہ اشاعت آئی او ایم پبلیکشنز یونٹ (PUB)کی منظوری کے بغیر جاری کی گئی
اس اشاعت کو ٹی آر ایس یونٹ کے رسمی ترجمے کے بغیر جاری کیا گیا
اصل انگریزی ورژن کا غیر سرکاری ترجمہ *Canadian Orientation Abroad Participant Workbook: A pre-departure guide for newcomers to Canada*.

تجویز کردہ حوالہ: IOM، کینیڈین اورینٹیشن آبروڈ (بیرون ملک مہاجرین کیلئے کینیڈا کا تعارف) ورک بک برائے شریک کار عازمین کینیڈا کیلی قبل از روانگی راہنما کتاب (2020) جنیوا۔

---

ISBN 978-92-9268-175-3 ( پرنٹ کریں )
ISBN 978-92-9268-519-5 (PDF)

© **IOM 2022**

کچھ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کام
**Creative Commons Attribution-NonCommercial-NoDerivs 3.0 IGO License (CC BY-NC-ND 3.0 IGO).**
کے تحت دستیاب کیا گیا ہے
مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم کاپی رائٹ اور استعمال کی شرائط دیکھیں۔
اس اشاعت کا استعمال، اس کی دوبارہ اشاعت یا تقسیم ان مقاصد کے لیے نہیں کی جانی چاہیے جو بنیادی طور پر تجارتی فائدے یا مالی معاوضے کے لیے ہوں البتہ اِسے تعلیمی مقاصد کے لیے اِستعمال کیا جا سکتا ہے ، مثلاً نصابی کتب میں شامل کرنا ۔
اجازتیں: تجارتی استعمال یا مزید حقوق اور لائسنسنگ کے لیے درخواستیں **publications@iom.int** پر جمع کرائی جائیں۔

* https://creativecommons.org/licenses/by-nc-nd/3.0/igo/legalcode

PUB2023/005/U

# فہرست عنوانات


QR کوڈ استعمال کرنے کی ہدایات — صفحہ i
رموزوعلامات — صفحہ ii
سرگرمیاں — صفحہ vi


1. کینیڈا کا جائزہ — صفحہ 1
2. سفر — صفحہ 35
3. اعانت اور خدمات — صفحہ 63
4. رہائش — صفحہ 81
5. صحت — صفحہ 93
6. تعلیم — صفحہ 107
7. ملازمت — صفحہ 123
8. بجٹ — صفحہ 141
9. نقل وحمل — صفحہ 159

نقشہ جات — اندرونی پچھلا صفحہ

# QR کوڈ استعمال کرنے کا طریقہ

اس ورک بک میں آپ کو اس طرح کی علامات نظر آئیں گی جن کا مقصد اہم مضامین سے متعلق اضافی معلومات کے لئے آپ کی راہنمائی کرنا ہے۔ انہیں کوئیک رسپانس (QR) کوڈ کہتے ہیں۔ نیچے دیئے گئے طریقے کے مطابق آپ سمارٹ فون یا ٹیبلٹ کا کیمرہ استعمال کرکے QR کوڈز کے ذریعہ انٹرنیٹ پر اضافی معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے آپ کو انٹرنیٹ کنکشن کی ضرورت ہوگی۔

1. چیک کریں کہ آپ کا موبائل کیمرہ QR کوڈ پڑھ سکتا ہے، یا آپکو QR کوڈ ریڈر ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہے۔



2. تسلی کر لیں کہ آپ کا موبائل انٹرنیٹ سے منسلک ہے۔



3. اپنے موبائل کا کیمرہ یا اس کا QR کوڈ ریڈر کھولیں۔



4. اپنے موبائل کیمرہ کو QR کوڈ پر رکھیں۔ اس بات کو خیال رہے کہ کیمرہ اسکرین پر مرکوز رہے۔



5. کوڈ کے سکین ہونے کا انتظار کریں۔




6. QR کوڈ کا مواد کھولیں اور مزید معلومات سے مستفید ہوں۔






اس ورک بک میں QR کوڈز آپ کو قابل اعتماد ویب سائٹوں کے لنک مہیا کرتے ہیں جن میں انگریزی، فرانسیسی اور کچھ دوسری زبانوں میں معلومات موجود ہوتی ہیں۔ اگر آپ ویب سائٹ پر دی گئی زبان نہیں جانتے تو آن لائن مترجم استعمال کرسکتے ہیں۔




## رموز

اس ورک بک میں آپ مختلف معانی والی رموز دیکھیں گے۔ رموز کی مختصر تفصیل دی گئی ہے- ورک بک میں ان رموز اور ان کے معنی کے بارے میں مزید معلومات دی گئی ہیں۔



1. حکومت کینیڈا



2. کیوبیک کے بارے میں معلومات



3. کینیڈا کے مقامی لوگ



4. کینیڈا یا کینیڈین




5. کینیڈا کے علاوہ دوسرے ممالک



6. جغرافیائی محل وقوع



7. معذور افراد



8. مختلف جنسی خصوصیات، صنفی شناخت، صنفی اظہار، یا جنسی رجحان



9. مختلف مذاہب



10. امداد اور اعانت



11. مالی اعانت



12. اعانت برائے فوری آباد کاری



13. حکومتی تعاون سے چلنے والی تنظیمیں



14. مہاجرین کے نجی کفیل (پرائیویٹ سپانسر)



.15 کینیڈا میں حقوق



.16 کینیڈا کے قوانین



.17ذاتی معاملات، حفاظت، یا سلامتی




.18 اجازت یافتہ یا قانونی



.19 غیراجازت یافتہ یا قانونی



.20 ناپسندیدہ یا مخالف



.21 وقت گزاری




.22 معینہ وقت یا مدت



.23 معلومات




.24 تلاش




.25 تعلیمی ڈگریاں یا اسناد




.26 کوائف نامہ (تعلیم و تجربہ)



.27 شادی



.28 ایک فرد (جنس کی کوئی قید نہیں)

## مشقیں

اس کتاب میں دی گئی مشقیں آپ کو کینیڈا میں زندگی گزارنے سے متعلق اہم معلومات فراہم کریں گی۔ ہر مشق کے آغاز میں کچھ ہدایات دی گئی ہیں، انہیں غور سے پڑھیں۔ کچھ مشقوں میں پہلے سوال کا جواب سرخ رنگ سے لکھا گیا ہے تاکہ آپ سمجھ سکیں کہ باقی سوالات کے جواب کیسے دیے جائیں۔ درست جوابات کے لئے صفحے کے نیچے دی گئی جوابی کلید کو دیکھیں جسے الٹا لکھا گیا ہے۔

اس ورک بک میں مندرجہ ذیل مشقیں شامل ہیں:

ا) نقشہ سے متعلق مشقیں
نقشہ میں لوکیشن تلاش کریں اور اس پر ✗ کا نشان لگائیں۔

ب) درست معلومات کو ملانے کی مشقیں
نمبروں اور حروف کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

پ) درستگی کی مشقیں
سوال پڑھیں اور خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔

ت) نشاندہی کی مشقیں
تصویروں کو دیکھیں اور متعلقہ خانے میں درست علامت لگائیں۔

ٹ) خالی جگہ پر کرنا
خالی جگہوں کو درست معلومات سے پر کریں۔

ث) ترتیب وار لکھنے کی مشقیں
بیانات پڑھیں اور خانے میں اول سے آخر کی ترتیب میں نمبر لکھیں۔

ج) تصویری کہانی
تصویروں کی ترتیب کو بغور دیکھیں اور کہانی لکھیں۔

ایسے سوالات جن پر مزید غور کرنے کی ضرورت ہے وہ ایک خانے میں اس طرح نظر آئیں گے۔

اہم معلومات جنہیں یاد رکھنا ضروری ہے وہ ایک خانے اس طرح نظر آئیں گی۔

# یاد داشتیں / نوٹس :

# یونٹ 1

# کینیڈا کا جائزہ








# یونٹ 1
# کینیڈا کا جائزہ

## 1.1 کیا آپ کینیڈا کے بارے میں یہ باتیں جانتے ہیں؟


کینیڈا دلکش قدرتی مناظر سے مزین کرہ ارض کا دوسرا بڑا ملک ہے۔ یہاں اونچے پہاڑ، وسیع میدان، جنگلات، بہت سی جھیلیں اور دریا ہیں۔



آج کا کینیڈین معاشرہ عمر، نسل، مذہب، صنف، جنسی رجحان، صلاحیتوں اور معاشی حیثیت کے لحاظ سے ایک متنوع معاشرہ ہے۔



مقامی لوگوں نے، جو یورپی آباد کاروں کی آمد سے بہت پہلے یہاں آباد تھے، اس سرزمین پر ترقی کی منازل طے کیں جسے ہم آج کینیڈا کے نام سے جانتے ہیں۔ یہ لوگ زبانی اور تحریری تاریخ سے پہلے زمانہ قدیم سے یہاں موجود تھے۔



وسیع ترقبے پر پھیلے ہونے کے باوجود کینیڈا میں بہت کم لوگ آباد ہیں۔ موجودہ اندازے کے مطابق کینیڈا کی آبادی ________________ ہے۔




”کینیڈا“ کا نام ہورون-آئروکوئس (پہلی اقوام) کے لفظ کناٹا سے ماخوذ ہے۔ اس کا مطلب محفوظ جگہ، گاؤں یا آبادی ہے۔



کینیڈا میں وزیراعظم ہوتا ہے، صدر نہیں۔ علامتی طور پر ریاست کا سربراہ برطانیہ کا موجودہ بادشاہ یا ملکہ ہیں۔ لیکن ان کا حکومتی معاملات میں کوئی عملی اختیار نہیں ہوتا۔




کینیڈا ایک جمہوری ملک ہے جہاں منتخب نمائندوں پر مشتمل ایوانِ عام (ہاؤس آف کامنز) اور مقرر کردہ ارکان کی سینیٹ ہوتی ہے۔




کینیڈا میں 200 سے زائد زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ان میں قدیم مقامی زبانیں اور یہاں آباد تارکین وطن کی زبانیں شامل ہیں ۔


## 1.2 کینیڈا کی بانی قومیں



کینیڈا کے بانی تین طرح کے لوگ ہیں: مقامی، فرانسیسی اور برطانوی۔ تاہم، کینیڈا کی پوری تاریخ گواہ ہے کہ غیر ملکی مہاجرین نے یہاں کی معاشرتی تعمیر وترقی میں مرکزی کردار ادا کیا ہے۔



1. "مقامی لوگ" روزِ اول سے اس سرزمین پر، جسے آجکل کینیڈا کہتے ہیں، سکونت پذیر ہیں۔ یہ اقوام یورپی آبادکاروں کی آمد سے بہت پہلے یہاں آباد تھیں۔ ان کی اپنی معیشتیں، زبانیں اور ثقافتیں تھیں۔





موجودہ وقت میں کینیڈا کی تقریباً 5 فیصد آبادی مقامی باشندوں پر مشتمل ہے۔

انہیں تین مخصوص گروہوں میں پہچانا جاتا ہے۔

### ا) اقوام اول


اقوام اول میں سینکڑوں قسم کی مختلف اقوام شامل ہیں۔یہاں 60 سے زائد قدیمی زبانیں بولی جاتی ہیں جنھیں یہ اقوام مسلسل استعمال کے ذریعے زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ یہ قومیں کینیڈا کے شہروں اور دیہات دونوں میں رہائش پذیر ہیں۔ ان میں سے تقریباً آدھے لوگ ایسی جگہوں پر آباد ہیں جنھیں ان کے لیے مخصوص کیا گیا ہے، ان کو 'ریزروز' کہاجاتا ہے۔ بہت سے لوگ خود مختار اقوام کی طرح رہتے ہیں جہاں وہ مقامی معاملات اور مسائل کے بارے میں آزادی سے فیصلے کرتے ہیں۔






**ب) انیوٹ**

عام طور پر یہ لوگ کینیڈا کے وسیع شمالی خطے میں چھوٹے گروہوں کی صورت میں رہتے ہیں۔ ان کی زبان 'انکٹیٹٹ' میں انیوٹ کا لفظی مطلب ہے "لوگ"۔ زمین، سمندر اور جنگلی حیات کا علم انہیں سخت آرکٹک (تزویراتی) ماحول میں زندگی گزارنے کے قابل بناتا ہے۔ یہ لوگ آج بھی شکار اور ماہی گیری کے ذریعے خوراک حاصل کرتے ہیں؛ سیل، وہیل اور کیریبو مچھلیاں ان کی خوراک کا حصہ ہیں۔




**پ) میٹیس**

یہ لوگ دراصل "فر/کھالوں" کے یورپی تاجروں اور اقوامِ اول کی عورتوں کی اولاد ہیں۔ میٹیس نے اپنی مخصوص ثقافت و روایات کی وجہ سے کھالوں کے تجارتی راستوں پر آباد لوگوں میں اپنی الگ شناخت بنائی۔ یہ لوگ پورے کینیڈا، خاص طور پر اونٹاریو اور مغربی صوبوں میں رہ رہے ہیں۔




یورپی آباد کاروں نے سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں یہاں اپنی نوآبادیاں بنا کر رہنا شروع کیا۔ نوآبادیات کا مطلب ہے ایسے علاقے پر آبادکاری یا اس پر قابض ہونا جو اصل میں دوسروں کی ملکیت ہو۔ درحقیقت یورپی آباد کاروں نے استعماری قوت بن کر مقامی لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کیا۔




2. "فرانسیسی کینیڈین" میں ایکڈیئن، کیوبیکرز اور کینیڈا میں فرانسیسی بولنے والے دیگر لوگ شامل ہیں۔


اکیڈین ان فرانسیسی آباد کاروں کی اولاد ہیں جو موجودہ اٹلانٹک خطے میں آباد ہوئے تھے۔ آج اکیڈین ثقافت پھل پھول رہی ہے اور فرانسیسی بولنے والے کینیڈا کے روحِ رواں ہیں۔




کیوبیک میں رہنے والے لوگ کیوبیکرز ہیں۔ یہ ان فرانسیسی آبادکاروں کی اولاد ہیں جو 1600 اور 1700 عیسوی کے درمیان یہاں آباد ہوئے۔ کیوبیکرز کی اپنی الگ شناخت، ثقافت اور زبان ہے۔ آج کل تقریباً دس لاکھ فرانسیسی بولنے والے لوگ کیوبیک کے علاوہ کینیڈا کے دوسرے صوبوں میں رہتے ہیں۔




3. "انگلش کینیڈین" کے آباؤاجداد انگریز، ویلش، سکاٹش اور آئرش نسل کے لوگ تھے جو 1600 اور 1900 عیسوی کے درمیان کینیڈا میں آباد ہوئے۔



اکثر مقامی لوگ یورپی آبادکاروں کو اچھا سمجھتے تھے اور ان کے ساتھ پُرامن تجارت کرتے تھے۔ مقامی لوگوں نے یورپی باشندوں کو کینیڈا کی سخت سردیوں سے بچاؤ کی مہارتیں بھی سکھائیں۔



”ٹریٹیز“ وہ معاہدے ہیں جو مقامی لوگوں اور حکومت کینیڈا کے مابین طے پائے۔ اقوام اول میں سے کچھ لوگ سکولوں کے وعدوں، سالانہ ادائیگیوں، شکار اور ماہی گیری کے اجازت ناموں کے عوض اپنی زمینوں سے دست بردار ہوگئے۔ اکثر اوقات مقامی لوگوں اور حکومت نے ان معاہدوں کو مختلف طریقے سے سمجھا جو کہ آج بھی ایک متنازعہ معاملہ ہے۔ کینیڈا کے مقامی لوگوں کی تاریخ کے بارے میں مزید جانکاری آپ کو انہیں بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد دے گی۔



کینیڈا مقامی لوگوں کے احترام ، تعاون، شراکت داری اور ان کی قومی شناخت برقرار رکھنے کی بنیاد پر ان سے تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

کینیڈا کا قانون مقامی لوگوں کے حقوق کو تسلیم کرتا ہے، جن میں شامل ہیں:



1. معاہدے کرنے کے حقوق




2. شکار اور ماہی گیری کے حقوق



3. زمین کے حقوق



4. خود مختار علاقائی نظام قائم کرنے کا حق



بد قسمتی سے کینیڈا کی حکومت کئی معاملات میں مقامی لوگوں کے حقوق کا احترام نہیں کر پائی۔




2008 میں حکومت نے ایک مفاہمتی کمیشن تشکیل دیا۔ اس کمیشن نے ایک رپورٹ جاری کی جس میں مقامی لوگوں، حکومت اور کینیڈین عوام کے مابین پرانی تلخیوں کو بھلا کر با عزت تعلقات کو مستحکم کرنے والے عوامل پر غور کیا گیا۔ مفاہمت کہلائی جانے والی یہ کاوش ایک مسلسل عمل ہے۔

کینیڈا کے تمام رہائشی ملک کے مقامی لوگوں کے ساتھ مفاہمت میں حصہ لیتے ہیں۔

ہدایات: مفاہمت کے مجوزہ اقدامات پڑھیں۔ اگر آپ کینیڈا میں ہوتے تو کیا اقدامات کرتے- ان اقدامات کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



☐ 1. مقامی لوگوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرتے



☐ 2. مقامی لوگوں اور ان کی روایات کا احترام کرتے






☐ 3. مقامی فنکاروں/ہنرمندوں اور مقامی کاروباروں کی معاونت کرتے



☐ 4. مقامی وعلاقائی تقریبات میں حصہ لیتے

## 1.3 کینیڈا کا نقشہ

ہدایات: کینیڈا کا نقشہ دیکھیں۔ اگر آپ کو اپنا رہائشی مقام معلوم ہے تو اسے تلاش کریں اور "❌" کا نشان لگائیں۔




کینیڈا کی جنوبی سرحد ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ ملتی ہے۔

★ اوٹاوا کینیڈا کا دارالحکومت ہے۔ یہ صوبہ اونٹاریو اور صوبہ کیوبیک کے درمیان واقع ہے۔




انگریزی اور فرانسیسی کینیڈا کی سرکاری زبانیں ہیں۔ قانونی طور پر وفاقی حکومت کینیڈا میں انگریزی اور فرانسیسی دونوں زبانوں میں خدمات فراہم کرنے کی پابند ہے۔ کیوبیک سرکاری طور پر فرانسیسی بولنے والا صوبہ ہے۔ نیو برنسوک کی سرکاری زبانیں فرانسیسی اور انگریزی ہیں۔ دیگر صوبوں اور علاقوں میں زیادہ تر لوگ انگریزی بولتے ہیں لیکن پورے کینیڈا میں فرانسیسی بولنے والوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔

کینیڈا میں فرانسیسی بولنے والوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے
“Carte interactive sur les collectivités francophones“
(فرانسیسی بولنے والی کمیونیٹیز کے ساتھ باہمی میل جول کو فروغ دینے کا نقشہ) یہاں کلک کریں:

# 1.4 کینیڈا کی علامتیں

ہدایات: کینیڈا کی علامتوں کو دیکھیں۔ علامت اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1. 

ایگل فیدر (عقاب کا پنکھ)

2. 


انکسک

3. 

انفینیٹی سمبل (لا محدود علامت)

4. 

میپل لیف (میپل کا پتہ)

5. 

بیور

6. 

پوپی (پوست)

ا) میٹیس پرچم پر بنا ہوا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ مقامی اور یورپی ثقافتیں جڑ گئیں، اور میٹیس لوگ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

ب) ایک درخت سے لیا گیا ہے جو کینیڈا میں عام پایا جاتا ہے۔ اس درخت سے ایک میٹھا مشروب تیار ہوتا ہے اور اس کے پتے رنگ بدلتے ہیں۔ یہ کینیڈا کے جھنڈے پر بنا ہوا ہے۔

پ) اقوام اول کا ایک مقدس نشان جو خالق سے تعلق کو ظاہر کرتا ہے- یہ مختلف رسومات میں استعمال ہوتا ہے۔

ت) کینیڈا کی آزادی کے لئے لڑنے اور جان قربان کرنے والے فوجیوں کی یادیں زندہ رکھنے کی علامت۔


ٹ) بہت عرصہ پہلے اس کی کھال کی تجارت کینیڈا کی معیشت کے لئے اہم تھی۔


ث) پتھروں سے بنی ایک انوایٹ علامت جسے پیغام رسانی کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ یہ آرکٹک میں زندہ رہنے کا ذریعہ یا ایک روحانی علامت سمجھی جاتی ہے۔

جوابات: ۱ (پ) ۲ (ث) ۳ (ا) ۴ (ب) ۵ (ٹ) ۶ (ت)

## 1.5 موسم

ہدایات: کینیڈا کے چار موسموں کے بارے میں پڑھیں اور ہر موسم میں آب وہوا اور سردی وگرمی کے بارے میں جانیں۔



# 1.6 مختلف موسمی سرگرمیاں

کینیڈا کے لوگ ہر موسم میں مختلف تفریحی سرگرمیوں کا لطف اٹھاتے ہیں۔

ہدایات: ان موسمی سرگرمیوں کو دیکھیں۔ ہر سرگرمی اور اس سے متعلقہ موسم کو لکیر کے ذریعے ملائیں۔




ا) پھلوں اور سبزیوں کی کٹائی



ب) پھولدار پودے لگانا



چ) پکنک پر جانا







پ) سلیڈنگ (برف پر تختے کے زریعے پھسلنا)



ج) سکیٹنگ



ت) درختوں کے رنگوں سے لطف اندوز ہونا



ش) تیراکی



ٹ) شوگر شیک کی سیر (جہاں میپل سیرپ تیار کیا جاتا ہے)

جوابات: 1 (پ، ج)؛ 2 (ب، ٹ)؛ 3 (چ، ش)؛ 4 (ا، ت)


کینیڈا کی ابتدائی تاریخ میں مقامی لوگوں نے بہت سی اہم ایجادات کیں- آج بھی یہاں کے لوگ اپنی بیرونی سرگرمیوں میں ان ایجادات سے محظوظ ہوتے ہیں اور کینیڈا کے ہر موسم کا لطف اٹھاتے ہیں ۔



## 1.7 کیا آپ موسم سرماکیلئے تیار ہیں؟

کینیڈا میں نئے آنے والے ایسے لوگ جنھیں ٹھنڈ یا انتہائی سرد درجہ حرارت کی عادت نہیں ان کے لئے سردیاں پریشان کن ہو سکتی ہیں- ہلکی ہوا بھی درجہ حرارت کو شدید ٹھنڈا کر سکتی ہے۔ سردیوں میں جسم کو گرم رکھنے کے لئے تہہ در تہہ کپڑے پہنیں۔

ہدایات: جسم کے مختلف حصوں کی تصاویر دیکھیں جو سردی کی وجہ سے خطرے میں ہیں۔ جسم کے ہر حصے اور اس لباس کے درمیان ایک لکیر کھینچیں جو اس کی حفاظت کرتا ہے۔




کینیڈا میں لوگ سارا سال فعال رہتے ہیں اور ہر موسم میں بیرونی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ موسم کی مناسبت سے لباس پہننا ضروری ہے۔

جوابات: 1 (ٹ)؛ 2 (ا)؛ 3 (ث)؛ 4 (ب)؛ 5 (ت)؛ 6 (پ)



# 1.8 کینیڈا کے لوگ

ہدایات: یہ چہرے دیکھیں اور ان خانوں میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جن کے لوگ آپ کو کینیڈا کے باسی لگتے ہیں۔



1. ✓



2.



3.




4.



5.




6.



7.



8.



9.



10.



11.



12.

جواب: 1 (✓)؛ 2 (✓)؛ 3 (✓)؛ 4 (✓)؛ 5 (✓)؛ 6 (✓)؛ 7 (✓)؛ 8 (✓)؛ 9 (✓)؛ 10 (✓)؛ 11 (✓)؛ 12 (✓)

کینیڈا میں نئے آنے والوں کی صلاحیتیں اور معاشرے میں ان کی شمولیت کینیڈا کی کامیابی میں معاون ثابت ہوئی ہے۔ یہ لوگ کام کرتے ہیں، ٹیکس دیتے ہیں، نئے دوست بناتے ہیں اور اپنی کمیونیٹی کے لوگوں سے میل جول بڑھاتے ہیں۔




اس ملک میں ہر 5 میں سے 1 شخص کینیڈا سے باہر کا پیدائشی ہے۔





کینیڈا میں رہنے والوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ عمر، جنس، نسل، معاشرتی طبقے، ازدواجی/خاندانی حیثیت، زبان، مذہب، قومیت، امیگریشن کی حیثیت، جنسی رجحان اور اہلیت یا معذوری سے قطع نظر سب لوگوں کے ساتھ رواداری اور احترام سے پیش آئیں۔


یہ تبھی ممکن ہے جب آپ سیکھ لیں کہ:



1. بات چیت میں اور عملی طور پر دوسروں کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنا



2. اس بات کا احترام کرنا کہ ہر انسان کو اپنی پسند سے زندگی بسر کرنے کا حق حاصل ہے بیشک ان کا طرز زندگی آپ سے مختلف ہو۔



3. بغیر کسی استثنا کے تمام لوگوں کے ساتھ منصفانہ سلوک کو فروغ دینا


وسعت نظری اور آپس کے اختلافات میں لچک اور رواداری کا رویہ اختیار کرنے سے آپ کو کینیڈا کے ماحول اور وہاں زندگی گزارنے کے طور طریقوں سے ہم آہنگ ہونے میں مدد ملے گی۔



## 1.9 تنوع

کینیڈا میں تنوع کو عزت اور اہمیت دی جاتی ہے۔ کینیڈا کا قانون ہر ایک پر یکساں لاگو ہوتا ہے۔ ورک بک کے اگلے صفحات میں آپ کینیڈا میں موجود تنوع کے بارے میں پڑھیں گے۔

ہدایات: کینیڈا میں جنسی خصوصیات ، صنفی شناخت ، صنفی اظہار اور جنسی رجحان اور حقوق میں تنوع کے بارے میں پڑھیں۔



1. جنسی خصوصیات

پیدائش کے بعد انسان کی حیاتیاتی علامات کے مطابق اسے ایک جنسی شناخت دی جاتی ہے- عام طور پر ڈاکٹر یا والدین بتاتے ہیں کہ کوئی اپنی ظاہری شکل وصورت اور جسمانی ساخت کے لحاظ سے مرد ♂ ہے یا عورت ♀ ۔ کچھ لوگ قدرتی طور پر مردانہ اور زنانہ حیاتیاتی خصوصیات کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں ۔ ہر شخص کی انفرادی جنسی خصوصیات ہوتی ہیں۔ آپ اپنے بارے میں غور کریں۔



2. صنفی شناخت

عورت ♀ ، مرد ♂ ، دونوں ⚥ یا کوئی بھی نہیں ⊖ ہونے کا شعوری احساس۔

ہماری صنفی شناخت اس جنس کے مطابق ہوسکتی ہے جو ہمیں وقت پیدائش دی گئی تھی، یا پھر اس سے مختلف۔ ہم سب کی ایک ذاتی صنفی شناخت ہے- کوئی دوسرا ہماری صنفی شناخت کے بارے میں ہماری سوچ پر اثرانداز نہیں ہو سکتا۔ یہ صرف ہم جانتے ہیں۔ اپنی صنف کے بارے میں ہماری سوچ بدل بھی سکتی ہے۔ اپنے بارے میں سوچیں۔




3. صنفی اظہار

ہم اپنی صنفی شناخت کو کس طرح ظاہر / پیش کرتے ہیں۔

انسان اپنی صنف کے اظہار کیلئے مردانہ ♂ ، زنانہ ♀ ، مرکب ⚥ یا کوئی اور شناخت چن سکتا ہے۔ صنفی اظہار مخصوص لباس، بالوں کے سٹائل، میک اپ ، جسمانی انداز ، آواز اور عمومی طرزعمل کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ ان کے علاوہ ہمارے نام اور جنس کے اعتبار سے استعمال کیے جانے والے اسم ضمیر بھی ہماری صنف کو ظاہر کرتے ہیں ۔لوگ مختلف طریقوں سے اپنی صنف کا اظہار کرسکتے ہیں اور یہ ممکن ہے کہ ان میں وقت کے ساتھ تبدیلی آجائے۔سوچئے کہ آپ اپنی صنف کا اظہار کیسے کرتے ہیں۔


### 4. جنسی رجحان



کسی دوسرے کیلئے جسمانی، رومانوی اور جذباتی کشش۔

انسان جنسِ مخالف، کسی ہم جنس پرست، ایک سے زیادہ صنفی شناخت کے حامل افراد، یا کسی ایسے شخص کی طرف راغب ہو سکتا ہے جو کسی بھی صنفی شناخت پر یقین نہیں رکھتا۔ ہر شخص کا ایک انفرادی جنسی رجحان ہوتا ہے جس میں تبدیلی بھی آ سکتی ہے۔ سوچیے کہ آپ کس طرف راغب ہیں۔

کینیڈا کا قانون لوگوں کو ان کی جنسی خصوصیات ، صنفی شناخت ، صنفی اظہار اور جنسی رجحان کی بنیاد پر ہونے والے غیر منصفانہ سلوک سے محفوظ رکھتا ہے۔



ا) شادی ہر انسان کا قانونی حق ہے، چاہے وہ جنسِ مخالف سے ہو یا کسی ہم جنس سے ۔

ب) اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ اس کی صنفی شناخت پیدائش کے وقت تفویض کردہ جنس سے مختلف ہے تو قانونی طور پر اسے اپنی جنس تبدیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ کینیڈا کے پاسپورٹ اور شناختی دستاویزات پر لوگوں کو "مرد"، "عورت" یا "دوسری صنف" (X) کا انتخاب کرنے کی اجازت ہے۔




پ) کینیڈا میں ہر شخص کو اپنے جنسی رجحان، صنفی شناخت اور صنفی اظہار کو اپنے منتخب انداز میں ظاہر کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔



کینیڈا میں یورپی آباد کاروں کی آمد سے قبل ہی یہاں مختلف صنفی شناخت کے حامل افراد مقیم تھے۔ آجکل ایسے مقامی افراد جن کی صنفی شناخت مرد یا عورت کے علاوہ ہو، وہ "دو روحوں والے" کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ کچھ مقامی لوگ انہیں روحانی طور پر بھی اہمیت دیتے ہیں۔



# 1.10 کینیڈا میں معذور افراد

معذور افراد میں ایسے لوگ شامل ہیں جنھیں جسمانی نقائص، محدود حرکت یا کام کرنے میں دشواری کا سامنا ہو۔ کچھ افراد کی معذوری نظر آتی ہے اور کچھ کی نہیں- معذوری پیدائشی بھی ہوسکتی ہے اور کوئی شخص کسی چوٹ، بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے بھی معذوری کا شکار ہوسکتا ہے۔




کینیڈا میں ہر 5 میں سے 1 فرد میں کم از کم ایک معذوری پائی جاتی ہے۔



کینیڈا کے ہر فرد کی طرح معذور افراد کو بھی اپنی زندگی کے تمام پہلوؤں سے لطف اندوز ہونے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ یا آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی معذوری کا شکار ہے تو اپنے حقوق کا استعمال کریں اور جو لوگ آپ کی مدد کر رہے ہیں انہیں اپنی ضروریات سے آگاہ کریں۔



کینیڈا میں کاروبار، سکول، مختلف تنظیمیں اور سماجی کمیونٹیز معذور افراد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کام کر رہی ہیں۔




ان میں شامل ہیں:




1. قابلِ رسائی عوامی مقامات اور عوامی نقل و حمل (پبلک ٹرانسپورٹ) کا قیام



2. معذور افراد کو تعلیم کے لئے وظائف یا مالی مدد فراہم کرنا



3. کام کی جگہوں میں ایسی تبدیلیاں لانا جن کی وجہ سے معذور افراد آسانی سے کام کر سکیں



4. روزگار، تعلیم، رہائش اور روزمرہ زندگی کے دیگر پہلوؤں میں معذور افراد کے ساتھ غیر مساوی سلوک کی حوصلہ شکنی





کینیڈا میں ایسی خدمات (سروسز) موجود ہیں جو آپ کی معذوری یا آپ کے خاندان کے کسی معذور فرد کی دیکھ بھال پر آنے والے اخراجات میں مدد کرسکتی ہیں۔ مزید معلومات حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیموں یا اپنے کفیل (سپانسر) سے حاصل کریں۔



# 1.11 کینیڈا میں معذور افراد سے بات چیت کرنا

ہدایات: معذور افراد کی تصویریں دیکھیں۔ ہر تصویر اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1. 

2. 

3. 

4. 

5. 

6. 

ا) معذور شخص سے براہِ راست بات کریں؛ کسی ایسے شخص کے ذریعے مخاطب نہ ہوں سے جو اس کی مدد کر رہا ہو۔

ب) یہ مت سمجھیں کہ معذور شخص کچھ نہیں کر سکتا۔

پ) انسان کو دیکھیں اس کی معذوری کو نہیں۔

ت) کسی معذور شخص یا اس کے مددگار آلہ کو اس کی اجازت کے بغیر ہاتھ نہ لگائیں۔


ٹ) معذور شخص کی مدد کرنے سے پہلے اس سے پوچھ لیں۔

ث) کسی بھی معذور شخص کو "ابنارمل" نہ کہیں۔


جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ث)؛ 3 (ا)؛ 4 (ب)؛ 5 (ٹ)؛ 6 (ت)

یونٹ 1: کینیڈا کا جائزہ

# 1.12 کینیڈا میں امتیازی سلوک




کسی کو وہ کام کرنے سے روکنا جو دوسرے لوگ آزادانہ طور پر کر سکتے ہوں، امتیازی سلوک ہے۔ امتیازی سلوک سے مراد ہے دوسروں سے غیر مساوی سلوک کرنا اور منفی رویہ اختیار کرنا۔



کینیڈا میں لوگ امتیازی سلوک کی موجودگی کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس کے باوجود کہ کینیڈا ایک کثیر الثقافتی اور سب کی پذیرائی کرنے والا معاشرہ ہے، یہاں کے ہر 5 میں سے 1 فرد کو امتیازی سلوک کا سامنا ہے۔

امتیازی سلوک مختلف طریقوں سے کیا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات اس کی نشاندہی آسان ہوتی ہے لیکن کچھ صورتوں میں یہ پوشیدہ رہتا ہے۔

امتیازی سلوک روزمرہ معمول کی شکل اختیار کر سکتا ہے جیسے کہ کسی پر فقرے کسے جائیں یا ڈھکے چھپے انداز میں توہین کرتے رہنا۔ دوسروں کی ہتک و توہین کرنے کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:




1. کسی کو کم عقل سمجھ کر برتاؤ کیا جائے



2. مشکوک سمجھا جائے



3. کمتر خدمت گار سمجھا جائے




4. خدمات تک رسائی میں غیر منصفانہ سلوک کا سامنا

کینیڈا کا قانون شناخت کی بنیاد پر دوسروں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کو غیر قانونی قرار دیتا ہے۔



ہدایات: کینیڈا میں امتیازی سلوک کی چند مثالوں پر غور کریں۔ ہر مثال اور متعلقہ امتیازی سلوک کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔



1. ”آپ کس ملک سے آئے ہو؟ اپنے گھر واپس جاؤ!“



2. ”ہماری ٹیم کھلاڑیوں کو سر ڈھانپنے کی اجازت نہیں دیتی ، تم نہیں کھیل سکتے۔



3. ”لفٹ ٹوٹی ہوئی ہے “



ا) معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک




ب) قومیت پر مبنی تفریق



پ) مذہب پر مبنی تفریق

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (پ)؛ 3 (ا)



4. 

دو مردوں نے سرعام ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ رکھا ہے! بے شرم کہیں کے!

5. 




"خواتین یہ کام نہیں کر سکتیں۔"

6. 

"آپ جیسے لوگ یہاں سے خریداری نہیں کر سکتے!"

7. 

"اگر ان جیسے لوگ نقل مکانی کر کے یہاں آتے رہے تو ہمارا پڑوس غیر محفوظ ہو جائے گا۔"




ت) صنفی شناخت پر مبنی امتیازی سلوک



ٹ) صنف پر مبنی تفریق



ث) پسندیدگی یا محبت کی بنیاد پر امتیازی سلوک (جنسی رجحان)



ج) نسلی امتیاز

جوابات: 4 (ت)؛ 5 (ٹ)؛ 6 (ث)؛ 7 (ج)


# 1.13 کینیڈا میں امتیازی سلوک

کینیڈا میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ امتیازی اور غیر منصفانہ طریقوں اور ضابطوں کے بارے میں باعزت طریقے سے سوال اٹھائیں۔


ہدایات: کینیڈا میں امتیازی سلوک سے نمٹنے کے طریقوں کے بارے میں مندرجہ ذیل تجاویز پر غور کریں۔ یہاں رہتے ہوئے آپ کو کیا کرنا چاہیے، اس سے متعلقہ خانے پر چیک کا "✓" نشان لگائیں۔




☐ 1. اپنی خوبیوں کے بارے میں سوچیں۔



☐ 2. کسی ایسے شخص سے بات کریں جس پر آپ کو بھروسہ ہو۔



☐ 3. اگر ممکن ہو تو امتیازی برتاؤ کرنے والے کو منع کریں۔





☐ 4. واقعہ کی تفصیلات لکھیں:
کیا پیش آیا، متعلقہ نام، تاریخ، وقت اور جگہ نوٹ کریں۔ اس سے ظاہر ہو گا کہ کہیں امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے یا نہیں۔



☐ .5 ذہنی امراض کے مستند معالج سے مدد لیں۔



☐ .6 رہنمائی کے لئے آپ مقامی پولیس کے غیر ہنگامی فون نمبر پر کال کرسکتے ہیں۔



☐ .7 اگر آپ کو ہراساں کیا جا رہا ہے تو چیک کریں کہ آپ کے آجر نے ہراسگی کی روک تھام کے لئے کیا پالیسی بنائی ہے- وہاں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔




☐ .8 اگر آپ کو کوئی خطرہ ہے تو 911 پر فون کریں۔

امتیازی سلوک بعض اوقات تشدد کا سبب بن سکتا ہے- کینیڈا میں تعصب کی بنیاد پر تشدد عام نہیں۔ اس قسم کا رویہ قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے۔


# 1.14 کینیڈا میں لوگوں کا طرزِ عمل

آپ کینیڈا میں عوامی جگہوں پر لوگوں کے کچھ ایسے طور طریقوں کا مشاہدہ کریں گے جو آپ یا آپ کے جاننے والوں سے قدرے مختلف ہو سکتے ہیں۔


ہدایات: کینیڈا میں عام لوگوں کا طرزِ عمل دیکھیں۔ جو طرزِ عمل آپ کے لئے نیا ہو اس خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



☐ 1. قطار میں کھڑے ہونا




☐ 2. جوڑوں کا بوس وکنار کرنا (یہ ہم جنس بھی ہو سکتے ہیں)




☐ 3. آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا



☐ 4. کسی اجنبی کو مسکرا کر دیکھنا یا ملنا




☐ 5. مذہبی لباس یا کوئی دوسری مذہبی علامت پہننا



☐ 6. بہت چھوٹی اور بغیر آستین والی قمیض پہننا




☐ 7. عوامی جگہ پر بچے کو دودھ پلانا



☐ 8. بغلوں کی بدبو دور کرنے والی اشیاء کا استعمال

کینیڈا میں سرعام کوڑا پھینکنا، تھوکنا، پیشاب کرنا اور اپنا منہ ڈھانپے بغیر کھانسنا یا چھینکنا ناقابل قبول رویے سمجھے جاتے ہیں۔



یونٹ 1: کینیڈا کا جائزہ

# 1.15 کینیڈا کا قانون

کینیڈا میں قوانین تین قسم کے ہیں۔



**1. وفاقی قوانین**

یہ قوانین کینیڈا میں رہنے والے ہر فرد پر لاگو ہوتے ہیں۔ اس کی مثال امیگریشن اور انکم ٹیکس سے متعلق قوانین ہیں۔



**2. صوبائی اور علاقائی قوانین**

یہ قوانین صوبے یا علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ مثال کے طور رہائش، صحت، تعلیم اور خاندان سے متعلق قوانین۔




**3. بلدیاتی قوانین**


یہ قوانین شہر یا قصبے کی سطح پر لاگو ہوتے ہیں۔ ان میں شور کرنے، تمباکو نوشی ، کوڑا پھینکنے یا کار پارک کرنے سے متعلق قوانین شامل ہوسکتے ہیں۔




ا ) کینیڈا کے قانون میں کوئی شخص اس وقت تک بے قصور سمجھا جاتا ہے جب تک اس کا جرم ثابت نہ ہوجائے۔



ب) کینیڈا کی پولیس ہر ایک کے ساتھ برابری کا سلوک کرتی ہے۔ ہنگامی صورت میں وہ آپ کی مدد کرسکتی ہے۔



پ) کینیڈا میں ہر جنس اور صنف کے پولیس افسر موجود ہیں۔



ت) پولیس کا کام ہے عوام کی حفاظت کرنا، جرائم کی تفتیش اور جرائم سے متاثرہ افراد کی مدد کرنا۔ وہ لوگوں کو گرفتار کرسکتی ہے اور قانون کے تحت ان پر فردِ جرم بھی عائد کرسکتی ہے ۔

قوانین کا علم اور قانون شکنی کی صورت میں اس کے نتائج کے بارے میں جاننا اور سمجھنا آپ کی ذمہ داری ہے ۔



# 1.16 کینیڈا میں غیر قانونی کام

ہدایات: کینیڈا میں درج ذیل غیر قانونی سرگرمیوں کو دیکھیں۔ اگر نتیجہ جرمانہ ہے تو خانے میں "$" کا نشان لگائیں۔ اگر نتیجہ جیل ہے تو خانے میں "III" کا نشان لگائیں۔



1. بغیر اجازت آتشیں اسلحہ رکھنا — III



2. سیٹ بیلٹ باندھے بغیر گاڑی چلانا



3. عوامی مقامات پر سگریٹ نوشی



4. گاڑی چلاتے وقت کسی اور کام میں مشغول ہونا



5. بغیر لائسنس ماہی گیری یا شکار



6. ناپسندیدہ جنسی چھیڑ چھاڑ یا آوازیں کسنا



7. کسی کو جسمانی تکلیف دینا، چاہے وہ آپ کے خاندان کا فرد ہو

جوابات: 1 (III); 2 ($); 3 ($); 4 ($); 5 ($); 6 ($ یا III); 7 (III)


8. کسی سرکاری عہدیدار کو رشوت دینا




9. غیر قانونی منشیات کی فروخت ، استعمال یا نقل و حرکت



10. ایک وقت میں ایک سے زیادہ شادیاں




11. بچوں کی ننگی تصاویر بنانا، شیئر کرنا یا اپنے پاس رکھنا



12. نشے کی حالت میں گاڑی چلانا (منشیات ، شراب ، دوائیاں)




13. کسی کی زبردستی شادی کروانا



14. بچوں کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرنا



15. خواتین کے تناسلی اعضاء کاٹنا



ان میں سے کینیڈا کا کون سا قانون آپ کے لئے نیا ہے؟

جواب: 8 (III); 9 (III); 10 (III); 11 (III); 12 (III); 13 (III); 14 (III); 15 (III)


یونٹ 1: کینیڈا کا جائزہ

# 1.17 کینیڈا میں قانونی کام



کینیڈا میں لوگوں کو ایسی آزادیاں میسر ہیں جو شاید آپ کے ملک میں نہ ہوں۔ لیکن آپ سے یہ نہیں کہا جائے گا کہ آپ ان چیزوں کو صرف اس لئے اپنائیں یا تسلیم کرلیں کیونکہ آپ کینیڈا میں رہتے ہیں۔ تاہم آپ سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ آپ اس بات کا احترام کریں کہ اپنی مرضی سے ان آزادیوں کا استعمال دوسروں کا حق ہے چاہے آپ کے لئے وہ غلط ہوں۔

1. 18 سال کے بالغ افراد کا اپنی مرضی سے شادی کا فیصلہ کرنا، بیشک وہ ان کے ہم جنس کے ساتھ ہو۔



2. حمل گرانا (اسقاط حمل)



3. بھنگ کی مصنوعات استعمال کرنا (صرف بالغ افراد)



4. شراب/الکحل کا استعمال کرنا (صرف بالغ افراد)



5. کسی لاعلاج مرض کے باعث طبعی موت سے پہلے مرنے کیلئے ڈاکٹر کی مدد حاصل کرنا۔



6. حکومت کے خلاف پرامن احتجاج کرنا



7. بغیر شادی کئے یا ہم جنس پرست جوڑوں کا بچے پیدا کرنا



8. اپنی مرضی کا مذہب اپنانا یا بے مذہب ہونا








9. قانونی طور پر جنس تبدیل کرنا (مرد ♂، عورت ♀ ، یا کوئی اور جنس (X)




کینیڈا میں سن بلوغت 18 یا 19 سال ہے۔ مختلف صوبوں یا علاقوں میں یہ عمر مختلف ہو سکتی ہے۔



# 1.18 خاندانی رہن سہن



کینیڈا میں خاندانی طور طریقے آپ کے علاقائی رہن سہن سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ ہر خاندان میں مختلف افراد مختلف قسم کی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔



1. ایک نئے ملک میں منتقل ہونے سے خاندانی زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ یہاں اکثر اوقات خاندان کے افراد کی ذمہ داریاں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ یہ تبدیلیاں تناؤ کی صورتحال پیدا کر سکتی ہیں۔



2. ان تبدیلیوں سے نمٹنے کے مؤثر طریقے موجود ہیں جیسا کہ گھر والوں سے بات چیت کرنا اور مشکلات کے شکار افراد کی مدد کرنا۔



3. کینیڈا میں نئے آنے والے کچھ والدین کے مطابق یہاں رہنا انہیں مشکل لگتا ہے۔ ان کے بچے کینیڈا کے کلچر کو ان کی نسبت زیادہ تیزی سے اپنا لیتے ہیں۔ ایسی صورت میں یہ ممکن ہے کہ والدین اپنے بچوں کے رہن سہن سے متفق نہ ہوں۔ مثال کے طور پر ان کا لباس، بول چال یا طرزِ عمل والدین کیلئے قابلِ اعتراض ہو سکتا ہے۔

تناؤ کی صورتحال میں یاد رکھیں کہ کینیڈا میں خاندانی تشدد غیر قانونی ہے۔ مزید معلومات کیلئے یہ پڑھیں:

ہدایات: خاندانی تشدد کی مثالیں دیکھیں۔ ہر مثال اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1.


2.


3.


4.


5.


6.


ا) کسی بچے یا بڑے کی ضروریات کو نظر انداز کرنا

ب) دستاویزات قبضہ میں لے لینا یا گھر کے کسی دوسرے فرد کی رقم کا غلط استعمال کرنا

پ) گھر کے کسی فرد کو مارنا


ت) خاندان کی عزت یا غیرت کے نام پر کسی فیملی ممبر کو قتل کرنا

ٹ) زبانی اور/یا جذباتی بدسلوکی

ث) گھر کے کسی فرد کے ساتھ زبردستی جنسی عمل کرنا

جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ث)؛ 3 (ب)؛ 4 (ٹ)؛ 5 (ا)؛ 6 (ت)

شادی شدہ افراد میں سے کوئی ایک یا دونوں اگر شادی برقرار نہیں رکھنا چاہتے تو وہ اپنے شریک حیات سے علیحدگی کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ کینیڈا میں طلاق صرف عدالت کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے۔ اگر بچے ہیں تو طلاق کی صورت میں دونوں والدین پر لازم ہے کہ وہ اپنے بچوں کی مالی ضروریات پوری کریں اور ان کی دیکھ بھال کیلئے باہمی معاہدہ کریں۔




کینیڈا میں اپنی امیگریشن کی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے آپ کو پرتشدد رشتے میں بندھے رہنے کی ضرورت نہیں۔ اپنی مستقل رہائشی حیثیت کو برقرار رکھنے کیلئے آپ کا اپنے سپانسر / شریکِ حیات کے ساتھ رہنا ضروری نہیں ہے۔

اگر آپ کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، کسی بھی طرح سے نقصان پہنچایا جارہا ہے یا تشدد کا خطرہ ہے تو آپ:




1. ہنگامی صورتحال میں پولیس کو 911 پر فون کریں۔
2. سماجی اور صحت کی خدمات کے لئے 211 پر کال کریں یا 211.ca ملاحظہ کریں۔
3. www.sheltersafe.ca پر کوئی شیلٹر / پناہ گاہ تلاش کریں۔



4. کسی پیشہ ور صلاح کار سے بات کریں اور مشورہ لیں۔





# 1.19 کینیڈا میں بچوں کی تربیت

کینیڈا کے قوانین بچوں کو نظرانداز کرنے یا بدسلوکی سے بچاتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ ہونے والی بدسلوکی کی متعلقہ حکام کو اطلاع دینا ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ بچوں کی حفاظت اور خاندان کو اکٹھا رکھنے کیلئے مدد دستیاب ہے۔ تاہم، قانون حکومت کو بچے غیر محفوظ گھرانے سے نکال لینے کی اجازت دیتا ہے۔

کینیڈا میں بچوں کی تربیت کے مندرجہ ذیل طریقے ناقابل قبول ہیں:



1. مارپیٹ کرنا، مکہ مارنا، چھڑی سے مارنا یا ٹھڈے مارنا



2. چوٹ پہنچانے یا جان سے مارنے کی دھمکی دینا




3. کھانے یا بنیادی ضروریات سے محروم کرنا



4. نظرانداز کرنا اور پیار سے محروم رکھنا

مندرجہ ذیل صورتوں میں والدین کیا کر سکتے ہیں، اس بارے میں یہ پڑھیں۔



1. جھنجھلاہٹ کی صورت میں پر سکون رہیں۔



2. پختگی، عمر، علم، طاقت اور تجربے میں بچوں اور بڑوں کے مابین فرق کو یاد رکھیں۔



3. بچے کو تھوڑی دیر کیلئے کسی محفوظ جگہ پر اکیلا رہنے دیں تاکہ وہ پرسکون ہو جائے۔




4. بچے کی توجہ بٹانے کیلئے اسے کسی اور سرگرمی میں مصروف کر دیں۔




5. اچھے برتاؤ پر انعام دیں۔



6. ناقابل قبول طرز عمل کے نتائج سے آگاہ کریں۔



7. اگر مشکلات کا سامنا ہو تو دیگر والدین سے رابطے بنائیں۔



8. بچوں کی تربیت کے دیگر طریقوں کے بارے میں کسی پیشہ ور صلاح کار سے



9. مراعات بالکل ختم یا

آپ کے خاندان میں نظم و ضبط کے مذکورہ بالا طریقوں میں سے کون سا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے؟

# یونٹ 2

# سفر



# سفر



## 2.1 آبادکاری: امیدیں اور خوف

کینیڈا میں آکر آباد ہونے والے دو لوگوں سے ملیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کینیڈا میں آکر ان کی زندگی کیسے بدلی تو انہوں نے اپنی نئ زندگی کے بارے میں امید اور خوف دونوں کا اظہار کیا۔

ہدایات: یہ کہانیاں پڑھیں اور کینیڈا میں رہائش کے بارے میں اپنی امیدوں اور خوف سے متعلقہ خانے میں چیک کا "✓" نشان لگائیں ۔

**1.** ______________ سے ملیں۔



اس کی عمر ۲۴ سال ہے۔ وہ تعلیم مکمل کرنے سے پہلے ہی اپنے ملک سے فرار ہو گیا تھا۔ گزشتہ تین سالوں سے وہ اپنے ملک سے دور ایک مہاجر کی حیثیت سے زندگی گزار رہا ہے۔

جب اسے کینیڈا میں دوبارہ آباد کاری کے لئے قبول کیا گیا تو اس نے درج ذیل فہرست بنائی:

اس کی امیدیں یہ ہیں:




☐ ا) اپنی انگریزی یا فرانسیسی زبان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا



☐ ب) ایک محفوظ اور پر امن ملک میں رہائش پذیر ہونا




☐ پ) اپنی تعلیم جاری رکھنا اور خود کفالت کے لئے ملازمت ڈھونڈنا


اس کے خدشات یہ ہیں:



☐ ا) وہ کینیڈا میں تنہا ہو گا



☐ ب) طویل اور سخت سردی میں رہنا ہو گا



☐ پ) اس کی سابقہ تعلیم کو کینیڈا میں تسلیم نہیں کیا جائے گا اور اسے نئے سرے سے تعلیم کا آغاز کرنا ہو گا۔



2. ________________ سے ملیں۔


اس کی عمر 45 سال ہے۔ اس کا شریک حیات فوت ہوچکا ہے۔ وہ پچھلے 15 سال سے ایک مہاجر کیمپ میں مقیم ہے۔ وہ تعلیم یافتہ نہیں ہے اور اپنے دو بچوں کے ساتھ کینیڈا جارہی ہے۔

جب اسے کینیڈا میں آباد کاری کے لئے قبول کیا گیا تو اس نے درج ذیل فہرست بنائی:

اس کی امیدیں یہ ہیں:



☐ ا) اپنے اور اپنے بچوں کا بہتر مستقبل



☐ ب) پرامن ماحول میں رہائش



☐ پ) ایک نئے معاشرے میں اسکا خیر مقدم کیا جائے گا اور وہ نئے دوست بنائے گی

اسے ڈر ہے کہ:




☐ ا) وہ نہ تو انگریزی بول سکتی ہے اور نہ ہی فرانسیسی



☐ ب) وہ اپنے آبائی ملک اور رشتہ داروں سے بہت دور ہوجائے گی



☐ پ) اس کے بچے ایک نئی تہذیب وثقافت میں پروان چڑھیں گے

کینیڈا میں رہنے کے بارے میں امید اور خوف کے ملے جلے جذبات رکھنا ایک عام بات ہے۔ مزید امیدوں اور خدشات کے بارے میں نیچے دی گئی لائنوں پر لکھیں۔

______________________________

______________________________


______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

## 2.2 آپ کا سفر



کینیڈا کا سفر آپ کے لئے لمبا اور تھکا دینے والا ہو گا۔
ہو سکتا ہے آپ کے ملک سے کینیڈا کیلئے کوئی براہ
راست پرواز نہ ہو۔ اپنی حتمی منزل تک پہنچنے کیلئے
آپ کو ایک سے زیادہ پروازں میں سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔
اس سفر میں کئی گھنٹے یا چند دن بھی لگ سکتے ہیں ۔

ہدایات: دنیا کا نقشہ دیکھیں۔ تلاش کریں کہ اس وقت آپ کہاں رہ رہے ہیں۔ وہاں "X" کا نشان لگائیں۔ کینیڈا پر میپل کے پتے کا نشان لگا دیا گیا ہے۔ دونوں مقامات کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔




## 2.3 کینیڈا روانگی


کینیڈا تک آپ کے سفر میں درج ذیل معلومات اہم ہیں۔

ہدایات: اپنے کینیڈا کے سفر کے بارے میں معلومات مکمل کریں۔ ہو سکتا ہے روانگی سے کچھ دن پہلے تک آپ کو یہ ساری معلومات میسر نہ ہوں۔ ان لائنوں پر اپنے سفر سے متعلق معلومات لکھیں یا جوابات پر "O" دائرہ لگائیں۔


1. آپ جس ہوائی اڈے سے روانہ ہوں گے وہ یہ ہے:



.2 وہ ہوائی اڈ ہ جہاں سے آپ کو دوسری
پرواز ملے گی:




.3 آپ کے ملک سے کینیڈا تک سفر میں جتنے گھنٹے
لگیں گے:




.4 کینیڈا کا پہلا ہوائی اڈ ہ جہاں آپ اتریں گے:

ا) ٹورنٹو   پ) وینکوور
ب) مونٹریال   ت) کیلگری




.5 یہ آخری ہوائی اڈہ ہو گا جس پر آپ اتریں گے:



.6 وہ شہر یا قصبہ جہاں آپ کینیڈا میں رہیں گے :



.7 ہوائی اڈے سے آپ کے مطلوبہ شہر جانے کے لئے
جو سواری ملے گی:
ا) ہوائی جہاز
ب) بس
پ) نجی گاڑی یا ٹیکسی




# 2.4 امیگریشن لون / قرض



امیگریشن لون پروگرام کے تحت کینیڈا کی حکومت آپ کے وہاں پہنچنے کے سفری اخراجات آپ کی طرف سے ادا کرتی ہے۔ یہ رقم آپ پر قرض ہوگی جسے واپس کرنا ہوگا۔




1. روانگی سے قبل آپ کو قرض کی دستاویز پر دستخط کرنے کیلئے کہا جائے گا۔ اس میں آپ کے سفر کی لاگت سے متعلق معلومات شامل ہوں گی جس کی ادائیگی کینیڈا آمد کے بعد آپ پر لازم ہوگی۔ یہ کاغذات ایک قانونی دستاویز ہیں۔



2. عام طور پر امیگریشن قرض میں کینیڈا کیلئے روانگی سے لے کر مطلوبہ منزل پر پہنچنے تک آمدورفت کے تمام اخراجات شامل ہوتے ہیں۔



3. کینیڈا پہنچنے کے ایک سال بعد آپ اس قرض کو واپس کرنا شروع کریں گے۔





4. اس قرض پر سود نہیں ہوگا۔



5. حکومت آپ کو ایک تحریر بھیجے گی جس میں بتایا جائے گا کہ آپ یہ قرض کس تاریخ سے ادا کرنا شروع کریں گے، اس میں کتنا وقت لگے گا اور ادائیگی کی صورت کیا ہوگی۔

اگر آپ کو امیگریشن لون سے متعلق کچھ پوچھنا ہے تو 1-800-667-7301 پر کال کریں یا .collection@cic.gc.ca پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔

امیگریشن لون سے متعلق مزید معلومات کیلئے یہ پڑھیں:



6. اگر آپ کو قرض کی ادائیگی میں کسی مشکل کا سامنا ہے تو آپ حکومت کینیڈا کو آگاہ کریں۔ اگر ضرورت ہوئی تو ماہانہ ادائیگیوں کی رقم کو کم بھی کیا جاسکتا ہے۔

# 2.5 سفری سامان کی اقسام



**1. دستی سامان**

یہ سائز میں چھوٹا ہوتا ہے۔ مسافر اسے اپنے ساتھ ہوائی جہاز میں لے جاسکتے ہیں۔ اس کا نشست کے نیچے یا ہوائی جہاز کی سیٹ کے اوپر بنے کمپارٹمنٹ / خانوں میں پورا آنا ضروری ہے۔



**2. چیکڈ سامان / ائرلائن کو جمع کرانیوالا سامان**

یہ عام طور پر بڑے سائز کا سفری بیگ یا سوٹ کیس ہوتا ہے جسے مسافر اپنے ساتھ لے جاسکتے ہیں۔ ائرلائن اسے ہوائی جہاز کے نیچے بنائے گئے سٹوریج ایریا میں رکھتی ہے۔ جب یہ سامان ائرلائن کو دیا جاتا ہے تو عملہ مسافروں کو ایک رسید دیتا ہے۔ اس رسید کو سنبھال کر رکھنا ضروری ہے۔ سامان ضائع یا گم ہونے کی صورت میں اسکی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مسافر اپنی پرواز کے اختتام پر یہ رسید جمع کرا کے اپنا سامان واپس لیتے ہیں۔




**3. ذاتی اشیاء**


ان چھوٹی اشیاء میں ایک لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر بیگ، ایک بریف کیس، ایک پرس یا چھوٹا بیگ شامل ہیں۔

ائرلائن کو جمع کرایا گیا سامان اکثر اوقات سائز، شکل اور رنگ میں ایک جیسا ہوتا ہے۔ آپ نے اپنے سامان کو خود پہچاننا ہے۔ سامان پر اپنا پورا نام لکھیں۔ آسانی سے پہچاننے کیلئے اپنے سامان پر کوئی نشانی بھی لگا لیں۔



# 2.6 سامان کی مقدار

ہر ائرلائن نے سامان کی مقدار مقرر کر رکھی ہے۔ اپنی سفری تفصیلات دیکھیں یا IOM کے سٹاف سے اپنے سامان کی مقدار کے بارے میں پوچھیں۔ اس مقدار میں:









1. آپ کے سامان کا سینٹی میٹر میں زیادہ سے زیادہ حجم - اونچائی، لمبائی اور چوڑائی کی پیمائش

2. سامان کے ہر بیگ کا کلوگرام میں زیادہ سے زیادہ وزن - ترازو کے ذریعے ہر بیگ کا وزن کرلیں

3. ہر مسافر کی عمر کے حساب سے اس کے بیگوں کی تعداد

ہدایات: دی گئی لائنوں پر اپنے سفری سامان کی مقدار لکھیں۔




1. دو سال یا اس سے زیادہ عمر کے مسافر

2سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہر مسافر کو کتنا سامان کینیڈا لانے کی اجازت ہے؟

______________________

______________________




2. سال سے کم عمر مسافر

2 سال سے کم عمر مسافر کو کتنا سامان کینیڈا لانے کی اجازت ہے؟

______________________

______________________

3. ہر بیگ کی زیادہ سے زیادہ لمبائی، چوڑائی، اونچائی اور وزن کیا ہونا چاہیۓ؟



______________________

______________________

______________________

ہوائی جہاز میں 2 سال سے کم عمر مسافر کی اپنی سیٹ نہیں ہوگی لہذا اسے سامان لانے کی اجازت نہیں۔

ائرلائن کی طرف سے طے شدہ سامان کی مقدار پر سختی سے عمل کریں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو ائرلائن آپ کا سامان جمع کرنے سے انکار کر سکتی ہے یا آپ سے اضافی رقم کا مطالبہ کر سکتی ہے۔ یہ رقم عام طور پر بہت زیادہ ہوتی ہے۔

# 2.7 کس بیگ میں کیا رکھنا ہے؟

ہدایات: ان اشیاء کو دیکھیں۔



جو سامان آپ اپنے دستی بیگ میں رکھ سکتے ہیں اس پر گول دائرہ "○" لگائیں۔



جو سامان آپ اپنے ائرلائن کو جمع کرانے والے بیگ میں رکھ سکتے ہیں اس پر مربع "□" لگائیں۔



جو چیز آپ بطور ذاتی سامان رکھ سکتے ہیں اس پر مثلث △ لگائیں۔


ہر قسم کے سامان کی لمبائی، چوڑائی، اونچائی اور وزن کا خیال رکھیں۔



△ 1. کم مقدار میں بچے کا دودھ / فارمولہ اور نیپیاں



☐ 2. لیپ ٹاپ اور ٹیبلیٹ




☐ 3. موبائل فون اور اسمارٹ فون



☐ 4. کیمرے



☐ 5. دیگر الیکٹرانک آلات (110-120 وولٹ والے)



☐ 6. زیورات



☐ 7. کپڑے اور جوتے



☐ 8. کھلونے




☐ 9. مذہبی اشیاء

جوابات: 1(△)؛ 2(△)؛ 3(△)؛ 4(△)؛ 5(□)؛ 6(○)؛ 7(□)؛ 8(□)؛ 9(□)

 = “∆”  = “□”  = “○”




10. ذاتی استعمال کا سامان (بشمول سینیٹری پیڈ)




11. مائع اشیاء، کریم اور جیل کی تھوڑی مقدار (پلاسٹک کی تھیلی میں پیک، ہر بوتل کی مقدار 100 ملی لیٹر سے کم)




12. مائع اشیاء، کریم اور جیل (100 ملی لیٹر سے زیادہ)



13. سگریٹ (200 عدد سگریٹ ، 50 سگار اور 200 گرام تیارشدہ تمباکو)




14. بالوں کا برش، کنگھی اور دانتوں کا برش



15. الکحل (8.5 لیٹر بیئر، 1.5 لیٹر وائن، 1.14 لیٹر شراب)



16. دستاویزات اور اسناد



17. ذاتی تصاویر



18. نقد رقم



19. کتابیں اور ڈکشنریاں




20. دوائیں بمع ڈاکٹری نسخہ



21. ڈبوں میں پیک کھانے کی اشیاء

جوابات: 10 (□)؛ 11 (○)؛ 12 (□)؛ 13 (□)؛ 14 (○)؛ 15 (□)؛ 16 (∆)؛ 17 (○)؛ 18 (∆)؛ 19 (□)؛ 20 (○)؛ 21 (□)

 = “Δ”  = “□”  = “○”




□ 22. یہ ورک بک



□ 23. سفر کیلئے شور نہ کرنے والے کھلونے




□ 24. کھانے کی پیک اشیاء (سنیکس)



□ 25. کپڑے – جیکٹ، جرسی، شرٹ



□ 26. چھتریاں (موسم کے حساب سے)



□ 27. گھڑیاں



□ 28. کتاب یا رسالہ



□ 29. بچہ گاڑی (پرام/سٹرالر)



□ 30. میک اپ کا سامان

آپ کینیڈا میں کتنی رقم لے کر جا سکتے ہیں، اس پر کوئی پابندی نہیں۔ اگر ایک فیملی 10,000 کینیڈین ڈالر (CAD) سے زیادہ نقد رقم یا اسکے برابرمالیت کے چیک/ڈرافٹ وغیرہ لیکر کینیڈا میں داخل ہو تو اسے کسٹم حکام کو بتانا ہو گا۔ بصورتِ دیگر آپ کو جرمانہ یا سزا ہو سکتی ہے۔




آپ کینیڈا میں مختلف صورتوں میں رقم لا سکتے ہیں جیسے نقد رقم، منی آرڈر، چیک، سٹاک یا اپنے مقامی بینک اور کینیڈا کے بینک کے مابین فنڈز کی منتقلی۔ آپ جو رقم ظاہر کریں گے اس سے آپ کو ملنے والی مالی امداد متاثر ہو سکتی ہے۔

جوابات: 22 (□)؛ 23 (○)؛ 24 (○)؛ 25 (○)؛ 26 (○)؛ 27 (○)؛ 28 (○)؛ 29 (Δ)؛ 30 (□)

# 2.8 وہ چیزیں جو آپ کسی صورت ساتھ نہیں لے جا سکتے

کچھ چیزیں ایسی ہیں جنھیں کینیڈا لانے کی اجازت نہیں۔ اگر آپ انہیں کینیڈا لاتے ہیں اور ان کے بارے میں نہیں بتاتے تو وہاں پہنچنے پر آپ کو جرمانہ یا قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔


ممنوعہ اشیاء جنہیں چھوڑنا ضروری ہے وہ یہ ہیں:



1. کھانا (بشمول گوشت، دودھ، دودھ کی مصنوعات، پھل/سبزیاں)




2. پودے، مٹی اور لکڑی



3. جانوروں کے اعضاء اور کھالیں



4. جڑی بوٹیاں، مصالحے اور بیج



5. بڑے الیکٹرانک آلات (بشمول ٹیلی ویژن اور گھریلو بجلی کا سامان)



6. آتشیں اسلحہ، گولہ بارود اور ہتھیار



7. انسانی ہڈیاں




8. گاڑیاں



9. منشیات

## 2.9 دستی سامان میں ممنوعہ اشیاء







1. مائع اشیاء، کریم اور جیل (ہر ایک 100 ملی لیٹر سے زیادہ)



2. تیز دھار اور خطرناک چیزیں (ناخن تراش، ماچس، لائٹر، چھری، آتش گیر مادہ اور کھیلوں کا سامان)



3. کینیڈا میں زندہ جانور لانے پر پابندی ہے۔ خدمت گار جانور لانے کیلئے آپ کو اسکے سفری اخراجات سمیت اسکے طبی ریکارڈ اور ویکسینیشن کی قیمت بھی ادا کرنا ہوگی۔



4. بچوں کے ہمراہ سفر کرنے والے افراد سفر سے پہلے معلوم کر لیں کہ کیا انہیں دستی سامان میں فارمولہ، دودھ اور بچے کا کھانا (چھوٹے ڈبے میں لانے کی اجازت ہوگی۔

# 2.10 سفر سے پہلے

ہدایات: ان چیزوں کو دیکھیں جو آپ سفر کے لئے تیار کرسکتے ہیں۔ ہر عمل اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

ا) ایسی اشیاء کو نکال دیں جو سائز میں بہت بڑی ہیں، یا غیر قانونی ہیں، یا آپ کو کینیڈا میں آسانی سے مل سکتی ہیں۔

ب) اہم اشیاء کو اپنے دستی سامان میں رکھیں۔

پ) اہم دستاویزات کی فوٹو کاپیاں کرالیں۔

ت) تسلی کر لیں کہ آپ کا سامان اچھی طرح بند ہے اور آپ اسے شناخت کر سکیں گے۔

ٹ) جو سامان آپ پیک کرنا چاہتے ہیں اسے اہمیت، حفاظتی پابندیوں اور وزن کے حساب سے اکٹھا کریں۔

1.


2.


3.


4.


5.


سفر والے دن IOM آپ کو IOM کی علامت والا ایک بیگ دے گا۔ اپنے پورے سفر کے دوران اس بیگ کو حفاظت سے رکھیں اور اسے ایسے پکڑیں جہاں سے باآسانی دیکھا جا سکے۔





جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ٹ)؛ 3 (ا)؛ 4 (ت)؛ 5 (ب)


# 2.11 IOM بیگ میں کون کون سی دستاویزات ہوں گی؟





ہدایات: دستاویزات دیکھیں۔ ہر دستاویز اوراس کے نام کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔


1. 

ا) مستقل رہائش کی تصدیق

2. 



3. 

ب) دیگر دستاویزات بشمول ایگزٹ پرمٹ، اگر ضروری ہو


4. 


پ) پاسپورٹ یا سفری دستاویز

ت) ویزا

5. 


ٹ) ہوائی جہاز کا ٹکٹ


6. 

ث) امیگریشن میڈیکل دستاویزات، اگر چاہیے ہوں

مستقل رہائش کا تصدیق نامہ (کنفرمیشن آف پرمانٹ ریزیڈنس) آپ کی سرکاری امیگریشن دستاویز ہے۔ آپ کی آمد کے کئی ہفتوں بعد آپ کو اپنا مستقل رہائشی کارڈ (پرمانٹ ریزیڈنٹ کارڈ) ملے گا۔

مستقل رہائش کا تصدیق نامہ ایک الگ دستاویز ہے۔ اسے ہمیشہ محفوظ جگہ پر رکھیں۔ آپکا مستقل رہائشی کارڈ آسکی جگہ استعمال نہیں ہو سکتا۔

جوابات: 1(پ)؛ 2(ت)؛ 3(ٹ)؛ 4(ث)؛ 5(ا)؛ 6(ب)



کینیڈا کے سفر کے دوران IOM ان لوگوں کی مدد کرسکتا ہے جن کی صنفی شناخت ان کی دستاویزات میں درج صنف سے مختلف ہے۔

مزید معلومات کے لئے IOM کے سٹاف سے ذاتی طور پر بات کریں۔

## 2.12 آپ کو اپنے ساتھ کون سی دستاویزات لانا ہوں گی؟


ہدایات: اپنی اضافی دستاویزات دیکھیں۔ اپنے پاس موجود دستاویزات جنہیں آپ ساتھ لے جانا چاہتے ہیں انکے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



☐ 1. طبی نسخے اور ریکارڈ




☐ 2. تعلیمی اسناد



☐ 3. حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ



☐ 4. پیدائش کا سرٹیفکیٹ



☐ 5. نکاح نامہ / طلاق نامہ



☐ 6. اہم دستاویزات کا ترجمہ

ہدایات: ان لائنوں پر ایسی اہم دستاویزات کے بارے میں لکھیں جنکی آپکو ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## 2.13 ہوائی اڈے پر

اپنے نئے ملک کینیڈا کا سفر کرتے ہوئے آپکو ہوائی اڈوں پر بہت سے مراحل سے گزرنا ہو گا اور یہ ایک سے زیادہ بار بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

ہدایات: ہوائی اڈے کے طریقہ کار کو دیکھیں۔ ہوائی اڈے کے طریقہ کار اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1. 

ائیرلائن چیک اِن کاؤنٹر

2. 

امیگریشن چیک پوسٹ

3. 

سیکیورٹی چیک پوائنٹ

4. 


روانگی کا دروازہ

5. 

کسٹم کاؤنٹر

6. 

سامان لینے کی جگہ

ا) ممنوعہ اشیاء تلاش کرنے والے افسران کی ہدایات پر عمل کریں جو اس سلسلے میں آپکی اور آپکے سامان کی تلاشی لے سکتے ہیں۔ آپکو اور آپکے سامان کو سکینر سے گزارا جائے گا۔ خطرناک اشیاء کیلئے تلاشی کے دوران بوقت ضرورت افسر آپ کو چھو بھی سکتا ہے۔

ب) اپنے سامان کا وزن کرائیں اور اس پر ٹیگ لگوائیں۔ اپنا بورڈنگ پاس اور سامان کا ٹیگ/رسید وصول کریں اور اپنا سامان ائرلائن کے عملے کے حوالے کر دیں۔

پ) اپنا ٹکٹ دیکھیں اور اس پر دیئے گئے مخصوص نمبر کی انتظار گاہ یا بیٹھنے کی جگہ پر چلے جائیں۔ یہاں سے آپ نے ہوائی جہاز میں سوار ہونا ہے۔ اعلانات کو دھیان سے سنیں۔

ت) اپنے سامان میں موجود اشیاء کے بارے میں پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔

ٹ) چلتی بیلٹ پر اپنا سامان تلاش کریں اور اٹھا لیں۔ وہاں سب کا سامان اکثر ایک جیسا نظر آتا ہے۔ تسلی کر لیں کہ جو سامان آپ نے اٹھایا ہے وہ آپ کا ہی ہے۔

ث) ملک چھوڑتے اور داخل ہوتے وقت اپنی دستاویزات چیکنگ کے لئے سرکاری افسران کو دکھائیں۔

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ث)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)؛ 5 (ت)؛ 6 (ٹ)


# 2.14 ہوائی اڈے پر موجود سازوسامان

سفر کے دوران آپ کی مدد کیلئے ہوائی اڈے پر درج ذیل سازوسامان موجود ہوگا ۔
ہدایات: ہوائی اڈے کی سہولیات اور معاون سامان دیکھیں۔ چیزوں اورانکی وضاحت کے درمیان لکیر کھینچیں۔


1. 
سامان رکھنے کیلئے گاڑیاں

2. 
متحرک راستے

3. 
معلوماتی مانیٹر

4. 
راستے اور سمت کے اشارے

5. 
خودکار سیڑھیاں

6. 
لفٹ

ا) پروازوں کی آمد اور روانگی کے اوقات اور گیٹ کی معلومات دکھانے کیلئے

ب) سامان کی گاڑیوں اور معذور افراد کو ہوائی اڈے میں نچلی یا اوپر والی منزل تک لانے لیجانے کیلئے

پ) جہاں آپ جانا چاہتے ہیں اس سمت راہنمائی کیلئے

ت) ہوائی اڈے کے اندر سامان منتقل کرنے کیلئے

ٹ) ہوائی اڈے میں نچلی یا اوپر کی منزلوں تک جانے کیلئے

ث) زیادہ لمبا راستہ تیزی سے طے کرنے میں مدد کیلئے

جوابات: 1 (ت)؛ 2 (ث)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)؛ 5 (ٹ)؛ 6 (ب)

# 2.15 بورڈنگ پاس سے متعلق معلومات

آپ کو کئی مقامات پر اپنا بورڈنگ پاس دکھانا پڑے گا۔ ہر مسافر کا اپنا بورڈنگ پاس ہوتا ہے۔ اسے کسی محفوظ جگہ پر رکھیں اور گم نہ ہونے دیں۔

ہدایات: بورڈنگ پاس دیکھیں۔ بورڈنگ پاس کے نمبر اور اس کی مماثل تصویر اور تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔



1. مسافر کا نام




2. پرواز کی تاریخ



3. روانگی کا ہوائی اڈہ



10. ائرلائن کا نام




9. پرواز نمبر

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | **Canada Air** | | | | Boarding Pass / Carte d'embarquement | | |
| ب | Name/Nom John Doe | | | | | | |
| پ | Flight/Vol<br>CA 110 | ت | Date<br>20 AUG/AOÛT | ٹ | From/De<br>Toronto | ث | Destination<br>Saskatoon |
| ج | Boarding Time/Heure d'embarquement<br>9:15 | | | چ | Gate/Porte<br>13 | ح | Seat/Siège<br>22B |
| خ | Departure Time/Heure de départ<br>10:00 | | | | | | |



4. آمد کا ہوائی اڈہ (جہاں پہنچنا ہے)




5. سیٹ نمبر



6. پرواز کی روانگی کا وقت




7. روانگی گیٹ





8. بورڈنگ ٹائم

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ت)؛ 3 (ٹ)؛ 4 (ث)؛ 5 (ح)؛ 6 (خ)؛ 7 (چ)؛ 8 (ج)؛ 9 (پ)؛ 10 (ا)

# 2.16 ہوائی جہاز

ہدایات: ہوائی جہاز کے اندر کا نقشہ دیکھیں۔ اسکے ہر حصے اور اس نمبر کے بیچ ایک لکیر کھینچیں جو بتائے کہ یہ جگہ نقشے میں کس جگہ واقع ہے۔




جوابات: (۳) ا؛ (۱) ب؛ (۲) پ

## 2.17 اپنی نشست پر

ہدایات: دیکھیں ہوائی جہاز کی نشست پر کیا ہے۔ ہر تصویر اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

**1.**



ائر سکنیس بیگ (ہوائی سفر کی بیماری کیلئے بیگ)

ا) آپکی حفاظت کیلئے دی گئی ایک ہدایت جس پر عمل کرنا لازمی ہے


**2.**



ٹرے

ب) ہوائی جہاز میں استعمال کیلئے سیٹ کے سامنے ایک ہموار سطح

**3.**



سیٹ بیلٹ باندھنے کا نشان

پ) فلائٹ اٹینڈینٹ / ائر ہوسٹس کی توجہ حاصل کرنے کیلئے

**4.**




کال بٹن

ت) قے کرنے کیلئے کاغذ یا پلاسٹک کا لفافہ

جوابات: 1 (ت)؛ 2 (ب)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)

5.



روشنی

ٹ) ایک پرچہ جو آپ کو ہوائی جہاز کی حفاظتی خصوصیات کی تفصیل بتاتا ہے

6.



پرواز میں تفریح کیلئے

ث) دستی سامان رکھنے کی جگہ

7.



سیٹ کے اوپر بنے کمپارٹمنٹ (خانے)

ج) اگر جہاز میں اندھیرا ہو تو پڑھنے یا دیکھنے کیلئے اسے استعمال کریں

8.



حفاظتی ہدایات کارڈ

چ) فلمیں دیکھ کر، میوزک سن کر یا گیم کھیل کر وقت گزارنے کیلئے

حفاظتی سامان جیسے لائف جیکٹس کو ہوائی جہاز سے نکالنا غیر قانونی ہے

جوابات: 5 (ج)؛ 6 (چ)؛ 7 (ث)؛ 8 (ٹ)

## 2.18 ہوائی جہاز میں کرنے والے کام

ہدایات: ان سرگرمیوں کو دیکھیں جو ہوائی جہاز میں موجود ہیں۔ پرواز کے دوران آپ جو کرنا چاہتے ہیں اس خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



☐ 1. کھانا کھانا اور بار بار مشروبات پینا



☐ 2. سونا اور آرام کرنا



☐ 3. بچوں کو اپنی نشستوں پر مصروف اور خاموش رکھنا




☐ 4. بیت الخلا / لیٹرین استعمال کرنا



☐ 5. بوقت ضرورت دوائیں لینا



☐ 6. دوسرے مسافروں سے نرمی سے اور آہستہ آواز میں بات کرنا



☐ 7. فلائٹ اٹینڈینٹ کی ہدایات پر عمل کرنا

جہاز کے اڑان بھرتے وقت، لینڈنگ کرتے وقت اور جب بھی فلائٹ اٹینڈینٹ کہے اپنی سیٹ بیلٹ باندھیں۔

# 2.19 آپ کی مدد کون کرسکتا ہے؟

ہدایات: ان لوگوں کو دیکھیں جو کینیڈا کے سفر کے دوران آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ ہر صورتحال اور اس شخص کے مابین ایک لکیر کھینچیں جو آپ کی مدد کریگا۔ کچھ جگہوں پر ایک سے زیادہ درست جواب ہیں۔




6. آپ ہوائی اڈے میں حصول سامان والی جگہ پر کھڑے ہیں لیکن آپ کو اپنا بیگ نہیں مل رہا۔



1. ہوائی جہاز میں آپ بھوکے یا پیاسے ہیں یا آپکو مدد کی ضرورت ہے۔



2. ہوائی اڈے پر سائرن بجیں تو ہنگامی صورتحال ہوتی ہے۔



ا) چیک اِن کاؤنٹر کا عملہ

ب) ہوائی اڈے کی حفاظت کا عملہ


پ) ہوائی اڈے کا عملہ

ت) ائیرپورٹ انفارمیشن ڈیسک

ٹ) فلائٹ اٹینڈنٹ (ائر ہوسٹس)



5. آپ کی منسلک پرواز (کنکٹنگ فلائٹ) ہے لیکن آپ کو گیٹ کا پتہ نہیں۔




4. ہوائی جہاز میں آپ کی نشست آپ کے باقی گھر والوں سے بہت دور ہے۔



3. آپ ہوائی اڈے پر گم ہو گئے ہیں۔

آپ چاہے ہوائی اڈے پر ہوں، ہوائی جہاز کے اندر، یا راہداری میں، اپنے گھر والوں اور بچوں کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔


جوابات: 1 (ٹ)؛ 2 (ب، پ، ت)؛ 3 (پ، ت)؛ 4 (ٹ، ا)؛ 5 (پ، ت)؛ 6 (پ، ت)

# 2.20 آپ کی مستقل رہائشی حیثیت

کینیڈا کے ہوائی اڈے پر اُترنے کے بعد ایک افسر آپ کا مختصر انٹرویو کرے گا۔ اس وقت آپ سے کچھ دستاویزات پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔

اس کام کے مکمل ہونے پر آپ کینیڈا کے مستقل رہائشی بن جائیں گے۔


کیا آپ کا شوہر، شریکِ حیات یا زیرِ کفالت بچہ یا پوتا/پوتی ایسا بھی ہے جو آپ کے ساتھ کینیڈا نہیں جا رہا؟ کیا وہ مستقبل میں کینیڈا جائے گا؟ اگر ایسا ہے تو آپ کو کینیڈا پہنچنے سے پہلے حکومت کو اپنے ایسے رشتے داروں کے بارے میں بتانا ہوگا، ورنہ مستقبل میں ان افراد کا کینیڈا میں آپ کے پاس آنا یا ساتھ رہنا بہت مشکل ہو گا۔




آپ کو بذریعہ ڈاک ایک کارڈ بھیجا جائے گا جو یہ ظاہر کرے گا کہ آپ کینیڈا کے مستقل رہائشی ہیں۔ اسے ، مستقل رہائشی کارڈ (پرمانٹ ریزیڈنٹ کارڈ) کہا جاتا ہے۔ مستقل رہائشی حیثیت ختم نہیں ہو سکتی لیکن کارڈ کی میعاد ختم ہوجاتی ہے۔ جب آپ کے کارڈ کی میعاد ختم ہوجائے یا یہ کھو جائے یا چوری ہوجائے تو آپ کو نئے کارڈ کے لئے درخواست دینی ہوگی ۔

آپ کے مستقل رہائشی کارڈ کی درخواست پر کارروائی کے لئے کافی وقت درکار ہوگا۔

کینیڈا پہنچنے پر آپ کو جو دستاویزات دی جاتی ہیں وہ بہت اہم ہیں، انہیں محفوظ رکھیں۔



یونٹ 2: سفر

# 2.21 کینیڈا میں حقوق اور ذمہ داریاں

کینیڈا کے مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کے بہت حقوق ہیں۔ ان حقوق کے ساتھ ساتھ آپ کی کچھ ذمہ داریاں بھی ہیں۔

ہدایات: کینیڈا میں مستقل رہائشی کی حیثیت سے اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو دیکھیں۔ ہر ایک حق اور اس سے متعلق ذمہ داری کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔

1. 
کام کرنے کا حق یا اپنے کاروبار کا مالک ہونا

2. 
رائے دینا

3. 
سب کیلئے برابر انسانی حقوق

4. 
اپنے دین پر عمل کرنا

5. 
عوام کیلئے مفت بنیادی تعلیم


ا) سب کے انسانی حقوق کا احترام کریں



ب) اپنا اور گھر والوں کا خیال رکھیں اور ٹیکس ادا کریں


پ) تمام مذاہب کا احترام کریں



ت) بچوں کو تعلیم دلوائیں


ٹ) دوسروں کی رائے کا احترام کریں

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ٹ)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)؛ 5 (ت)

6.


اپنی جائیداد بنانا




ث) ماحول کو صاف رکھیں

7.



پبلک فنڈڈ صحت عامہ کی
سہولیات تک رسائی





ج) کینیڈا میں دوبارہ داخلے
کی اجازت کے لئے اپنا مستقل
رہائشی کارڈ دکھائیں

8.


صاف ستھرے اور صحت مند
ماحول میں رہنے کا حق




چ) ٹیکس ادا کریں

9.


کینیڈا سے باہر جانا





ح) اپنا پراپرٹی ٹیکس ادا کریں

کینیڈا کے ایسے مستقل رہائشی جو مہاجرین کے طور پر یہاں آباد ہوئے تھے، اگر وہ اپنے آبائی وطن واپس سفر کرتے ہیں تو ان کی قانونی حیثیت پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ کینیڈا واپسی پر امیگریشن حکام ہوائی اڈے پر ان سے پوچھ گچھ کریں۔ جب ان سے پوچھا جائے کہ وہ اپنے آبائی وطن کیوں واپس گئے تھے تو انہیں سچ بولنا چاہئے۔

جوابات: 6 (ح)؛ 7 (چ)؛ 8 (ث)؛ 9 (ج)

## 2.22 مستقل رہائشی

کینیڈا کے مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کو بھی شہریوں جیسے حقوق حاصل ہیں سوائے اس کے کہ آپ:



1. وفاقی انتخابات میں ووٹ نہیں ڈال سکتے





2. اعلی سطح کی کچھ سرکاری ملازمتوں کے لئے درخواست نہیں دے سکتے



3. مستقل رہائشی حیثیت برقرار رکھنے کیلئے آپ کا ایک مخصوص مدت تک کینیڈا میں رہنا ضروری ہے



سنگین جرائم میں مجرم قرار پائے جانے والے افراد اپنی مستقل رہائشی حیثیت کھو سکتے ہیں۔




## 2.23 آپ کینیڈا کی شہریت کے لئے کب درخواست دے سکتے ہیں؟

کینیڈا کی شہریت کے لئے درخواست دینے سے پہلے آپ کو:



1. ایک مخصوص مدت کیلئے کینیڈا میں رہنا ہوگا۔ شہریت کے لئے درخواست کب دینی ہے اسکا اندازہ لگانے کے لئے یہاں پڑھیں:




2. انگریزی یا فرانسیسی زبان مناسب حد تک بول اور سمجھ سکتے ہوں



3. آپ کو ایک امتحان پاس کرنا ہوگا تاکہ یہ ثابت کر سکیں کہ آپ کینیڈا کے بارے میں معلومات رکھتے ہیں۔




کینیڈا کی شہریت ملنے کے بعد آپ کینیڈا کے پاسپورٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

## یونٹ 3

# سہولیات اور خدمات



# یونٹ 3
# سہولیات اور خدمات



یونٹ ہذا میں فراہم کردہ معلومات کینیڈا میں سہولیات کے بارے میں ہیں۔ کینیڈا پہنچنے کے بعد اسے دوبارہ پڑھنا آپ کے لئے مفید ہو گا۔

کینیڈا میں پہلے ہوائی اڈے پر امیگریشن کے مراحل سے گزرنے کے بعد آپ یہاں کے مستقل رہائشی بن جاتے ہیں۔ مستقل رہائشی ہونے کے ناطے آپ مختلف اقسام کی سہولیات حاصل کرسکتے ہیں جن سے آپ کو کینیڈا میں اپنی نئی زندگی سے ہم آہنگ ہونے میں مدد ملے گی۔

آپ کے آبادکاری پروگرام کے لحاظ سے یہ سہولیات مختلف ہو سکتی ہیں۔




## 3.1 کینیڈا میں آبادکاری کے پروگرام

ہدایات: آبادکاری کے پروگراموں سے متعلق معلومات پڑھیں۔ کینیڈا میں آباد ہونے سے متعلق پروگرام کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔

☐ 1. حکومتی مدد سے چلنے والا مہاجرین پروگرام (GAR / RPG)

حکومت اس پروگرام کے تحت آنیوالے مہاجرین کی مالی امداد کرتی ہے۔ انھیں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیموں سے فوری آبادکاری کی مد میں امداد بھی ملتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



GAR / RPG

2. مہاجرین کا نجی کفالت پروگرام (PSR / PPPR)

کچھ افراد کو نجی گروپوں یا اداروں کے زیر کفالت کر دیا جاتا ہے۔ ایسے افراد کو ان کے نجی کفیلوں (سپانسر) سے مالی مدد ملتی ہے۔ وہ فوری آباد کاری کی امداد اپنے سپانسر سے حاصل کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



PSR/ PPPR

3. مشترکہ تعاون سے چلنے والا کفالتی پروگرام (JAS/PAC)

ان افراد کو حکومت کی طرف سے مالی امداد ملتی ہے۔ انہیں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیموں سے فوری طور پر امداد برائے آبادکاری دی جاتی ہے۔ انکے سپانسر انہیں کینیڈا میں اضافی امداد فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



JAS/ PAC

4. ویزا آفس کے سفارش کردہ افراد کیلئے مخلوط امداد کا پروگرام (BVOR /RDBV)

کچھ افراد کو حکومت اور ان کے نجی کفیل (سپانسر) دونوں سے مدد ملتی ہے۔ وہ اپنے نجی کفیلوں سے فوری آبادکاری کی امداد حاصل کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



BVOR/ RDBV

آباد کاری پروگرام سے قطع نظر آپ کو حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیموں سے طویل مدتی آبادکاری کیلئے خدمات حاصل کرنی چاہئیں۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسر سے کہیں کہ وہ ان خدمات تک رسائی میں آپ کی مدد کریں۔ مزید معلومات کے لئے یونٹ 3، سرگرمی 3.11 دیکھیں۔





## 3.2 فوری آبادکاری کیلئے امداد کی حد

کینیڈا میں آپ کو محدود مالی مدد ملے گی۔

کینیڈا میں آپ کو فوری طور پر آبادکاری کیلئے جو امداد موصول ہوگی، چاہے وہ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کوئی نجی کفیل فراہم کرے، اسکی مقدار محدود ہوگی۔ یہ امداد آپکو کتنے عرصے تک ملتی رہے گی اسکا دارومدار آپکے امدادی پروگرام کی نوعیت پر ہے۔ آپ کے حالات کے پیش نظر یہ امداد آپ کو لمبے عرصہ تک بھی مل سکتی ہے۔







## 3.3 آبادکاری پروگراموں کی مشترکہ خدمات

اس سے قطع نظر کہ آپ آبادکاری کے کس پروگرام کے تحت آئے ہیں، کینیڈا میں مہاجرین کی حیثیت سے آباد ہونے والے تمام مستقل رہائشیوں کو مندرجہ ذیل خدمات تک رسائی حاصل ہوگی۔

1. بالمشافہ اور آن لائن خدمات جو آپ کے کینیڈا پہنچنے سے پہلے یہاں آباد ہونے کی تیاری میں آپ کی مفت مدد کرتی ہیں۔
مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




2. کینیڈا کے ہوائی اڈے پر استقبالیہ خدمات (ریسیپشن سروسز) آپ کو امیگریشن اور کسٹم سے گزارنے اور حتمی منزل تک پہنچنے میں آپکی مدد کرتی ہیں۔




3. حکومتِ کینیڈا کے امیگریشن لون (قرض) سے آپ کینیڈا کے سفری اخراجات ادا کریں گے۔ کینیڈا پہنچنے کے ایک سال بعد آپ بغیر سود کے اس قرض کی ادائیگی شروع کریں گے۔



4. عبوری فیڈرل ہیلتھ پروگرام (PFSI/IFHP) کے تحت صحت کی عارضی سہولیات:
جب تک آپ اپنے صوبے کے ہیلتھ پروگرام کے اہل نہیں ہوتے، آپکو اس پروگرام کے ذریعے ضروری طبی خدمات (میڈیکل سروسز) حاصل ہوں گی۔ یہ پروگرام اس دوران بھی اضافی طبی خدمات فراہم کرتا ہے جب آپ کو حکومت یا اپنے کفیلوں سے مالی مدد مل رہی ہوتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے یونٹ 5 دیکھیں یا یہاں پڑھیں:





# 3.4 امداد برائے فوری آبادکاری

ہدایات: کینیڈا میں آباد ہونے سے متعلق اپنے پروگرام کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔




BVOR/ RDBV ☐



JAS/ PAC ☐



PSR/ PPPR ☐



GAR/ RPG ☐

ہدایات: کینیڈا میں ملنے والی فوری آبادکاری امداد دیکھیں۔ جو پروگرام آپکو مدد فراہم کرتا ہے اس پر چیک "✓" کا نشان لگائیں ۔

1. اگر آپ سردیوں میں آتے ہیں تو آپ کو موسم سرما کے کپڑے کون دے گا؟



☐ ا) اگر آپ 15 اکتوبر سے 15 اپریل کے درمیان پہنچتے ہیں تو کینیڈا کے ہوائی اڈے پر حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم

☐ ب) حتمی منزل تک پہنچنے پر آپکا کفیل (سپانسر)



2. کینیڈا میں اپنی حتمی منزل تک پہنچنے پر آپ کی رہائش گاہ تک پہنچانے کیلئے سواری کا بندوبست کون کرے گا؟



☐ ا) حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم

☐ ب) آپ کا کفیل (سپانسر)



3. جب آپ پہلی بار کینیڈا پہنچیں گے تو آپ کے لئے عارضی رہائش کا انتظام کون کرے گا؟



☐ ا) حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم

☐ ب) آپ کا کفیل (سپانسر)



جوابات: GAR/ RPG 1 (ا)؛ 2 (ا)؛ 3 (ا)؛ PSR/ PPPR 1 (ب)؛ 2 (ب)؛ 3 (ب)؛ JAS/ PAC 1 (ا)؛ 2 (ا)؛ 3 (ا)؛
BVOR/ RDBV 1 (ب)؛ 2 (ب)؛ 3 (ب)؛

4. مستقل رہائش تلاش کرنے اور نئی یا استعمال شدہ گھریلو اشیاء کی فراہمی میں کون آپ کی مدد کرے گا؟



ا) حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم



ب) آپ کا کفیل (سپانسر)



5. اضافی طویل المیعاد آبادکاری امداد جو آپ کو کینیڈا میں آباد ہونے میں مدد کریگی کے بارے میں آپ کو کون بتائے گا ؟



ا) حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم




ب) آپ کا کفیل (سپانسر)



6. آپ کو محدود مقدار میں مالی مدد کون دے گا؟



ا) حکومت



ب) آپ کا کفیل (سپانسر)



پ) حکومت اور کفیل دونوں



جوابات: GAR/ RPG 4(ا)؛ 5(ا)؛ 6(ا)؛ PSR/ PPPR 4(ب)؛ 5(ب)؛ 6(ب)؛ JAS/ PAC 4(ا)؛ 5(ا)؛ 6(ا)؛
BVOR/ RDVD 4(ب)؛ 5(ب)؛ 6(پ)؛



یونٹ 3: سہولیات اور خدمات

# 3.5 کردار اور ذمہ داریاں

ایک نئے ملک میں آباد ہونے کیلئے آپ کو کوشش کرنا پڑے گی اور اس میں وقت بھی لگے گا۔
اس میں آپ اور آپ کی امداد کرنے والوں پر مشترکہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔

ہدایات: آبادکاری سے متعلق اپنی ذمہ داریوں کو دیکھیں۔ اپنی حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیلوں (سپانسر) کی ذمہ داری اور اپنی ذمہ داریوں کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔



1. کینیڈا میں آپ کا استقبال اور خوش آمدید



2. وہ آپ کو مشورہ دیں گے آپ کو ملنے والی محدود رقم ذمہ داری سے کیسے خرچ کی جائے۔



3. مستقل رہائش تلاش کرنے اور کرایہ کے معاہدے کو سمجھنے میں آپکی مدد کرنے کے لئے۔



4. آپ اپنی رہائش میں کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔



ا) اپنے اخراجات کا بجٹ بنائیں تاکہ ملنے والی رقم کے اندر گزارہ کر سکیں۔ اخراجات زیادہ ہونے کی صورت میں آپ کو مزید رقم نہیں ملے گی۔



ب) دروازوں کے تالے لگا کر رکھیں اور بجلی سے چلنے والے گھریلو سامان کے استعمال میں احتیاط برتیں۔



پ) اپنا سارا سامان اور دستاویزات اپنے پاس رکھیں۔ IOM سے ملنے والے بیگ کو نمایاں طریقے سے پکڑیں تاکہ متعلقہ لوگ آپ کو تلاش کر سکیں۔



ت) اپنی رہائش کو صاف اور اچھی حالت میں رکھیں۔ کرایے کے معاہدے کو سمجھیں اور اس کا احترام کریں۔

جوابات: ۱(پ)؛ ۲(ا)؛ ۳(ت)؛ ۴(ب)؛

5.




آپکی فیملی کے بڑے افراد کو زبان سیکھنے کی مفت کلاسوں میں داخلہ دلانے میں مدد

6.



آپ کے رہائشی صوبے یا علاقے میں اسکول کے نظام کو سمجھنے اور خاندان کے بچوں کو اسکول داخل کرانے میں مدد کیلئے۔

7.



بینک اکاؤنٹ کھولنے میں آپکی مدد کرنے کیلئے۔ کینیڈا میں رقم کے حصول اور استعمال کا طریقہ سمجھانے میں مدد کریں گے

8.



کینیڈا میں اہم قواعد و ضوابط کی وضاحت کیلئے۔



ٹ) اپنی بینکاری کی معلومات کو محفوظ رکھیں۔ اپنے قرضوں اور کریڈٹ کارڈوں سے متعلق تمام بینکنگ فیس اور معاوضے ادا کریں۔




ث) اگر آپ کو انگریزی یا فرانسیسی بہتر بنانے کی ضرورت ہو تو زبان سیکھنے کی کلاسوں میں حصہ لیں۔




ج) کینیڈا میں قواعد اور قوانین پر عمل کریں۔



چ) اپنے خاندان کے بچوں کو اسکول میں داخل کروائیں۔ ان کی تعلیمی اور معاشرتی بہتری کا خیال رکھیں۔


جوابات: 5 (ث)؛ 6 (چ)؛ 7 (ٹ)؛ 8 (ج)؛



ح) عوامی نقل و حرکت کے ذرائع کا آزادانہ استعمال کریں۔ ضروری ایڈریس / پتے ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں تاکہ گم ہو جانے کی صورت میں پریشانی نہ ہو۔



خ) اپنی نئی کمیونٹی میں سرگرم عمل رہیں اور دوسرے لوگوں کے ساتھ رابطے رکھیں۔





د) اپنی دستاویزات کو محفوظ رکھیں، انکے استعمال کا طریقہ جانیں اور وقت پر انکی تجدید کرائیں۔




ڈ) فوری طبی ضرورت بشمول الرجی اور غذائی ضروریات کے سلسلے میں کسی قابل اعتبار شخص سے پوچھیں۔

**9.**



اگر آپ کو فوری طبی امداد کی ضرورت ہے تو طبی خدمات تک رسائی میں مدد کیلئے

**10.**



نئی کمیونٹی میں دستیاب عوامی نقل و حرکت کی سہولیات کے استعمال کی وضاحت کیلئے

**11.**



نئی کمیونٹی کے ساتھ تعارف کرانے کیلئے

**12.**




کینیڈا میں اہم دستاویزات کیلئے درخواست دینے اور ان کی اہمیت کی وضاحت کرنے میں آپکی مدد کریں گے۔



آبادکاری کی کونسی دو فوری امداد آپ کیلئے سب سے اہم ہیں؟


جوابات: 9 (ڈ)؛ 10 (ح)؛ 11 (خ)؛ 12 (د)؛

# 3.6 علاقے کی تبدیلی



آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کینیڈا میں جہاں چاہیں رہیں۔ تاہم آپ کیلئے بہتر ہے کہ آپ اپنی طے شدہ منزل پر جائیں کیونکہ وہاں آپکو آپ کی آبادکاری کی ضروریات کے مطابق امداد ملے گی۔ کسی دوسرے علاقے میں جانے کے بارے میں سوچنے سے پہلے درج ذیل باتوں پر غور کریں:

1. اگر آپ کسی اور کمیونٹی میں جانا چاہتے ہیں تو مالی معاونت اور فوری طور پر آبادکاری کی امداد میں کسی قسم کے تعطل سے بچنے کیلئے جلد از جلد حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیلوں (سپانسر) کو مطلع کریں۔



2. اگر آپ اپنا علاقہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو سفر اور رہائش سمیت تمام اخراجات کے ذمہ داری آپ پر ہو گی۔



3. اپنی نئی منزل پر پہنچنے اور عارضی رہائش کے لئے آپ کو تیاری کرنی ہوگی۔




4. GAR/ RPG: آپ کو مالی مدد ملنے میں تاخیر ہو سکتی ہے۔



GAR/RPG

5. PSR/PPPR: اگر آپ اس کمیونٹی میں نہیں رہنا چاہتے جس میں آپ کے کفیل/سپانسر رہتے ہیں تو آپ ان سے مالی یا آبادکاری کی امداد کے اہل نہیں ہونگے۔




PSR/PPPR




# 3.7 کفیلوں / سپانسرز کے ساتھ آپ کے تعلقات

ہدایات: PSR/PPPR: اگر آپ اپنے کفیلوں کے بارے میں خدشات کا شکار ہیں تو آپکو کیا کرنا ہوگا۔ ان اقدامات کو پہلے سے آخری کی ترتیب میں دیکھیں اور متعلقہ خانے میں 1 سے 3 تک نمبر رکھیں۔




☐

ا) آپ اور آپ کے کفیل (سپانسر) مسائل کا حل تلاش کرنے کیلئے حکومت کینیڈا کی مدد لے سکتے ہیں۔ آپ حکومت کو
IRCC.PSRCase Review-Rvuedecas
PSR.IRCC@cic.gc.ca
پر ای میل کرسکتے ہیں۔



1

ب) اپنے کفیلوں (سپانسرز) سے بات کریں، ان سے سوالات پوچھیں اور غلط فہمیاں دور کرنے کی کوشش کریں۔



☐

پ) اپنی کمیونٹی میں نئے آنے والوں کی مدد کیلئے حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم کے پاس جائیں۔ وہاں آبادکاری کے کارکن آپ کو مفید مشورے دیں گے۔



**PSR/PPPR:** آپ کے کفیل / سپانسر کو آپ سے پیسے مانگنے کی اجازت بالکل نہیں ہے۔ آپ انہیں کوئی رقم ہرگز نہ دیں بیشک وہ آپ کو رقم واپس کرنے کا وعدہ کریں۔ آپ کا کفیل قانونی طور پر آپ کو محدود مالی امداد فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے۔





# 3.8 کینیڈا میں اہم شناختی دستاویزات آپ کی ملکیت ہیں۔

کوئی دوسرا بشمول آپکے کفیل (سپانسر)، آبادکاری کارکن، خاندان کے افراد یا کوئی آجر آپ کی دستاویزات اپنے پاس نہیں رکھ سکتا۔ کینیڈا میں نئے مستقل رہائشی بننے کے بعد آپکو درج ذیل اہم دستاویزات حاصل کرنی ہیں۔

1. مستقل رہائشی کارڈ (پرمانٹ ریزیڈنٹ کارڈ)

یہ آپ کے کینیڈا میں مستقل رہائشی ہونے کا سرکاری ثبوت ہے۔ یہ دستاویز آپ کو ڈاک کے ذریعے بھیجی جائے گی۔ یاد رکھیں کہ یہ دستاویز آپ کے مستقل رہائش کے تصدیق نامے کی جگہ نہیں لے گی جس پر آپ نے کینیڈا کے ہوائی اڈے پر اترنے کے بعد دستخط کئے تھے۔ ان دونوں کے فرق کو سمجھیں۔









2. سوشل انشورنس نمبر (SIN/NAS)

کینیڈا میں کام کرنے اور سرکاری پروگراموں اور فوائد کے حصول کیلئے اس نمبر کی ضرورت ہے۔ اس نمبر کو محفوظ رکھیں اور کسی اور کو اس کا استعمال نہ کرنے دیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:


3. صوبائی صحت کارڈ (پرونشل ہیلتھ کارڈ)

صحت کی سہولیات تک رسائی کیلئے آپ کو اپنے صوبے یا علاقے سے ہیلتھ انشورنس کارڈ ملے گا۔ یہ کارڈ صرف آپ کے ذاتی استعمال کیلئے ہے۔ پہنچنے کے بعد جلد سے جلد اپنے ہیلتھ کارڈ کیلئے درخواست دیں۔



اہم دستاویزات کی فوٹو کاپیاں کریں اور انھیں محفوظ جگہ پر رکھیں ۔ انکے گم یا چوری ہونے کی صورت میں نئی دستاویزات بنوانے کیلئے آپ کو فیس ادا کرنی ہوگی۔



# 3.9 نئے آنے والوں کیلئے حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیمیں


یہ تنظیمیں جنہیں سیٹلمنٹ ایجنسیاں بھی کہا جاتا ہے کینیڈا میں عام ہیں۔ یہ نئے آنے والوں کو اپنے علاقے یا کمیونٹی میں آباد ہونے میں مدد دیتی ہیں۔ مستقل رہائشی ہونے کی حیثیت سے آپ طویل مدتی خدمات سے اس وقت تک فائدہ حاصل کرسکتے ہیں جب تک آپ کینیڈا کے شہری نہیں بن جاتے۔ یہ خدمات مفت ہیں۔ یہ تنظیمیں مندرجہ ذیل امور میں آپ کی مدد کرسکتی ہیں:




1. زبان سیکھنے کی مفت کلاسوں (انگریزی / فرانسیسی) کیلئے اندراج کرانے میں مدد کرتی ہیں۔



2. نوکری تلاش کرنے میں مدد کرتی ہیں۔




3. آپ کی اسناد کی پڑتال کیلئے آپ کو مشورہ دیتی ہیں۔



4. آپ کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے میں آپ کے ساتھ کام کرتی ہیں۔



5. آپ کی کمیونٹی کے معاملات میں شامل ہونے میں مدد کرتی ہیں۔




6. آبادکاری میں درپیش مسائل کے حل میں مدد کرتی ہیں۔

حکومت کینیڈا کی ویب سائٹ سے آپ کو حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیموں کے بارے میں معلومات یہاں سے مل سکتی ہیں۔



آبادکاری کی خدمات فرانسیسی زبان میں بھی دستیاب ہیں۔ حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیمیں جو فوری اور طویل مدتی آبادکاری کی امداد فراہم کرتی ہیں وہ آپ کو کمیونٹی میں فرانکوفون تنظیموں یا فرانسیسی خدمات کے اداروں سے ملوا سکتی ہیں۔

نئے آنے والوں کے لئے فرانسیسی زبان میں خدمات کہاں دستیاب ہیں اس بارے میں مزید معلومات کیلئے یہ ملاحظہ کریں:




1. Carte interactive sur les collectivités francophones یہاں:




2. حکومت کینیڈا کی ویب سائٹ کیلئے یہاں کلک کریں:




3. کیوبیک میں خدمات کیلئے حکومت کیوبک کی ویب سائٹ یہاں دیکھیں۔



حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیمیں تمام نئے آنے والوں کی مدد کی ذمہ دار ہیں۔ ان کیلئے آپ کی ذاتی معلومات کا تحفظ کرنا لازمی ہے۔ آپ کے بارے میں دوسروں کے ساتھ معلومات شیئر کرنے سے پہلے انہیں آپ سے اجازت لینا ضروری ہے۔ جب آپ کو کوئی قابل اعتماد شخص مل جائے تو اسکے ساتھ اپنے خدشات یا مسائل شیئر کریں تاکہ وہ آپکی معاونت کرسکے۔

# 3.10 آبادکاری کے دوران پیش آنے والے حالات

ہدایات: آبادکاری کے دوران پیش آنے والی مختلف صورتحالوں کے بارے میں پڑھیں۔ ہر صورتحال اور اسکے تجویز کردہ حل کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔



1. آپ کے نئے گھر میں بہت سی مشکلات ہیں۔



2. آپ کینیڈا کے ہوائی اڈے پر پہنچے ہیں لیکن آپ کو لینے کیلئے کوئی نہیں آتا۔



3. آپ نے ایک عرصہ سے حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیلوں (سپانسرز) کی طرف سے کچھ نہیں سنا۔ آپ اہم دستاویزات کیلئے درخواست دینا چاہتے ہیں، زبان سیکھنے کی کلاسیں شروع کرنا چاہتے ہیں اور بچوں کو سکول میں داخل کرانا چاہتے ہیں۔




4. آپ کا ایک دوست کسی اور صوبے یا علاقے میں رہتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ آپ بھی اسی صوبے یا علاقے میں چلے جائیں۔



ا) امداد کیلئے ہوائی اڈے کے استقبالیہ عملے کو تلاش کرنے کی کوشش کریں اور اپنا IOM بیگ نمایاں جگہ رکھیں۔



ب) کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے یا کسی اقدام کے ممکنہ نتائج کو سمجھنے کیلئے حکومت کی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیلوں (سپانسرز) سے صلاح مشورہ کریں۔



پ) حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسرز کو کال کریں اور نرمی سے مسائل کی وضاحت کریں۔



ت) ان کو فون کریں، اپنی صورتحال کی وضاحت کریں اور ملاقات کے لئے وقت مانگیں۔

جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ا)؛ 3 (ت)؛ 4 (ب)؛

# 3.11 آپ کی کمیونٹی میں طویل مدتی آبادکاری کی خدمات

بہت ساری کمیونٹیز ایسی خدمات پیش کرتی ہیں جن تک مستقل رہائشیوں سمیت تمام افراد مفت یا کم قیمت میں رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ کی نئی کمیونٹی میں یہ تمام یا ان میں سے کچھ طویل مدتی خدمات آپکو بھی مل سکتی ہیں۔

ہدایات: طویل مدتی آبادکاری کی خدمات کو دیکھیں۔
ہر خدمت اور اس جگہ جہاں اس تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔


1. مفت کمپیوٹر، انٹرنیٹ، کتابیں، اخبارات، موسیقی اور فلموں تک رسائی حاصل کریں۔ مختلف گروپ پروگرام دستیاب ہیں۔



2. مختلف کھیلوں اور تفریحات میں حصہ لیں۔




3. پکنک کا انعقاد کریں اور اپنی کمیونٹی کے لوگوں سے ملیں۔ اس دوران بچے پارک میں لگے جھولوں اور دیگر تفریحی سامان کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔



4. اپنے مذہبی امور و اجتماعات میں حصہ لیں۔



5. مخصوص ملک یا ثقافت سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے ملیں۔



6. انگریزی اور/یا فرانسیسی زبان مفت سیکھیں۔ کینیڈا کی ثقافت کے بارے میں جانیں اور نئے لوگوں سے ملیں۔ کچھ صوبوں اور علاقوں میں زبان سیکھنے کی کلاسوں میں شرکت کے دوران مالی امداد حاصل کریں۔





7. کینیڈا کی تاریخ، ثقافت اور فنون کے بارے میں جانیں۔





ا) عوامی پارک



ب) ثقافتی مراکز



پ) پبلک لائبریریاں




ت) عجائب گھر (میوزیم)



ٹ) کمیونٹی مراکز



ث) عبادت گاہیں




ج) حکومتی مالی امداد سے زبان سیکھنے کے مراکز

جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ٹ)؛ 3 (ا)؛ 4 (ث)؛ 5 (ب)؛ 6 (ج)؛ 7 (ت)

یونٹ 3: سہولیات اور خدمات

8. 

اگر آپ غمگین، پریشان یا تناؤ کا شکار ہیں تو کسی سے بات کریں۔ آپ کی ذہنی صحت کیلئے یہ ایک مفت خفیہ خدمت ہے جس کا علم کسی کو نہیں ہوتا۔

9. 


پیسوں سے متعلق معاملات و مسائل کے بارے میں پوچھیں۔

10. 

اپنی نئی کمیونٹی میں تعلیم اور ملازمت سے وابستہ طویل مدتی آبادکاری امداد کے بارے میں پوچھیں۔

11. 


قانونی معاملات و مسائل کے بارے میں صلاح مشورہ کریں۔

12. 


نوکری کی تلاش یا نوکری کے لئے انٹرویو کی تیاری کریں۔ اپنا تعلیمی و تجرباتی کوائف نامہ لکھیں۔

13. 


اگر حکومت اور/یا سپانسر سے ملنے والی امدادی رقم آپکی مطلوبہ خوراک خریدنے کیلئے ناکافی ہے تو مفت کھانا حاصل کریں۔

14. 

اگر کسی ناگہانی مصیبت کی وجہ سے آپکو سونے کیلئے کسی محفوظ جگہ کی ضرورت ہے۔



چ) قانونی امدادی کلینک



ح) پناہ گاہیں اور محفوظ مکانات




خ) بینک



د) مفت ذہنی صحت کے کلینک



ڈ) روزگار مراکز



ذ) نئے آنے والوں کیلئے حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیمیں



ر) غذائی (فوڈ) بنک

جوابات: 8 (د)؛ 9 (خ)؛ 10 (ذ)؛ 11 (چ)؛ 12 (ڈ)؛ 13 (ر)؛ 14 (ح)؛

# 3.12 آپ کہاں سے مفت معلومات حاصل کر سکتے ہیں؟

1. حکومت کینیڈا اور سرکاری خدمات سے متعلق باضابطہ معلومات

Government of Canada    Gouvernement du Canada


www.canada.ca
1-888-622-6232
(سروس کینیڈا سینٹر)

2. نئے آنے والوں کے لئے وفاقی، صوبائی اور علاقائی فوائد کے بارے میں معلومات



www.benefitsfinder.services.gc.ca

3. آگ بجھانے، ایمبولینس یا پولیس کیلئے رابطہ نمبر





911 پر فون کریں

4. مختلف سروسز کیلئے دن میں 24 گھنٹے مفت اور خفیہ معلومات مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں




211 پر فون کریں

5. اپنی کمیونٹی میں مختلف جگہوں پر آنے جانے کیلئے معلومات



نقشے




911 پر آگ بجھانے کے عملے، ایمبولینس یا پولیس سے رابطہ کریں۔

یونٹ 4

# ہاؤسنگ




# یونٹ 4
# ہاؤسنگ



## 4.1 عارضی رہائش

حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کفیل آپ کے کینیڈا پہنچنے سے پہلے آپ کی رہائش کیلئے مناسب جگہ کی تلاش میں لگ جاتے ہیں۔ اپنی کمیونٹی میں مستقل رہائش دستیاب ہونے تک آپکو کچھ ہفتے عارضی رہائش گاہ میں رہنا ہو گا۔ آپ کے آبادکاری پروگرام کے لحاظ سے مختلف اقسام کی عارضی رہائشیں دستیاب ہوتی ہیں۔



مناسب مستقل رہائش ملتے ہی آپ سے عارضی رہائش خالی کرا لی جائے گی۔

ہدایات: کینیڈا میں آباد ہونے سے متعلق اپنے پروگرام کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں ہے۔



GAR/ RPG ☐



PSR/ PPPR ☐



JAS/ PAC ☐



BVOR/ RDBV ☐

ہدایات: عارضی رہائش کی تفصیل پڑھیں۔ آبادکاری کے پروگرام کے مطابق کینیڈا میں اپنی ابتدائی رہائش کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔





☐ .1 استقبالیہ مراکز

GAR/RPG پروگرام کے تحت نئے آنے والوں کیلئے مشترکہ رہائش۔ کمروں میں بنیادی سہولیات ہوں گی ۔ کچھ مراکز میں غسل خانے اور کھانے کی جگہ مشترکہ ہوگی ۔

## 2. ہوٹل یا موٹل کے کمرے

بنیادی سہولیات والے کمرے جن کے ساتھ عام طور پر غسل خانہ ہوتا ہے۔اس کی ادائیگی حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسرز کرتے ہیں۔




## 3. کرایہ پر عارضی رہائش

حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کفیلوں / سپانسرز کے ذریعے ان لوگوں کیلئے کرایے کا مخصوص مکان جو حال ہی میں کینیڈا آئے ہیں۔ دیگر نئے آنے والے لوگوں کیلئے جگہ بنانے کی خاطر آپ کو یہاں سے جلد ہی کسی اور جگہ منتقل ہونا پڑ سکتا ہے۔



## 4. دیگر عارضی رہائشیں

رہنے کیلئے مستقل اور مناسب جگہ ملنے تک کوئی عارضی رہائش بشمول کفیل یا کسی رشتے دار کا گھر۔





عارضی رہائش میں قیام کے دوران آپ قواعدوضوابط پر عمل کریں، گھر کو صاف ستھرا رکھیں اور دوسروں کو پریشان نہ کریں۔

BVOR/ RDVD (2، 3، 4)؛ JAS/ PAC (1، 2، 3)؛ PSR/ PPPR (2، 3، 4)؛ GAR/ RPG (1، 2، 3)

# 4.2 کینیڈا میں مستقل رہائش



کینیڈا میں کم قیمت والے مکانات کی تلاش مشکل ہے۔ رہائش کیلئے محدود جگہیں دستیاب ہوسکتی ہیں۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کفیل (سپانسر) آپ کی بنیادی ضروریات اور بجٹ کے مطابق رہنے کیلئے چند مناسب جگہیں ڈھونڈنے میں آپکی مدد کریں گے۔ وہ نئے گھر کے لئے فرنیچر اور بنیادی گھریلو اشیا لینے میں بھی آپ کی مدد کریں گے۔

ہدایات: ان عمارتوں کو دیکھیں۔ پہلی مستقل رہائش والی عمارتوں کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



1. ☐




2. ☐



3. ☑



4. ☐



5. ☐



6. ☐



7. ☐



8. ☐



9. ☐

مستقل گھر کرایہ پر لیتے وقت تین اہم چیزیں مقام، لاگت اور رہائش کے سائز کو مدِ نظر رکھیں۔



جوابات: 3، 4، 6، 7، 8 (۸)



یونٹ 4: ہاؤسنگ


# 4.3 کینیڈا میں مستقل رہائش کی اقسام

ہدایات: کینیڈا میں مستقل رہائش کی مختلف اقسام کے بارے میں پڑھیں۔

**1. اپارٹمنٹ**


ا) چھوٹی رہائشی عمارتیں (لورائزاپارٹمنٹ بلڈنگز)

یہ عمارتیں زیادہ اونچی نہیں ہوتیں اور عام طور پر ان میں لفٹ نہیں ہوتی۔ ہر منزل میں ایک سے زیادہ اپارٹمنٹ ہوسکتے ہیں۔



ب) بلندرہائشی عمارتیں (ہائی رائزاپارٹمنٹ بلڈنگز)

یہ عام طور پر بڑے شہروں کی اونچی عمارتیں ہوتی ہیں جن میں لفٹ ہوتی ہے اور ہر منزل پر ایک سے زیادہ اپارٹمنٹ ہوسکتے ہیں۔



پ) دو منزلہ اپارٹمنٹ

یہ عمارتیں کسی سٹور یا ریستوران کے اوپر ہوتی ہیں اور اونچی یا کم بلندی والے اپارٹمنٹ سے کم مہنگی ہوتی ہیں۔



ت) تہہ خانے میں رہائش (بیسمنٹ اپارٹمنٹ)

ایسی رہائشیں کینیڈا میں عام ہیں۔ یہ جزوی طور پر زمین کے نیچے ہوتی ہیں۔ ان میں سورج کی روشنی کے لئے چھوٹی کھڑکیاں ہوتی ہیں۔ بیسمنٹ اپارٹمنٹ اکثر کم کرائے پر مل جاتے ہیں۔





کینیڈا کے اپارٹمنٹس میں عام طور پر ایک سے تین بیڈروم ہوتے ہیں۔ چار یا اس سے زیادہ بیڈروم والے اپارٹمنٹ مشکل سے ملتے ہیں اور مہنگے بھی ہوتے ہیں۔



## 2. مکانات



ا) سنگل علیحدہ مکانات

اس قسم کے گھر میں اکثر صرف ایک ہی خاندان رہتا ہے۔ یہ مکانات کرایہ پر لینے یا خریدنے میں مہنگے ہوتے ہیں۔



ب) منسلک مکانات

منسلک مکانات میں ہر گھر کا اپنا دروازہ ہوتا ہے لیکن متصل مکان کے ساتھ دیوار مشترک ہوتی ہے۔ ہر گھر کا مالک یا کرایہ دار الگ ہوتا ہے۔

## 3. دیگر مستقل رہائشیں



ا) قابلِ رسائی رہائش

اس قسم کی رہائش ان لوگوں کی مخصوص ضروریات کو پورا کرتی ہے جنہیں چلنے پھرنے یا اپنی دیکھ بھال میں دشواری پیش آتی ہو۔



ب) مشترکہ رہائش

اس طرح کی رہائش دو یا دو سے زیادہ افراد کرایے پر لیتے ہیں۔ ان کا رہائشی ایریا مشترک جبکہ عام طور پر بیڈروم الگ ہوتا ہے۔ دونوں اپنے حصے کا کرایہ دیتے ہیں۔


بڑے خاندانوں کیلئے رہائش ڈھونڈنا مشکل ہے۔ ایک رہائشی جگہ میں لوگوں کے اکٹھا رہنے کی تعداد کی ایک حد مقرر ہے۔




# 4.4 رہائش سے متعلق اہم الفاظ


ہدایات: رہائش سے متعلق الفاظ دیکھیں۔ ہر لفظ اور اس کی وضاحت کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1. 
کرایہ دار

2. 
مکان مالک

3. 
ساز و سامان

4. 
کرایہ داروں کی انشورنس

5. 
دھوئیں کا پتہ لگانے والا آلہ

6. 
ری سائیکلنگ کے ڈبے

ا) جس شخص نے اپنا مکان دوسروں کو کرایہ پر دیا ہو۔

ب) بجلی سے چلنے والی مشینیں جو گھر کے کاموں میں مدد کرتی ہیں۔ کرائے کے مکانات میں عام طور پر فرنیچر نہیں ہوتا ما سوائے کچھ بڑی الیکٹرانک اشیاء کے جو مالک مکان کی ملکیت ہوتی ہیں، کرایہ دار کی نہیں۔

پ) ایسے آلات جو آپ کو آگ کے خطرے سے آگاہ کرنے کے لئے تیز سائرن بجاتے ہیں ۔

ت) وہ شخص جو رہائش کے لئے کوئی جگہ کرایہ پر لے۔

ٹ) غیر متوقع حادثات کی صورت میں ہونے والے نقصانات کی ادائیگی جیسے چوری، چوٹ یا آگ۔

ث) کنٹینر جہاں آپ استعمال شدہ پلاسٹک، ٹین ڈبے، کاغذ اور شیشہ رکھ سکتے ہیں۔ کئی شہروں میں ان اشیاء کو جمع کیا جاتا ہے اور پھر دوبارہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔

جوابات: 1 (ت)؛ 2 (ا)؛ 3 (ب)؛ 4 (ٹ)؛ 5 (پ)؛ 6 (ث)؛


# 4.5 رہائشی قوانین



کرایہ داری کے قوانین کرایہ دار اور مکان مالک کے حقوق اور ذمہ داریوں کا تعین کرتے ہیں۔ یہ ہر صوبے اور علاقے میں مختلف ہوسکتے ہیں۔

ہدایات: یہ سوالات پڑھیں۔ جس کا حق یا ذمہ داری ہے اس کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔ کچھ سوالات کے ایک سے زیادہ درست جواب ہوسکتے ہیں۔






1. کرایہ کی رقم پوری اور بروقت ادا کرنے کا ذمہ دار کون ہے؟

☑ ا ) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان






2. کرایہ کی رقم بڑھانے کا حق کس کو ہے، لیکن صرف تحریری نوٹس کے ساتھ اور حدود کے اندر؟

☐ ا ) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان






3. گھر کے اندرونی حصوں کی صفائی، اچھی حالت اور حفاظت کا ذمہ دار کون ہے؟

☐ ا ) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان






4. عمارت کے متعلق شہری قوانین وضوابط جیسے شور وشرابہ کی ممانعت کا احترام کرنے کی ذمہ داری کس کی ہے ؟

☐ ا ) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان







5. عمارت کو محفوظ رکھنے اور اچھی حالت میں رکھنے کا ذمہ دار کون ہے؟

☐ ا ) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان


جوابات: (1) ا؛ (2) ب؛ (3) ا؛ (4) ا؛ (5) ب

6. کرایہ دار سے ہونے والے نقصانات کی ادائیگی کا ذمہ دار کون ہے؟

ا) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان ☐






7. مرمت کیلئے کرائے کے مکان میں داخل ہونے کی اجازت کس سے مانگی جائے؟

ا) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان ☐






8. باقاعدگی سے مکان کی دیکھ بھال اور مرمت کے انتظام اور معاوضے کا ذمہ دار کون ہے؟

ا) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان ☐






9. کرایے کا معاہدہ (لیز) ختم کرنا ہو تو ضروری قانونی کاروائی کون کرے گا ؟

ا) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان ☐





10. پہلے ماہ کے کرایے کے علاوہ سیکیورٹی یا نقصان کی ایڈوانس رقم کون وصول کر سکتا ہے؟

ا) کرایہ دار ☐ ب) مالک مکان ☐



مکان مالک کسی ایسے شخص کی خدمات حاصل کر سکتا ہے جو اس کی جگہ کرایہ وصول کرے، عمارت کو اچھی حالت میں رکھے اور باقاعدگی سے مرمت کے کام کروائے۔ ایسے شخص کو پراپرٹی مینیجر کہا جاتا ہے۔




جوابات: 6 (ا)؛ 7 (ب)؛ 8 (ب)؛ 9 (ا، ب)؛ 10 (ب)؛

## 4.6 معاہدہ کرایہ داری (لیز ایگریمنٹ)

لیز ایگریمنٹ کرایہ دار اور مالک مکان کے مابین تحریری معاہدہ ہے۔ لیز پر دستخط کرنے سے پہلے اسے اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں۔

بیشتر لیزایگریمنٹس میں مندرجہ ذیل معلومات ہوتی ہیں۔





اپنے صوبے یا علاقے میں رہائشی قواعدوضوابط کے نگران ادارے کے بارے میں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسر سے پوچھیں۔ آپ اپنے سوالات یا رہائش کے بارے میں شکایات درج کرانے کیلئے اس ادارے سے رابطہ کرسکتے ہیں۔


# 4.7 اپنے گھر میں محفوظ رہنا

گھر میں محفوظ رہنے کیلئے آپ کو چند اقدامات کرنے ہوں گے۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر آپ کو ان اقدامات کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔


ہدایات: اپنے نئے گھر میں محفوظ رہنے کیلئے یہ نکات پڑھیں۔ ایسے حفاظتی اقدامات کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جن کے بارے میں آپ کینیڈا میں حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسرز سے پوچھیں گے۔



1. دروازوں کو تالا لگانا




2. دھوئیں کی اطلاع دینے والے آلات کو باقاعدگی سے چیک کرتے رہنا اور باہر نکلنے کے ہنگامی راستوں کا علم رکھنا




8. آلات کے محفوظ طریقے سے استعمال اور گھر میں ہونے والے حادثات سے بچنے کے طریقوں کا علم رکھنا





3. زیورات اور دیگر قیمتی سامان کو کسی محفوظ جگہ رکھنا



7. کرایہ دار کی انشورنس کرانا




4. اپنے پڑوسیوں کی جانکاری رکھنا



6. اپنے گھر کے آس پاس کسی بھی مشتبہ فرد کی اطلاع دینا



5. کسی اجنبی کو گھر میں داخلے کی اجازت نہ دینا


# 4.8 اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھنا

صحت مند رہنے کے لئے اپنی رہائش گاہ کو صاف رکھنا ضروری ہے۔

ہدایات: اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھ کر صحت مند رہنے کے طریقے پڑھیں۔ صفائی کے وہ طریقے جو آپ کیلئے نئے ہیں اس خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



1. کوڑا کرکٹ باقاعدگی سے ایک جگہ جمع کرنا، اسے علیحدہ کرنا اور ری سائیکلنگ والے دن باہر نکالنا۔



2. ویکیوم کرنا اور فرش کو صاف ستھرا رکھنا۔



7. پیڈ، ٹیمپون اور ڈایپر جیسی سینیٹری مصنوعات کو غسل خانوں میں پھینکنے کی بجائے کوڑے کی ٹوکری میں ڈالنا۔






3. گھر کو صاف ستھرا رکھنا



6. بیت الخلا، سنک، باتھ ٹب اور شاور کی صفائی ستھرائی



4. برتن دھونا



5. کپڑے اور بستر دھونا

## یونٹ 5

# صحت



یونٹ 5

# صحت




## 5.1 کینیڈا میں صحتِ عامہ کی سہولیات

ہر صوبہ اور علاقہ اپنے باشندوں کو عوامی سطح پر مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ امداد کی مقدار ایک سے دوسرے صوبے یا علاقے میں مختلف ہوسکتی ہے۔ جب آپ کینیڈا میں طبی خدمات حاصل کرتے ہیں تو عام طور پر آپ کو ان کی ادائیگی براہِ راست نہیں کرنی پڑتی۔ یہ سہولیات لوگوں کے دیئے گئے ٹیکسوں سے فراہم کی جاتی ہیں۔




پبلک فنڈڈ صحتِ عامہ کی سہولیات و خدمات کو استعمال کرنے کیلئے آپ کو صحت کارڈ (ہیلتھ کارڈ) کی ضرورت ہوگی۔ آپ جہاں رہتے ہیں اس صوبے یا علاقے میں ہیلتھ کارڈ کے حصول کیلئے درخواست دیں گے۔ جتنا جلد ممکن ہوسکے حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کفیل/سپانسر سے اپنے ہیلتھ کارڈ کیلئے درخواست دینے میں مدد لیں۔



صحت کی دیکھ بھال کرنے والی کچھ خدمات مکمل طور پر مفت ہیں جبکہ بعض کی جزوی اور بعض کی پوری فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔ صحت کی دیکھ بھال کی وہ خدمات جن کیلئے لوگوں کو بعض اوقات براہ راست ادائیگی کرنا پڑتی ہے ان میں شامل ہیں:



1. نظر کی عینک



2. دانتوں کی دیکھ بھال



3. نسخے والی دوائیں



4. ایمبولینس سروس



5. مخصوص طبی ضروریات کے حامل افراد کی ان کے گھر میں دیکھ بھال

مزید معلومات کیلئے حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا کفیل (سپانسر) سے پوچھیں یا اپنے صوبے یا علاقے کی ویب سائٹ دیکھیں۔


1. جب آپ یا آپ کے خاندان کا کوئی فرد کام کرنا شروع کر دے تو آجر سے پوچھیں کہ کیا وہ آپ کو میڈیکل کی اضافی سہولیات دیتا ہے جو آپ کے صوبے یا علاقے کے سرکاری پروگرام میں شامل نہیں۔




2. کچھ صوبوں یا علاقوں میں نسخے کی دوائیں اور دانتوں کی دیکھ بھال بعض لوگوں کیلئے کم قیمت پر یا بالکل مفت ملتی ہیں۔ حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیل (سپانسر) سے اس بارے میں پوچھیں۔




3. کینیڈا میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ بچے کب اور کتنے پیدا کرنے ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ آپکو اپنے جسم کے بارے میں فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار ہے۔



4. طبعی طور پر مخلوط جنسی خصوصیات کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں کی عام طور پر سرجری نہیں کی جاتی، اگر یہ طبی طور پر ضروری نہ ہو۔



5. اپنی پیدائشی جنس سے مختلف جنسی شناخت کیلئے سرجری کرانا قانونی ہے۔






پبلک فنڈڈ صحتِ عامہ کی سہولیات و خدمات حاصل کرتے ہوئے آپ کو اپنا ہیلتھ کارڈ دکھانا ہوگا۔ صرف اپنے ہیلتھ کارڈ کا استعمال کریں اور اپنا کارڈ کسی اور کو استعمال کیلئے نہ دیں۔



## 5.2 عبوری فیڈرل ہیلتھ پروگرام (PFSI/IFHP)


صوبائی یا علاقائی صحت عامہ کی سہولیات حاصل کرنے کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کینیڈا میں کہاں رہتے ہیں۔




عبوری فیڈرل ہیلتھ پروگرام (آئی ۔ایف۔ ایچ۔ پی ) اس وقت تک ضروری طبی سہولیات فراہم کرتا ہے جب تک کہ آپ کو اپنا ہیلتھ کارڈ نہ مل جائے اور آپ کو عوامی صحت کی سہولیات تک رسائی حاصل نہ ہوجائے۔ جب تک آپ حکومت سے یا اپنے سپانسر سے مالی امداد وصول کرنے کے حقدار ہوتے ہیں اس کارڈ کے ذریعے اضافی طبی خدمات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:





کینیڈا پہنچنے پر آپ کو اپنا آئی ۔ایف۔ ایچ۔ پی سرٹیفکیٹ ملے گا۔ اسے محفوظ رکھیں۔



جب بھی آپ کو کسی طبی سہولت یا دوائی کی ضرورت ہو تو آپ کو اپنا آئی ۔ایف۔ ایچ۔ پی سرٹیفکیٹ رجسٹرڈ آئی ۔ایف۔ ایچ۔ پی ہیلتھ کیئر فراہم کرنیوالوں کو دکھانا ہوگا تاکہ وہ آپ کے مستحق ہونے کی تصدیق کر سکیں۔

آئی- ایف- ایچ- پی کے ذریعے آپ کو صحت کی سہولیات کیلئے اضافی امداد ملے گی جو آپ کی صوبائی یا علاقائی صحتِ عامہ پروگرام کے تحت نہیں ہوگی۔ اس میں مندرجہ ذیل سہولیات شامل ہیں:



1. نظر کی محدود دیکھ بھال (چشموں کا نمبر)



2. دانتوں کی فوری نگہداشت






4. دیگر خدمات جیسے ایمبولینس، نسخے کی دوائیں اور ترجمان کی دستیابی




3. دماغی صحت کیلئے خدمات

آپ کو یہ سہولیات اس وقت ملیں گی جب آپ کینیڈا کی حکومت اور/ یا سپانسر کی مالی مدد وصول کرنے کے حقدار ہوں گے۔ آئی- ایف- ایچ- پی سہولت ختم ہونے کے بعد آپ کو اضافی طبی سہولیات کیلئے ادائیگی کرنا ہوگی۔







آئی- ایف- ایچ- پی سے مستفید ہوتے وقت پوچھ لیجیئے کہ کیا آپ اس کے تحت اپنی مطلوبہ طبی سہولت حاصل کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو آپکو اسکی ادائیگی کرنا ہوگی یا اس وقت تک انتظار کرنا ہوگا جب تک کہ آپ کو اپنے صوبائی یا علاقائی پروگرام کے تحت صحت عامہ کی سہولیات تک رسائی حاصل نہ ہو جائے۔ حکومتی امداد سے چلنے والی تنظیم یا کفیل آپ کو بتائے گا کہ آئی- ایف- ایچ- پی میں کون سی سہولیات یا دوائیاں شامل ہیں۔ آپ آئی- ایف- ایچ- پی کے رجسٹرڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی تلاش کیلئے یہاں بھی دیکھ سکتے ہیں۔



# 5.3 صحت کی دیکھ بھال کی مختلف سہولیات کے لئے کہاں جانا ہو گا؟

کینیڈا میں ہیلتھ کیئر فراہم کرنے والے مختلف قسم کی سروسز دیتے ہیں۔

ہدایات: کینیڈا میں ہیلتھ کیئر کے مختلف فراہم کنندہ دیکھیں۔ ہر فراہم کنندہ اوراسکی تفصیل کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔

1. 



فیملی ڈاکٹرز

2. 

مراکز صحت

3. 



ہنگامی امداد کے کمرے

4. 

ہسپتال

ا) اگر آپ صحت کے کسی سنجیدہ اور فوری مسئلے کیلئے کسی مخصوص ہسپتال یا علاقے میں جانا چاہتے ہیں تو اس کا انحصار آپ کی بیماری کی نوعیت پر ہے۔ آپ اپنے طور پر یا ایمبولینس کے ذریعے ۹۱۱ پر کال کرکے وہاں جا سکتے ہیں۔

ب) ایسے پیشہ ور افراد جو صحت کی دیکھ بھال کے عمومی مشورے دیتے اورعلاج کرتے ہیں وہ آپ کو سپیشلسٹ ڈاکٹر کے بارے میں بتا سکتے ہیں جو آپ کا علاج کر سکے۔ کینیڈا پہنچنے سے پہلے آپ کو اپنا میڈیکل ٹیسٹ اور ویکسین کارڈ دکھانا ہو گا۔


پ) صحت کی دیکھ بھال کرنے والے بڑے مراکز جہاں آپ صحت کے ان سنگین مسائل کے علاج کیلئے جاتے ہیں جن میں ٹیسٹ یا سرجری کی ضرورت ہو۔


ت) جہاں کسی خاص علاقے میں رہنے والے افراد فیملی ڈاکٹروں اور نرسوں سے ملنے جا سکتے ہیں۔

کینیڈا میں اپنی ذاتی طبی معلومات کسی کو بتانا آپ کا ذاتی فیصلہ ہے۔ دوسروں کو اس بارے اس وقت تک نہیں بتایا جائے گا جب تک آپ اس کی اجازت نہیں دیتے یا آپ براہ راست کسی کو نہیں بتاتے۔ اپنی صحت کے بارے میں فیصلہ کرنا اور کسی سے مشورہ کرنا آپ کی اپنی صوابدید پر منحصر ہے۔



جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ت)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)؛

5. 
واک - اِن کلینک

6. 
ماہرین / سپیشلسٹ

7. 
دندان ساز/ڈینٹسٹ

8. 
دوائیں

9. 
ذہنی صحت کی خدمات

ٹ) آپ کا فیملی ڈاکٹر بعض اوقات آپ کو کسی ایسے ڈاکٹر کو دکھانے کا کہہ سکتا ہے جو صحت کے کسی مخصوص شعبے سے متعلق ہو یا اس کا سپیشلسٹ ہو۔ اگر کوئی ایمر جنسی نہ ہو تو ایسے ڈاکٹروں سے چیک کرانے میں کئی مہینے لگ سکتے ہیں۔

ث) اگر آپ کو دانتوں کی تکلیف ہے تو آپ کو کس کے پاس جانا چاہئیے۔ ایسی زیادہ تر سہولیات عوامی صحتِ عامہ کا حصہ نہیں ہوتیں۔ تاہم صحتِ عامہ کے کچھ پروگراموں کے تحت ہسپتال میں دانتوں کی فوری سرجری ممکن ہے۔

ج) ایسے طبی مسائل جن سے موت واقع ہونے کا اندیشہ نہیں، یا جب آپ کا کوئی فیملی ڈاکٹر نہ ہو، یا وہ دستیاب نہ ہو تو آپ یہاں جائیں گے۔یہاں عام طور پر پہلے سے وقت لینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

چ) ایسے پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افراد جو آپ کی جذباتی تکلیف میں مدد کرسکتے ہیں۔ اگر کسی جذباتی ٹھیس کی وجہ سے آپ کی روز مرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے توپیشہ ورانہ راہنمائی اور مدد حاصل کریں۔

ح) ایسے میڈیکل سٹور جہاں آپ دوائیں اور صحت کی دیکھ بھال کا دیگر سامان خریدنے جاتے ہیں وہاں کا عملہ کچھ ادویات اور احتیاطی ٹیکوں کے بارے میں آپ کو بتا سکتا ہے۔




کینیڈا میں فیملی ڈاکٹر تلاش کرنے میں وقت لگتا ہے۔ آتے ہی حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے پوچھیں۔ اس دوران اگر آپ کو صحت کی کوئی فوری تشویش لاحق نہیں اور صرف ڈاکٹر کو دکھانا ہے تو آپ واک-اِن کلینک یا کسی کمیونٹی ہیلتھ سینٹر میں جاسکتے ہیں۔





جوابات: 5 (ج)؛ 6 (ٹ)؛ 7 (ث)؛ 8 (ح)؛ 9 (چ)؛

# 5.4 میڈیکل چیک اپ کیلئے وقت لینا





طبی معائنے کیلئے وقت پر پہنچنا ضروری ہے۔ اگر آپ دیر سے پہنچیں گے تو ڈاکٹر آپ کو ملنے سے انکار کر سکتا ہے۔ اسی طرح اگر آپ نے اس طبی سہولت کی فیس ادا کر دی ہے لیکن آپ پہنچنے میں تاخیر کرتے ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کو سروس نہ دی جائے اور فیس بھی ادا کرنی پڑے۔ طبی معائنے کی تاریخ اور وقت ہمیشہ لکھ لیں۔

ہدایات: کینیڈا میں ڈاکٹر سے وقت لینے کا اس فیملی کا تجربہ دیکھیں۔


.1



.2





.3





.4




.5




.6





یونٹ 5: صحت

# 5.5 دماغی صحت




دماغی صحت سے مراد ہے کہ زندگی کا مقابلہ کرنے میں آپ کے احساسات، سوچ اور برتاؤ کیسا ہے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ تناؤ، غصے اور افسردگی کو کس طرح جھیلتے ہیں۔


1. کسی کو بھی دماغی صحت کے مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ہر جنس، عمر، تعلیم، آمدنی اور ثقافت کے لوگ ذہنی بیماریوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔



2. ہر سال کینیڈا کا ۵ میں سے ا فرد ذہنی صحت کے مسئلے سے متاثر ہوتا ہے۔



3. چالیس سال کی عمر تک تقریباً 50٪ آبادی کو دماغی صحت کا مسئلہ درپیش ہو چکا ہو گا یا ہو جائے گا۔




4. 211 پر فون کرکے یا آن لائن ذہنی صحت کی خدمات تلاش کرکے معلومات حاصل کریں۔ آپ مدد کیلئے اپنے فیملی ڈاکٹر، نرس یا سماجی کارکن سے بھی پوچھ سکتے ہیں۔
کینیڈا میں نئے آنے والے اپنی ذہنی صحت کا خیال کیسے کرسکتے ہیں اس بارے میں مزید معلومات کے لئے یہاں پڑھیں:





5. ذہنی مسائل کا شکار بچے
1-800-668-6868 پر کال کریں
یا یہاں پڑھیں:



# 5.6 نئے آنے والوں کی کچھ مشکلات


ہدایات: کینیڈا میں نئے آنے والوں کو درپیش مشکلات دیکھیں۔ کینیڈا میں آپ کو جو مشکلات پیش آ سکتی ہیں اس خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔




1. غیر محفوظ علاقے، اپنے گھر، خاندان اور دوستوں کو چھوڑنا



2. رہنے کی جگہ ڈھونڈنا



3. نئے دوست بنانا




4. ملازمت تلاش کرنا




5. گھر والوں کی دیکھ بھال کرنا



6. ایک نئے معاشرے میں آباد کاری



7. موسم کا عادی ہونا




8. نئے سکول میں پڑھائی شروع کرنا

## 5.7 مدد کب مانگنی ہے؟

نئے ملک میں زندگی شروع کرنے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں اور وہاں کے طرزِ زندگی سے ایڈجسٹ ہونے میں وقت درکار ہوتا ہے۔ ایڈجسٹ ہونے کے دوران ملے جلے جذبات محسوس کرنا معمول کی بات ہے۔ تاہم اگر یہ احساسات آپکے روزمرہ کاموں کو متاثر کرنے لگیں تو مدد حاصل کریں۔ کسی سے اپنی پریشانی شیئر کرنا اپنی مدد کیطرف آپکا پہلا قدم ہے۔ اگر آپ یا آپکا کوئی جاننے والا پریشان ہو تو مدد طلب کریں:



1. اداسی یا ناامیدی



2. خوابوں میں ڈرنا یا برے خواب دیکھنا




3. بھوک نہ لگنا



4. بے خوابی



5. تھک جانا




6. جھنجھلاہٹ یا غصہ



7. پریشان یا دباؤ میں ہونا




8. تنہا، الگ تھلگ یا کھنچے رہنا




9. خود کو نقصان پہنچانے یا خودکشی کے بارے میں سوچنا

# 5.8 آپ اپنی اور دوسروں کی کس طرح مدد کرسکتے ہیں؟




اگر آپ غمگین یا پریشان ہیں تو ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو آپ خود یا دوسروں کی مدد سے کرسکتے ہیں۔ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جن سے آپ کو سکون یا خوشی ملتی ہے۔


ہدایات: ان کاموں کو دیکھیں۔کینیڈا کی زندگی سے ایڈجسٹ کرنے میں دشواریوں سے نبردآزما ہونے والے ایسے کاموں کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جو آپ کیلئے مددگار ہوں ۔




1. دوسروں کے ساتھ یا ان کیلئے کھانا پکانا




2. دوسروں کی مدد کرنا



3. گھر والوں اور دوستوں کے ساتھ تعلق




4. گھر سے باہر وقت گزارنا



5. صحت بخش غذا کھانا۔


مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



6. عبادت کرنا یا مراقبہ کرنا




7. کھیل کھیلنا یا ورزش کرنا




8. قابل بھروسہ لوگوں سے گفتگو کرنا



9. زندگی کے مثبت پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرنا




10. اپنی ثقافتی سرگرمیوں میں حصہ لینا



11. اپنے لئے وقت نکالنا اور اپنی پسند کے مشاغل اپنانا جیسے کتاب پڑھنا یا نئ چیزیں بنانا

آپ کی جذباتی صحت اتنی ہی اہم ہے جتنی آپ کی جسمانی صحت۔ ان دونوں کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ جس طرح آپ جسمانی تکالیف کیلئے مدد حاصل کرتے ہیں بالکل اسی طرح جذباتی مسائل کیلئے مدد لینا بھی ضروری ہے۔



# 5.9 حفظانِ صحت کے ذریعے صحت کے مسائل کی روک تھام

اپنے آپ کو اور دوسروں کو تکلیفوں اور بیماریوں سے بچانے کے لئے اچھی صحت ضروری ہے۔


ہدایات: صحت سے متعلق امور دیکھیں۔ ہر مسئلے اور اس کو روکنے کے طریقوں کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

1.




منہ کی بدبو اور دانت خراب ہونا

2.



زکام، اسہال اور ملیریا

3.



بیماریوں کا پھیلاؤ

4.




جوئیں پڑنا



ا) بیمار ہونے پر ماسک استعمال کرنا، کھانسی یا چھینکتے وقت اپنے منہ کو ڈھانپنا اور اس کے بعد اپنے ہاتھ دھونا۔



ب) کسی دوسرے کے کپڑے، برش یا تولیہ استعمال نہ کرنا۔



پ) دن میں 2 سے 3 بار دانت صاف کرنا اور باقاعدگی سے دانتوں کا خلال کرنا۔



ت) کم سے کم 20 سیکنڈ تک صابن سے ہاتھ دھونا، خاص طور پر بیت الخلا جانے کے بعد یا کھانا پکانے سے پہلے۔



بچوں اور بوڑھوں کیلئے ڈائپر اور حیض کے دوران پیڈ یا ٹیمپون کا استعمال ذاتی حفظانِ صحت کیلئے ضروری ہے۔ انہیں گھر یا عوامی بیت الخلا میں باقاعدگی سے تبدیل کیا جاتا ہے۔



جوابات: 1 (پ)؛ 2 (ت)؛ 3 (ا)؛ 4 (ب)؛

# یونٹ 6

# تعلیم




# تعلیم



## 6.1 کینیڈا میں تعلیم



قانون کے مطابق کینیڈا میں بچوں کو تعلیم دینا ضروری ہے۔ صوبے یا علاقے کے اعتبار سے بچے 4 اور 6 سال کی عمر کے درمیان تعلیم حاصل کرنا شروع کردیتے ہیں جو 16 سے 18 سال کی عمر تک جاری رہتی ہے۔



کینیڈا میں صوبے اور علاقے تعلیم کے ذمہ دار ہیں۔ انکے قواعدوضوابط رہائشی علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ جہاں آپ رہتے ہیں وہاں تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




کینیڈا میں دو سرکاری زبانیں ہیں: انگریزی اور فرانسیسی۔ عام طور پر سرکاری سکولوں میں ان دونوں میں سے کسی ایک زبان میں تعلیم دی جاتی ہے ۔

انگریزی سکولوں میں اسباق انگریزی میں پڑھائے جاتے ہیں اور فرانسیسی کو بطور دوسری زبان پڑھایا جاتا ہے۔ جبکہ فرانسیسی سکولوں میں انگریزی کو بطور دوسری زبان پڑھایا جاتا ہے۔ فرنچ امرژن سکول فرانسیسی وانگریزی دونوں کا مرکب ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے حکومتی مالی امداد سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسرز سے پوچھیں۔

کیوبیک صوبے میں سرکاری زبان فرانسیسی ہے۔ نئے آنے والے بچے ایسے سکولوں میں جائیں گے جہاں فرانسیسی زبان میں اسباق پڑھائے جاتے ہیں۔ فرانسیسی زبان میں تعلیم کے بارے میں معلومات یہاں سے حاصل کریں:



# 6.2 بچوں کے لئے تعلیم کا چناؤ

ہدایات: کینیڈا میں بچوں کو تعلیم دینے کے مختلف طریقے پڑھیں۔ آپ کے رہائشی علاقے کے لحاظ سے یہ مختلف ہوسکتے ہیں۔ تعلیم کی آپشنز کے خانے میں وہاں چیک کا نشان لگائیں جس کے بارے میں آپ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسرز سے کینیڈا آنے کے بعد پوچھنا چاہتے ہیں۔

☐ **1. سرکاری سکول**

الف) یہ کینیڈا میں سکولوں کی سب سے عام قسم ہے۔ یہ سکول عوامی ٹیکسوں سے چلتے ہیں۔ صوبے اور علاقے اس امر کو یقینی بناتے ہیں کہ سرکاری سکولوں میں اعلی معیار کی تعلیم دستیاب ہو۔ ان سکولوں میں پڑھانے کیلئے اساتذہ کا سند یافتہ ہونا اور سرکاری نصاب کے مطابق پڑھانا ضروری ہے۔



☐ **ب) علیحدہ سکول**

یہ عوامی امداد سے چلنے والے سکول ہیں جو صرف کچھ صوبوں اور علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ ان سکولوں میں رومن کیتھولک مذہب نصاب کا حصہ ہے۔



☐ **2. نجی اسکول**

ان سکولوں میں طلبہ کی تعلیم کیلئے فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔ ان میں سے کچھ سکول حکومت کے مقرر کردہ قواعد پر عمل پیرا ہیں۔ دوسرے پرائیویٹ سکول خود فیصلہ کرتے ہیں کہ انکے طلباء کیا سیکھتے ہیں اور انہیں کون پڑھاتا ہے۔ ان سکولوں میں مذہبی تعلیمات نصاب کا حصہ ہوسکتی ہیں۔



☐ **3. گھریلو تعلیم**

کچھ خاندان طلباء کو گھر میں تعلیم دینے کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ ثابت کرنے کیلئے کہ وہ تعلیم حاصل کررہے ہیں طلباء کا ایجوکیشن سسٹم میں اندراج ضروری ہوتا ہے۔ زیادہ تر اخراجات گھر والے ادا کرتے ہیں اور یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ طلباء کیا سیکھیں گے ۔ گھروں میں تعلیم کے ضوابط صوبوں اور علاقوں کے درمیان مختلف ہوتے ہیں۔




تعلیم سے متعلق مزید معلومات کیلئے اپنے صوبے یا علاقے کی وزارت تعلیم کی ویب سائٹ دیکھیں۔


# 6.3 کینیڈا میں عوامی تعلیم

ہدایات: کینیڈا میں بچوں کے لئے تعلیم کے مشترکہ پہلوؤں کے بارے میں پڑھیں۔





1. تعلیمی سال اگست کے آخر یا ستمبر کے شروع میں شروع ہوتا ہے اور جون میں ختم ہوتا ہے۔ اگر آپ کینیڈا تعلیمی سال کے دوران پہنچتے ہیں تو بھی آپ بچوں کو سکولوں میں داخل کرا سکتے ہیں۔



2. عوامی اور سکول کی تعطیلات کے علاوہ طلباء پیر سے جمعہ تک سکول جاتے ہیں۔



3. طلبا عام طور پر 7 سے 8 گھنٹے سکول ہوتے ہیں۔ طلباء اس پورے وقت میں سکول کے اندر ہی رہتے ہیں۔



4. اگر نووارد طلباء انگریزی یا فرانسیسی نہ بھی بول سکتے ہوں تو بھی انکو اکثر اس درجے میں رکھا جاتا ہے جو ان کی عمر کے مطابق ہو۔ زبان سیکھنے میں ان کی اضافی مدد کی جاتی ہے۔




5. جسمانی طرز عمل یا سیکھنے میں مسائل کا سامنا کرنے والے طلباء کیلئے اکثر اضافی مدد دستیاب ہوتی ہے۔ یہ مدد سکول یا کسی اور جگہ پر بھی دی جاسکتی ہے۔ آپ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسرز سے بات کریں اور آتے ہی مدد طلب کریں۔

# 6.4 کینیڈا میں بنیادی تعلیم کی سطح


ہدایات: بچوں کے تعلیمی درجات کو دیکھیں۔ کچھ صوبوں اور علاقوں میں یہ درجے مختلف ہوسکتے ہیں۔



کنڈرگارٹن (روضتہ الاطفال): 5 – 3 سال کی عمر




پرائمری سکول: 10 – 6 سال کی عمر (گریڈ 5 – 1)




مڈل سکول: 13 – 11 سال کی عمر (گریڈ 8 – 6)



سیکنڈری سکول (ہائی سکول): 18 – 14 سال کی عمر (گریڈ 12 – 9)



سیکنڈری سکول ڈپلومہ



سکول جانے والے طلبا کو یہ ثابت کرنا ہو گا کہ انہیں مخصوص بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگ گئے ہیں یا انہوں نے استثنیٰ کیلئے درخواست دے رکھی ہے۔ ویکسی نیشن ریکارڈ کو اپ۔ٹو۔ڈیٹ رکھنا ضروری ہے۔




# 6.5 کینیڈا میں بحیثیت طالب علم

ہدایات: کینیڈا میں سرکاری سکول کے طالب علم ہونے کا تجربہ کیسا ہے، اس بارے میں پڑھیں ان بیانات کے خانے میں چیک "✔" کا نشان لگائیں جو آپکے گزشتہ ممالک سے مختلف ہیں۔



1. ☐ طلباء عام طور پر یونیفارم نہیں پہنتے۔



2. ☐ جب کوئی استاد کمرے میں داخل ہوتا ہے تو عام طور پر طلباء کھڑے نہیں ہوتے۔



3. ☐ طلباء صنفی، ثقافتی پس منظر یا قابلیت سے قطع نظر تعلیمی کام اور مطالعہ ایک ساتھ مل کر کرتے ہیں۔



4. ☐ سکول میں طلباء کو گھر میں کرنے کیلئے کچھ کام ملتا ہے جسے ہوم ورک کہتے ہیں۔



5. ☐ طلباء ایک دوسرے کو یا سکول کا عملہ انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ سکولوں میں جان بوجھ کر دوسروں کو نقصان پہنچانے کی سنگین سزا ہے۔




6. ☐ تمام مذاہب کے طالبعلم مل کر تعلیم حاصل کرتے ہیں لہٰذا سب کو ایک دوسرے کے مذہب کا یکساں طور پر احترام کرنا چاہئے۔



7. ☐ طلباء سکول میں کھانے کیلئے گھر سے لنچ لاتے ہیں۔


بہت سارے سرکاری سکولوں میں کارکنوں کی مدد سے نئے آنے والے خاندانوں اور طلباء کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ تعلیم کا نظام کس طرح کام کرتا ہے اور کینیڈا میں تعلیم کس طرح حاصل کرنی ہے۔



8. طلبہ کو کلاس میں پڑھائی سے متعلقہ ضرورت کی کچھ چیزیں فراہم کی جاتی ہیں۔ اہل خانہ کو دوسرا سامان جیسے سکول بیگ، کاپیاں، فائلیں اور دوڑنے والے جوتے خریدنے پڑتے ہیں۔ ☐



9. طلباء سیکھتے ہیں کہ ان کے جسم کی نشوونماکیسے ہوتی ہے اور اس میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں۔ اسے جنسی تعلیم کہتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے سکول سے پوچھیں۔ ☐



10. طلباء کو سکول میں شراب یا منشیات وغیرہ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ☐



11. طلباء مختلف نظریات پر تبادلہ خیال کرتے ہیں، گروہوں میں کام کرتے ہیں اور سوالات پوچھ کر سیکھتے ہیں۔یہاں طالبعلموں کو رٹہ لگانے کیلئے نہیں کہا جاتا۔ ☐



12. طلباء انگریزی، فرانسیسی یا دونوں زبانوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ ☐




13. طلباء کلاس روم کے باہر منظم سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ کچھ مثالیں کھیل، کلب یا عجائب گھروں کے سفر ہیں۔ اس طرح طلبا نئ دلچسپیاں پیدا کرتے ہیں اور دوست بناتے ہیں۔ ☐



14. طلباء اور اساتذہ میں تنوع پایا جاتا ہے۔ وہ مختلف نسلوں، مذاہب، جنس، جنسی رجحانات اور صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔ ☐





مذکورہ بالا فرق میں سے کون سا آپ کیلئے یا آپ کے گھر والوں کے نزدیک طالب علم کیلئے مشکل ہوگا؟ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے اپنے تحفظات کے بارے میں بات کریں۔

# 6.6 ڈرانا دھمکانا (بلئینگ)


ڈرانا دھمکانا سکولوں میں ہونے والے امتیازی سلوک کی ایک قسم ہے۔ اس کا اثر ہر کمیونٹی کے افراد پر پڑتا ہے۔



1. زبانی ڈرانے دھمکانے میں کسی کا نام بگاڑنا، اس کو دھمکانا یا آوازیں کسنا شامل ہیں۔



2. جسمانی دھونس میں کسی کو ہاتھ سے مارنا، چھڑی سے مارنا، چٹکیاں کاٹنا، پیچھا کرنا، دھکیلنا، ذاتی اشیاء کو نقصان پہنچانا یا چوری کرنا یا ناپسندیدہ جنسی چھیڑ خانی شامل ہے۔





4. ورچوئل یا سائبر بلئینگ میں شامل ہے بذریعہ انٹرنیٹ، سوشل میڈیا یا ٹیکسٹ میسج کسی کو ڈرانا دھمکانا، بے عزت کرنا، افواہیں پھیلانا یا مذاق اڑانا۔



3. جذباتی دھونس سے مراد ہے کسی کو اپنے گروپ میں شامل نہ ہونے دینا یا دوسروں کے سامنے توہین آمیز سلوک کرکے اسے باہر نکال دینا۔

سکولوں میں طلباء کو ڈرانا دھمکانا (بلئینگ) ایک افسوس کن حقیقت ہے۔ کینیڈا کے تمام سکول اس سنگین مسئلے کو حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے کسی جاننے والے کو بلئینگ کا سامنا ہے تو کسی قابل اعتماد بڑے شخص، اساتذہ، سکول کے منتظم، حکومتی مالی امداد سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسرز سے بات کریں۔



# 6.7 خاندان اور تعلیم

گھر کے افراد کو چاہئے کہ وہ طالب علموں کی مدد کریں اور حصول تعلیم میں فعال کردار ادا کریں۔
اس میں مندرجہ ذیل عوامل شامل ہیں:



1. بچوں کے ہوم ورک میں ان کی مدد کرنا




2. اساتذہ سے ملاقات اور گفتگو



3. سکول میں رضاکارانہ خدمات انجام دینا

اگر آپ کے خاندان میں 12 سال سے کم عمر بچے ہیں تو وہ کسی نگران کے بغیر تنہا نہیں رہ سکتے۔

بچوں کی دیکھ بھال کے مختلف طریقے:




1. خاندان کے ذمہ دار فرد بچوں کی دیکھ بھال کریں



2. بچوں کی نگہداشت کا لائسنس یافتہ ادارے (چلڈرن کیئر سنٹر) یا نرسری سکول میں ان کا اندراج کرانا



3. بچوں کی دیکھ بھال کے لئے قابل اعتماد گھریلو خدمات (ڈے کیئر) تلاش کرنا



4. کسی ذمہ دار فرد کو ان کی دیکھ بھال کے لئے ملازم رکھنا

بچوں کی دیکھ بھال کی لاگت ہر صوبے اور علاقے میں مختلف ہوتی ہے۔ حکومت کی مدد سے چلنے والے ڈے کیئر سنٹر کچھ صوبوں اور علاقوں میں کم قیمت پر دستیاب ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے پوچھیں۔

# 6.8 طلبہ کے حالات

ہدایات: طالب علموں کے حالات کے بارے میں پڑھیں۔ غور کریں کہ آپ یا آپ کے خاندان کے کسی طالب علم کو ان حالات کا سامنا ہوتا تو آپ کیا کرتے۔



1. طالب علم سکول جانے سے انکاری ہے۔



2. جب ایک 15 سالہ طالب علم سکول کی سپورٹس ٹیم میں شامل ہوتا ہے تو اس کی پڑھائی خراب ہوتی ہے۔



3. طالب علم کلاس کے دوران استاد کو ٹوک کر اور دوستوں کے ساتھ گفتگو کر کے بدتمیزی کر رہا ہے جبکہ اسے خاموشی سے کام کرنا چاہیے



4. سکول کے بعد ایک 17 سالہ طالب علم کا مخلوط پارٹی میں شریک ہونا

# 6.9 بالغ طلباء


ہدایات: بالغ افراد کینیڈا میں کیوں پڑھتے ہیں اس کی عمومی وجوہات پڑھیں۔ آپ بالغ ہونے کے بعد کینیڈا میں کیوں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں، اسکا جواب دینے کیلئے متعلقہ خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



1. ☐ ادھوری تعلیم مکمل کرنا





2. ☐ اپنی انگریزی اور/یا فرانسیسی کو بہتر بنانا



3. ☐ سند، ڈپلومہ یا ڈگری حاصل کر کے اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانا

بالغوں کیلئے جنھوں نے اپنی ثانوی تعلیم (ہائی اسکول) ختم نہیں کی، ڈپلومہ حاصل کرنے میں انکی مدد کیلئے کلاسیں موجود ہیں۔ ان میں سے کچھ کلاسیں بالغوں کو لکھنا پڑھنا بھی سکھاتی ہیں بیشک انہیں اپنی زبان بھی نہ آتی ہو۔



# 6.10 بالغان کیلئے زبان کی کلاسیں

ہدایات: کینیڈا میں مستقل رہائشیوں کیلئے حکومتی فنڈ سے چلنے والی لینگوئج کلاسوں کے بارے میں پڑھیں۔




1. انگریزی اور/ یا فرانسیسی زبان سیکھنے کے لئے لینگوئج کلاسیں دستیاب ہیں۔




2. لینگوئج کلاسیں شروع کرنے کے لئے آپ کو پہلے ایک مفت امتحان دینا ہو گا۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے پوچھیں کہ آپ اس امتحان کو کب اور کہاں دے سکتے ہیں۔ اپنی اہلیت کا اندازہ لگانے کیلئے جانچ یہاں کریں:



3. یہ کلاسیں کل وقتی، جز وقتی، دن، شام یا ہفتہ وار ہو سکتی ہیں۔




4. اس کلاس میں صرف زبان ہی نہیں اور بھی بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ آپ کینیڈا میں زندگی کے بارے میں سیکھتے ہیں۔



5. لینگوئج کلاسز میں آپ کے بچوں کی نگہداشت، آنے جانے کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ کا ٹکٹ یا دیگر سہولتیں میسر ہو سکتی ہیں۔ اس بارے میں پوچھیں۔


# 6.11 مستقل رہائشیوں کیلئے لینگویج کلاس کیوں ضروری ہے؟

ہدایات: مستقل رہائشیوں کیلئے لینگویج کلاسز کی وجوہات پڑھیں۔ آپ بالغ ہونے کے ناطے کینیڈا میں انگریزی اور/یا فرانسیسی زبان کیوں سیکھنا چاہتے ہیں اس کی وجوہات کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔


1. نوکری تلاش کرنے کیلئے ☐



2. خدمات تک رسائی میں آسانی کیلئے ☐



3. عوامی نقل و حرکت کے ذریعے (پبلک ٹرانسپورٹ) اپنی نئی کمیونٹی میں آنے جانے کیلئے ☐



4. بچوں کی تعلیم میں ان کی مدد کیلئے ☐



5. اپنی نئی کمیونٹی کے لوگوں سے رابطہ بڑھانے کیلئے ☐



6. شہریت حاصل کرنے کیلئے زبان کا سیکھنا ☐



7. تعلیم جاری رکھنے کیلئے ☐




# 6.12 بالغوں کیلئے تعلیمی مواقع


1. ثانوی تعلیم مکمل کرنے کے بعد بالغ طلبا کالج، دوسرے اداروں یا یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرسکتے ہیں۔




2. یہاں نشستیں محدود ہوتی ہیں اور داخلے کیلئے بہت کوشش کرنی پڑتی ہے۔ داخلے کے تمام لوازمات پورے ہونے چاہئیں اور وقت پر درخواست دیں۔



3. آپ کو کیا پڑھنا چاہئیے اس بارے میں داخلہ سے قبل مقامی لیبر مارکیٹ کی تحقیق کریں۔ کینیڈا کے کالجوں، اداروں اور یونیورسٹیوں میں پیش کردہ تعلیم کے مختلف پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



4. کینیڈا میں ڈپلومہ یا ڈگری حاصل کرنا اس بات کی ضمانت نہیں کہ آپ کو نوکری آسانی سے مل جائے گی۔ تاہم کچھ ملازمتوں کی صرف درخواست دینے کیلئے ڈپلومہ یا ڈگری کی ضرورت ہوتی ہے۔



# 6.13 ثانوی تعلیم سے بعد کے تعلیمی اخراجات






پوسٹ سیکنڈری تعلیم کیلئے فیسیں ادارے اور پروگرام کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔

پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے اخراجات جاننے کیلئے

**1-888-815-45-14**

پر کال کریں یا یہاں دیکھیں:

پوسٹ سیکنڈری تعلیم کیلئے مالی مدد آپکی ضرورت کے مطابق ہوگی۔ مالی مدد مندرجہ ذیل صورتوں میں ہو سکتی ہے:



1. طلباء کیلئے حکومتی قرض کی فراہمی جو واپس ادا کرنا ہو گا۔



2. تعلیمی گرانٹ اور وظائف جو واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی




3. بینکوں سے قرض جو واپس ادا کرنا ہو گا۔ ان قرضوں کی شرائط سرکاری قرضوں کے مقابلے میں اتنی بہتر نہیں ہوتیں۔


پوسٹ سیکنڈری تعلیم کیلئے مالی تعاون سے متعلق مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:

# 6.14 پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے درجات

ہدایات: بالغوں کیلئے پوسٹ سیکنڈری تعلیم کے درجات پر نظر ڈالیں۔ کچھ صوبوں اور علاقوں میں یہ درجے قدرے مختلف ہوسکتے ہیں۔ "$" (کٹا ہوا) کوئی قیمت نہیں ہے۔ "$" کم قیمت ہے؛ "$$" درمیانی قیمت ہے؛ اور "$$$" زیادہ قیمت ہے۔




# 6.15 اسناد کی جانچ پڑتال



ہو سکتا ہے کہ آپکی سابقہ کالج، انسٹی ٹیوٹ یا یونیورسٹی تعلیم کو کینیڈا میں تسلیم نہ کیا جائے۔ کینیڈا میں کسی خاص پیشے میں اپنی تعلیم جاری رکھنے یا کام کرنے کیلئے آپ کی پچھلی تعلیم کی جانچ پڑتال ضروری ہے۔ اسناد کی جانچ کے بارے میں مزید معلومات کیلئے ۔

**416-962-9725** پر کال کریں یا یہاں پڑھیں:

ہدایات: اسناد کی جانچ پڑتال کیلئے اقدامات پڑھیں۔ کینیڈا جانے سے پہلے کرنے والے اقدامات کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔



1. ☐ اپنی تمام دستاویزات جمع کریں:
   - ا) ڈپلومے، ڈگری اور سرٹیفکیٹ
   - ب) سکول کی اسناد
   - پ) کام اور تجربے کا ثبوت
   - ت) آجر / سپروائزر کے حوالہ جات



2. ☐ تعلیم حاصل کرنے کیلئے مختلف ادارے دیکھیں اور ایسا پروگرام تلاش کریں جس میں آپ کی دلچسپی ہو۔ اس کی درخواست اور داخلے کے لوازمات کے بارے میں جانیں۔



3. ☐ ایڈمیشن آفس سے رابطہ کریں اور معلوم کریں کہ وہ کون سی تعلیمی جانچ قبول کرتے ہیں۔




4. ☐ چیک کریں کہ کیا آپ کو انگریزی یا فرانسیسی زبان سیکھنے کی ضرورت ہے۔

اسناد کی جانچ پڑتال میں وقت لگتا ہے اور پیسہ خرچ ہوتا ہے۔ کینیڈا میں رہائش کیلئے آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے اس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یہاں پڑھیں:



یونٹ 7

# روزگار



یونٹ 7


# روزگار




## 7.1 کینیڈا میں روزگار

مالی طور پر خود کفیل ہونے کیلئے ملازمت کی تلاش اور ملازمت جاری رکھنا ضروری ہے۔







ملازمت تلاش کرنے اور کینیڈا میں اپنی نئی زندگی کا آغاز کرنے کیلئے انگریزی یا فرانسیسی زبان میں ماہر ہونا لازمی ہے۔ نوواردوں کی لینگوئج کلاسوں سے متعلق معلومات کیلئے یونٹ 6، سرگرمی 6.10 دیکھیں۔



کینیڈا پہنچنے پر نہ تو کینیڈا کی حکومت اور نہ ہی کوئی امدادی تنظیم یا کفیل (سپانسرز) آپ کی ملازمت کی ضمانت دے سکتا ہے۔



کینیڈا میں اکثر لوگ اپنی زندگی کے مختلف ادوار میں سکول جاتے ہیں۔ وہ ایسا اپنی مہارتیں بہتر بنانے کیلئے یا مختلف نوکریوں کے اہل بننے کیلئے کرتے ہیں۔



حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسر سے کہیں کہ وہ روزگار سے متعلق سروسز سے آپ کے رابطے کرائیں۔





یونٹ 7: روزگار

# 7.2 کینیڈا میں کام کرنے کے بارے میں آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟


ہدایات: کینیڈا میں کام کرنے سے متعلق رویوں کے بارے میں پڑھیں۔ اگر آپ متفق ہیں تو "👍" خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے تو "🤷" خانے میں چیک "✓" لگائیں۔ اگر آپ متفق نہیں تو "👎" خانے میں چیک "✓" لگائیں۔



1. آپ اپنی مطلوبہ تنخواہ ملنے پر ہی نوکری قبول کریں گے۔ ☐ 👍 ☐ 🤷 ☐ 👎



2. آپ نوکری کی پیش کش قبول کریں گے چاہے وہ آپ کی قابلیت اور مہارت سے کم ہو۔ ☐ 👍 ☐ 🤷 ☐ 👎




3. آپ اپنی اور اپنے کنبے کی پرورش کیلئے کام کریں گے۔ یہ توقع مت رکھیں کہ دوسرے آپ کی مالی مدد کریں گے۔ ☐ 👍 ☐ 🤷 ☐ 👎




4. آپ تجربہ حاصل کرنے کیلئے رضاکارانہ کام کرنے، زبان سیکھنے اور نئے لوگوں سے ملنے کیلئے بخوشی راضی ہیں۔ ☐ 👍 ☐ 🤷 ☐ 👎

# 7.3 کینیڈا میں کون کام کرتا ہے؟


ہدایات: لوگوں کو دیکھیں۔ ایسے لوگوں کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جن کے بارے میں آپ کو لگتا ہے کہ وہ کینیڈا میں کام کرنے کا حق رکھتے ہیں۔



1. ✓ 2. ☐ 3. ☐ 4. ☐



5. ☐ 6. ☐ 7. ☐ 8. ☐



9. ☐ 10. ☐ 11. ☐ 12. ☐

ایسے قوانین موجود ہیں جو آجروں کو صنف، عمر، نسل، معاشرتی طبقہ، ازدواجی/خاندانی حیثیت، زبان، مذہب، قومیت، امیگریشن کی حیثیت، جنسی رجحان اور اہلیت یا معذوری کی بنیاد پر ملازمین کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرنے سے روکتے ہیں۔



جوابات: 1 (✓)؛ 2 (✓)؛ 3 (✓)؛ 4 (✓)؛ 5 (✓)؛ 6 (✓)؛ 7 (✓)؛ 8 (✓)؛ 9 (✓)؛ 10 (✓)؛ 11 (✓)؛ 12 (✓)

# 7.4 خاندان اور روزگار

ہدایات: پڑھیں اور دیکھیں کہ کینیڈا میں ملازمت کے بارے میں اس خاندان کا رویہ کیسے تبدیل ہوا۔



______________________ سے ملیں۔


جب وہ کینیڈا پہنچا تو اس کی عمر 60 سال تھی اور اس کا بچہ 16 سال کا تھا۔ اس سے پہلے اس نے کبھی کسی بیرونی ملک میں کام نہیں کیا تھا اور نہ ہی وہ انگریزی اور فرانسیسی بول سکتا تھا۔ 60 سال کی عمر میں اس کے ملک میں لوگ عام طور پر ریٹائرمنٹ لینا شروع کردیتے ہیں۔ تاہم کینیڈا میں صورتحال مختلف ہے۔

اسے کینیڈا میں کام کیوں کرنا چاہئے؟


1. اس کی صحت اچھی ہے اور وہ اپنی نئی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہتا ہے۔



2. وہ رقم جو اسے کینیڈا چائلڈ بینیفٹ سے ملتی ہے وہ اس وقت ختم ہوجائے گی جب اس کا بچہ 18 سال کا ہوجائے گا۔



3. وہ پنشن کا اہل نہیں اور اسے اولڈ ایج سیکیورٹی کا اہل بننے کیلئے کئی سال انتظار کرنا ہوگا۔




4. اس کا 16 سالہ بچہ یونیورسٹی جانا چاہتا ہے۔ وہ تعلیمی اخراجات میں اس کی مدد کرنا چاہتا ہے۔



5. اس نے کچھ پس انداز نہیں کیا ہوا۔




اس خاندان کے حالات اور آپ کے حالات میں کیا مشابہت ہے؟

ہدایات: دیکھیں کہ کینیڈا میں ملازمت کے بارے میں اس خاندان کا رویہ کیسے تبدیل ہوا۔


.1




.2



.3




.4



.5



.6




کینیڈا میں کام کرنے کی جگہوں پر تمام لوگوں کو ان کی صنف سے قطع نظر ایک جیسے حقوق اور مواقع میسر ہیں۔
ایک جیسا کام کرنے والے لوگوں کو ان کی جنس کی بنیاد پر علیحدہ علیحدہ تنخواہ دینا غیر قانونی ہے۔



# 7.5 کینیڈا میں ملازمت کی اقسام









1. غیر منظم نوکریاں
ان ملازمتوں کے لئے لائسنس، سند یا رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اگرچہ مختلف ملازمتوں کیلئے مختلف تقاضے ہوسکتے ہیں، پھر بھی آپ کو خاص مہارت یا تعلیمی قابلیت کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ کینیڈا میں تقریبا 80٪ ملازمتیں غیر منظم ہیں۔

2. منظم نوکریاں
ان ملازمتوں کیلئے آپ کو اپنے صوبے یا علاقے میں اپنے شعبے سے متعلقہ ادارے کا لائسنس درکار ہوتا ہے۔ یہ ادارہ ایک عوامی یا سرکاری تنظیم ہوتی ہے جو مخصوص پیشوں کے اصول و ضوابط وضع کرتی ہے۔ کینیڈا میں تقریبا 20٪ نوکریاں منظم ہیں۔

منظم ملازمتوں کی مثالیں یہ ہیں:




1. صحت کی دیکھ بھال سے متعلقہ شعبے



2. مالی خدمات



3. قانونی خدمات




4. تدریس



5. انجینئرنگ اور فنِ تعمیر



6. اکاؤنٹنگ



7. جائداد کی خریدوفروخت
(رئیل اسٹیٹ)



8. سماجی خدمات سے
متعلقہ ملازمتیں



9. ہنرمندی کے پیشے
(الیکٹریشن، پلمبر، مکینک)

آپ کو لائسنس حاصل کرنے کیلئے امتحانات پاس کرنے اور ریگولیٹری باڈی کو فیس ادا کرنی ہوتی ہے۔



# 7.6 کینیڈا میں آپ کی پہلی ملازمت

کینیڈا میں بہت سے لوگوں کو پہلے غیر منظم ملازمتیں ملتی ہیں۔ ضروری نہیں کہ آپ کی پہلی ملازمت ہمیشہ کے لئے ہو۔ سب سے اہم چیز یہ ہے کہ آپ کچھ کمانا شروع کر دیں۔


ہدایات: ابتدائی نوکریوں کو دیکھیں جو کینیڈا میں ہر عمر کے لوگ کرتے ہیں۔ ان ملازمتوں کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جہاں آپ اپنی اور اپنے کنبے کی پرورش کیلئے کام کرنا پسند کریں گے۔



1. چیزوں کی ڈیلیوری کرنا




2. کیشئیر



3. سیکیورٹی گارڈ (بغیر اسلحہ)



4. تعمیراتی کارکن




5. مالی




6. ہیئر سٹائلسٹ یا نائی

یونٹ 7: روزگار




7. اسمبلی لائن ورکر



8. سلائی کڑھائی
(درزی - درزن)




9. کلینر (صفائی کرنیوالے)



10. فوڈ سروس ورکر



11. سٹاک کلرک



12. دوسروں کی دیکھ
بھال کرنے والے

# 7.7 کینیڈا میں نوکری کی تلاش میں مشکلات

ہدایات: کینیڈا میں نئے آنے والوں کو نوکری کی تلاش میں درپیش مشکلات کے بارے میں پڑھیں۔ اگلے صفحے پر نئے آنے والوں کے حالات پڑھیں۔ متعلقہ حالات کے حروف مشکلات کے خانے میں لکھیں۔ ہر صورتحال کے ایک سے زیادہ درست جواب ہوسکتے ہیں۔





ا) انگریزی یا فرانسیسی زبان کی محدود صلاحیت





ب) کینیڈا میں کام کرنے کا کوئی تجربہ نہیں




پ) کینیڈا میں کام کے ماحول سے عدم واقفیت




ت) کینیڈا میں سابقہ کام کے تجربے کو تسلیم نہیں کیا جاتا




ٹ) کینیڈا میں لوگوں کا کوئی بڑا نیٹ ورک نہیں ہے جہاں سے انہیں نوکریوں کا پتہ چل سکے




ث) باہر سے حاصل کی گئی تعلیم اور اسناد کو کینیڈا میں تسلیم نہیں کیا جاتا

آپ کے خیال میں کینیڈا میں نوکری کی تلاش میں نئے آنے والے افراد کو کن دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟





ب، پ، ٹ


1. ایک نو وارد جو انگریزی اور فرانسیسی زبان بولتا ہے اور جس کی تعلیم کو کینیڈا میں تسلیم کیا گیا ہے۔ اس نے اپنی تعلیم سے متعلق شعبے میں کبھی کام نہیں کیا۔




2. ایک جدید تعلیم یافتہ نیا آنے والا جسکی ڈگری / تعلیم کو کینیڈا میں تسلیم نہیں کیا جاتا۔ اس نے کینیڈا سے باہر اپنے شعبے میں کام کیا ہے۔ کینیڈا میں اپنے شعبے میں ملازمت حاصل کرنے کیلئے اسے پروفیشنل امتحان پاس کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ انگریزی یا فرانسیسی میں اپنے شعبے سے متعلق تکنیکی الفاظ نہیں جانتا۔





3. ایک نووارد جو لکھنا پڑھنا نہیں جانتا۔ وہ اپنے ہاتھوں سے کام کرتا ہے۔ اس کے پاس کینیڈا پہنچنے سے پہلے کام کا وسیع تجربہ ہے۔ اس کا اپنا کاروبار تھا۔




4. ایک نووارد جس نے ہائی اسکول تک تعلیم مکمل نہیں کی اور تھوڑی بہت فرانسیسی زبان بول سکتا ہے۔ اس نے اپنے ملک میں کئی سال کام کیا۔ اس کی زیادہ تر ملازمتیں ان لوگوں کے ساتھ تھیں جن کو وہ جانتا تھا۔

جو ملازمت آپ نے پہلے کی ہو اس جیسی ملازمت ملنا مشکل ہے تاہم اپنی سوچ کو مثبت اور رویہ کشادہ رکھیں۔



جوابات: 1 (ب، پ، ٹ)؛ 2 (ا، ب، پ، ت، ٹ، ث)؛ 3 (ا، ب، پ، ت، ٹ)؛ 4 (ا، ب، پ، ت، ٹ)

# 7.8 کینیڈا میں نوکری کیسے تلاش کریں؟

ہدایات: کینیڈا میں نوکری تلاش کرنے کے طریقوں کے بارے میں پڑھیں۔ کینیڈا میں ملازمت تلاش کرنے کے مختلف طریقوں کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔




☐ 1. آن لائن، روزگار کی ویب سائٹس اور سوشل میڈیا کے ذریعے




☐ 2. دوستوں، رشتہ داروں، کمیونٹی ممبران اور سپانسرز کے ساتھ رابطہ



☐ 3. حکومتی تعاون سے چلنے والی کسی تنظیم کا دورہ




☐ 4. ذاتی طور پر آجروں سے ملاقات



☐ 5. جاب فیئر میں شرکت

ملازمت کی تلاش کی ویب سائٹوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں: www.jobbank.gc.ca/home اور www.workopolis.com



کینیڈا میں ملازمتیں ڈھونڈنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ بیشتر نوکریاں آن لائن پوسٹ کی جاتی ہیں لیکن کچھ عوامی سطح پر مشتہر نہیں کی جاتیں۔




یونٹ 7: روزگار

# 7.9 کینیڈا میں اپنے کیریئر کا آغاز کیسے کریں

ہدایات: کینیڈا میں کیریئر کیسے شروع کریں اس کے طریقے پڑھیں۔ آپکا کیا کرنے کا ارادہ ہے، ان خانوں میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔

☐ .1 اسناد کی جانچ

کینیڈا میں اپنا سابقہ تجربہ اور تعلیم تسلیم کرانے کے لئے درخواست دینا۔




☐ .2 وقتی ملازمت

کینیڈا کا تجربہ اور آمدنی حاصل کرنے کیلئے کوئی نوکری کرلیں۔ کسی خاص شعبے میں لائسنس لینے کے انتظار کے دوران زبان سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔



☐ .3 برِجنگ پروگرام

ایسی تربیت جو آپ کو اپنے مخصوص شعبے میں کینیڈا کا تجربہ حاصل کرنے، انگریزی یا فرانسیسی زبان سیکھنے اور کام کی جگہ کے ماحول کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔




☐ .4 انٹرن شپ

اپنے کام کے شعبے میں قلیل مدتی، بنیادی سطح کی نوکری؛ لیکن اس کام کے تجربے کو کینیڈا میں بہت تھوڑا مانا جائے گا۔ اس کی ایک مثال نئے آنیوالوں کیلئے فیڈرل انٹرن شپ پروگرام ہے۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:

FINP
PFSNA

**.5** کینیڈا کی تعلیم
اپنی مطلوبہ ملازمت میں کام کرنے کا اہل بننے کیلئے کینیڈا کے کسی ادارے میں تعلیم حاصل کرنا۔




**.6** رضا کارانہ کام
نیٹ ورک بنانے کے ساتھ ساتھ عارضی بغیر اجرت کی جاب سے کینیڈا کے کام کا تجربہ حاصل کرنا۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




**.7** راہنمائی کے پروگرام
آپنے مطلوبہ شعبے میں کسی تجربہ کار سے ملیں۔ وہ آپ کی رہنمائی کرنے کے علاوہ آپ کے شعبے سے متعلق لوگوں سے رابطوں میں مدد کرے گا۔




**.8** اپنا کاروبار شروع کریں
کینیڈا میں اپنے کیریئر کا آغاز ذاتی کاروبار سے کریں۔ مزید معلومات کے لئے یہاں پڑھیں:



## 7.10 اسناد کی جانچ پڑتال کی اہمیت




اسناد کی جانچ پڑتال ایک ایسا عمل ہے جو آپ کے سابقہ تجربے کا کینیڈا میں روزگار کے معیار سے موازنہ کرتا ہے۔ یہ آپ کی مہارت، علم، کام کے تجربے اور دوسرے ملک کی تعلیمی قابلیت کا اندازہ لگانے کا ایک طریقہ ہے۔



اسناد کی جانچ پڑتال سے کینیڈا کے آجروں کو آپ کی قابلیت سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ سند / ڈگریوں کی تشخیص کرنے والی ایجنسی فیس کے عوض آپکی تعلیمی اسناد کی جانچ پڑتال کرتی ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




اسناد کی جانچ پڑتال کو آپ اپنے کوائف نامہ میں شامل کریں۔



کچھ پروگرام غیر ملکی اسناد کی جانچ پڑتال کے اخراجات ادا کرنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:

اسناد کی جانچ پڑتال سے متعلق مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



صوبے یا علاقے کے لحاظ سے ایک ہی جاب کے مختلف عنوان اور تقاضے ہوسکتے ہیں۔ ملازمت کی وضاحت کو احتیاط سے پڑھیں تاکہ یہ جان سکیں کہ آپ کے کوائف ملازمت کے مطابق ہیں۔






# 7.11 نوکری کی درخواست اور طریقہ کار

ہدایات: نوکری کی درخواست اور ملازمت پہ رکھے جانے کے مراحل دیکھیں۔ کام کی نوعیت کے لحاظ سے یہ طریقہ کار قدرے مختلف ہوسکتے ہیں۔

**1** ملازمت تلاش کرنا




**2** اپنے کام کے تجربے اور کوائف کی ایک فہرست تیار کرنا (کوائف نامہ یا سی وی)




**3** تحریری درخواست لکھیں جس میں بتائیں کہ آپ کیوں اس نوکری کیلئے بہترین انتخاب ہیں (بطور سرورق - کور لیٹر)



**4** اپنی دستاویزات بھیجیں۔ اپنا کوائف نامہ (سی وی) اور کوَر لیٹر ہر جاب کے مطابق دوبارہ تیار کریں۔




**5** آپ کو انٹرویو کیلئے بلانا آجر کی صوابدید پر ہے۔



**6** ملازمت کے انٹرویو میں یہ ثابت کریں کہ آپ اس نوکری کیلئے موزوں ترین شخص ہیں۔



**7** زیادہ تر لوگوں کو بہت جگہوں پر درخواستیں دینے کے بعد انٹرویو کیلئے بلایا جاتا ہے۔ کوشش جاری رکھیں!






**8** کچھ وقت اور متعدد کوششوں کے بعد آپ کو نوکری کی پیش کش ہوگی۔ مبارک ہو!






ملازمت کی تفصیل میں چیک کریں کہ آپکی انگریزی یا فرنچ بولنے کی صلاحیت کس معیار کی ہونی چاہئیں۔ زیادہ تر ملازمتوں کے لئے آپ کو روانی سے انگریزی بولنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیوبیک میں عام طور پر فرانسیسی زبان میں مہارت ضروری ہے۔ اکثر شعبوں میں ملازمت تلاش کرنے کیلئے انگریزی اور فرانسیسی دونوں کو جاننا آپ کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔




# 7.12 کینیڈا میں کام کا معیار

ہدایات: کینیڈا میں کام کے معیار کے بارے میں پڑھیں۔ ایسے معیارات کے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جو آپ کے سابقہ ملک سے مختلف ہیں۔


1. کُل وقتی (فل ٹائم) ملازمت عام طور پر 8 گھنٹے یومیہ، پیر سے جمعہ اور 40 گھنٹے فی ہفتہ ہوتی ہے۔ ☐




2. جز وقتی (پارٹ ٹائم) ملازمت زیادہ سے زیادہ 16 سے 24 گھنٹے فی ہفتہ کی ہوتی ہے۔ ☐




3. کچھ ملازمتوں میں شفٹوں میں اور ہفتے کے اختتام پر (ویک اینڈ) کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ کمپنی ایک دن میں 8 گھنٹے یا پورے 24 گھنٹے چلتی ہے۔ عام طور پر تین شفٹوں میں کام ہوتا ہے: دن، شام اور رات کی شفٹ۔ ☐



4. کام کرنیوالی ایسی فیملی جن کے کم عمر بچے ہیں انہیں چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال یا سکول کے بعد کی دیکھ بھال کا مناسب انتظام کرنا ضروری ہے۔ کینیڈا میں بچوں کو نگرانی کے بغیر تنہا نہیں چھوڑا جاسکتا۔ بچوں کی نگہداشت کے آپشنز سے متعلق مزید معلومات کیلئے یونٹ 6 ، سرگرمی 6.7 دیکھیں۔ ☐



5. کینیڈا میں جاب کے دوران مردوں کا خواتین کی زیر نگرانی کام کرنا عام بات ہے۔ ☐




ہر کام کی جگہ کا اپنا ماحول اور توقعات ہوتی ہیں۔ وہاں کے ماحول سے مطابقت پیدا کرنا اور مطلوبہ توقعات کو پورا کرنا ملازمت برقرار رکھنے اور کیریئر میں آگے بڑھنے کیلئے بہت اہم ہے۔



# 7.13 آپ کی تنخواہ



1. کینیڈا میں آجروں کو قانونی طور پر کم از کم تنخواہ ادا کرنے کا پابند کیا گیا ہے۔ ہر صوبے اور علاقے میں کم سے کم تنخواہ مختلف ہوتی ہے۔ اپنی کمیونٹی میں مختلف ملازمتوں کی کم سے کم تنخواہ کے بارے میں مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




2. کینیڈا میں کام کرنے کیلئے آپ کے پاس سوشل انشورنس نمبر (SIN/NAS) ہونا ضروری ہے۔ اپنے سوشل انشورنس نمبر کی معلومات صرف اس وقت فراہم کریں جب یہ قانونی طور پر ضروری ہو۔



3. عام طور پر آپ کو تنخواہ نقد نہیں ملے گی بلکہ براہ راست آپ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل ہو گی یا بذریعہ چیک ملے گی۔



4. ہر تنخواہ کی ایک سٹیٹمنٹ ملے گی۔ آپ کو ملنے والی تنخواہ آپ کی کل تنخواہ سے کم ہوتی ہے۔ اس کی وجہ انکم ٹیکس، پنشن، روزگار کی انشورنس اور صحت کی انشورنس کیلئے آپ کی تنخواہ میں سے کی جانیوالی کٹوتی ہے۔



5. کینیڈا میں تمام ملازمین اپنی تنخواہ میں سے ایک عوامی پنشن فنڈ میں حصہ دیتے ہیں جسے کینیڈا پنشن پلان کہتے ہیں۔ 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے جو لوگ مخصوص عرصے کیلئے کینیڈا میں رہتے ہیں، انہیں حکومت کی جانب سے اولڈ ایج سیکیورٹی نامی رقم بھی ملتی ہے۔




6. آپ ہر سال 30 اپریل تک اپنے کام کی جگہ سے اپنی T4 (کمائی اور کٹوتیوں کی تفصیل) کے ذریعے اپنا انکم ٹیکس فائل کرنے کے ذمہ دار ہیں۔



"نقد تنخواہ پر" ڈھکے چھپے طریقے سے نوکری کرنے سے آپ کو جو رقم ملتی ہے اس میں سے ٹیکس کی کٹوتی نہیں ہوتی۔ اس قسم کا کام غیر قانونی ہے۔ اس کے آجر اور ملازم دونوں کیلئے سنگین نتائج ہیں۔




یونٹ 7: روزگار

یونٹ 8

# بجٹ



# بجٹ



## 8.1 کینیڈا میں رقم

کینیڈا کی سرکاری کرنسی کینیڈا کا ڈالر (CAD) ہے۔ ایک ڈالر میں 100 سینٹ (¢) ہوتے ہیں۔ بینک آف کینیڈا دو طرح کی کرنسی جاری کرتا ہے:








1. چھپی ہوئی بینک کرنسی ایک سائز کی ہوتی ہے لیکن قیمت کی بنیاد پر رنگ مختلف ہوتے ہیں۔

2. سکوں کے مختلف سائز، شکلیں اور رنگ ہوتے ہیں۔ ان کی پشت پر کینیڈا کی علامت کندہ ہوتی ہے۔



کینیڈا میں رہنے کے اخراجات ایک سے دوسرے صوبے اور علاقے کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ بڑے شہروں اور دیہی علاقوں کے رہائشی اخراجات میں فرق ہوتا ہے۔ اس کا انحصار آپ کے رہائشی ایریا پر بھی ہو سکتا ہے۔



اپنی مستقل رہائش میں رہتے ہوئے ہر مہینے آپ کو اپنے بنیادی اور دیگر ضروری اخراجات ادا کرنے ہوتے ہیں۔





بجٹ بنانے سے آپ کو یہ جاننے میں مدد ملے گی کہ آپ کے پاس کتنا پیسہ ہے اور کتنا خرچ ہو سکتا ہے۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا آپکے سپانسرز ماہانہ بجٹ بنانے اور اسے چلانے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔


# 8.2 کینیڈا میں رہائش کے بنیادی اخراجات کیا ہیں؟

ہدایات: کینیڈا میں رہائش کے بنیادی اخراجات کو دیکھیں۔ جو اخراجات آپ کیلئے نئے ہیں انکے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔




☐

1. رہائش
یہ مہینے میں آپ کا سب سے بڑا خرچ ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ آپ کا کرایہ ہے لیکن اس میں انشورنس اور مرمت کے اخراجات بھی شامل ہوسکتے ہیں۔




☐

2. بل
کینیڈا کے بیشتر حصوں میں بجلی، ہیٹنگ اور پانی کے بل گھریلو اخراجات میں شامل ہوتے ہیں۔ ان میں سے کچھ آپ کے کرایے میں شامل کئے جا سکتے ہیں۔ سردیوں میں بجلی اور ہیٹنگ سسٹم کے سبب آپ کے بل زیادہ ہوں گے۔



☐

3. کھانا پینا
یہ آپ کے اخراجات کا ایک بڑا حصہ ہے۔ اس میں آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی خوراک کا خرچ شامل ہے۔



☐

4. آمدورفت (ٹرانسپورٹیشن)
یہ اپنی نئی کمیونٹی میں گھومنے پھرنے کیلئے عوامی ذرائع آمدورفت پر خرچ ہونے والے اخراجات ہیں۔



☐

5. مواصلاتی ذرائع
اس میں موبائل فون یا گھر کا ٹیلیفون (لینڈ لائن)، کیبل ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ سروس کے بل شامل ہوسکتے ہیں جن کی ادائیگی ہر مہینے کرنا ہوتی ہے۔



**6. بچوں کی دیکھ بھال**

جو والدین ملازمت یا تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کو اپنے بچوں کی دیکھ بھال پر بھی خرچ کرنا پڑتا ہے۔



**7. دیگر اخراجات**

ان میں لباس، ذاتی صفائی ستھرائی کی چیزیں، سکول کا سامان اور دیگر ضروری اشیاء شامل ہوسکتی ہیں۔




**8. امیگریشن لون (قرض)**

یہ وہ رقم ہے جو آپ کے سفری اخراجات کی مد میں حکومت کینیڈا نے آپ کی طرف سے ادا کی تھی۔

آپ اپنے اخراجات کا حساب کتاب یہاں کر سکتے ہیں:

کینیڈا میں ایک سال گزارنے کے بعد آپ کی ذمہ داری ہے کہ باقاعدگی سے اپنے قرض کی ماہانہ اقساط ادا کرنا شروع کردیں۔ آپ کو ہر ماہ واجب الادا کل رقم اور ماہانہ ادا کی گئی رقم کی تفصیل (سٹیٹمنٹ) موصول ہوگی۔ مزید معلومات کیلئے یونٹ 2، سرگرمی 2.4 دیکھیں۔





# 8.3 آپ کی مالی امداد


آپ کو ملنے والی امداد کا انحصار بہت سے عوامل پر ہے، جن میں افرادِ خانہ کی تعداد، ان کی عمریں، آپ کی رہائش اور فیملی کی دیگر ضروریات شامل ہیں۔

ہدایات: ان بنیادی اخراجات کو دیکھیں جو آپ کو ملنے والی مالی امداد میں سے آپ کو ادا کرنے ہیں۔سب سے زیادہ اخراجات کیلئے "$$$$"، دوسرے نمبر پر زیادہ اخراجات کیلئے "$$$"، دوسرے نمبر سے کم اخراجات کیلئے "$$" اور سب سے کم اخراجات کیلئے "$" لکھیں۔



$


1. مواصلاتی ذرائع



2. کھانا



3. رہائش اور سہولیات



4. نقل و حرکت

انفرادی حالات کی بنیاد پر آپ کو اضافی الاؤنس مل سکتا ہے۔ ایسے خاندان جن میں نوزائیدہ بچے، 65 سال سے زیادہ عمر کے افراد یا مخصوص غذائی ضروریات کے حامل افراد ہوں یا اضافی رہائشی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مدد درکار ہو، انہیں یہ الاؤنس مل سکتا ہے۔ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے پوچھیں کہ کیا آپ ان اضافی الاؤنسز میں سے کسی کے اہل ہیں۔



جوابات: ۱ ($)؛ ۲ ($$$)؛ ۳ ($$$$)؛ ۴ ($$)

# 8.4 آپ بچت کیسے کرسکتے ہیں؟

ہدایات: آپ کینیڈا میں پیسہ کیسے بچا سکتے ہیں اس کے متعلق یہ نکات پڑھیں۔ ان خانوں میں چیک "✓" کا نشان لگائیں جنہیں آپ اپنے لئے مفید سمجھتے ہیں۔




1. ☐ آپ کسی کے ساتھ مکان یا اپارٹمنٹ میں حصہ دار بن کر کرایہ تقسیم کرسکتے ہیں۔




2. ☐ آپ ریستوران میں کھانے کی بجائے تازہ چیزیں خرید کر گھر میں کھانا تیار کرسکتے ہیں۔



3. ☐ آپ رعایتی نرخوں پر سامان بیچنے والی دکانیں/ مارکیٹ اور کم قیمت مصنوعات تلاش کرسکتے ہیں۔ سستی چیزیں خریدنے کیلئے مختلف سٹوروں کی سیل کے ہفتہ وار اشتہارات بھی چیک کرسکتے ہیں۔



4. ☐ آپ موبائل فون یا گھر کا ٹیلیفون دونوں استعمال کرنے کی بجائے صرف ایک کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ دور دراز علاقوں کی کالیں بہت مہنگی ہوسکتی ہیں۔ ملک سے باہر کال کرنے سے قبل احتیاط سے نرخ چیک کرلیں۔ آپ کم لاگت سے طویل فاصلے پر کال کرنے یا کالنگ کارڈ خریدنے کیلئے انٹرنیٹ بھی استعمال بھی کرسکتے ہیں۔



5. ☐ آپ کار خریدنے کی بجائے عوامی بسیں استعمال کرسکتے ہیں۔


6. آپ لائبریریوں اور دیگر عوامی مقامات پر دستیاب مفت انٹرنیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔ ☐




7. آپ موبائل فون، ٹی وی کیبل، انٹرنیٹ، فرنیچر یا کار کی خریداری کے معاہدوں یا ادائیگی پلان کا انتخاب کرنے سے پہلے انکے شرائط و ضوابط دھیان سے پڑھ لیں۔ دستیاب رعایتی نرخوں کا فائدہ اٹھائیں۔ ☐



8. آپ ایسی رہائش تلاش کرسکتے ہیں جس میں کرایہ کی رقم میں بل بھی شامل ہوں۔ یہ طے شدہ رقم بہتر بجٹ بنانے میں فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ دوسری صورت میں، بلوں کی رقم ذاتی استعمال کے لحاظ سے تبدیل ہوتی رہے گی۔ ☐



9. آپ حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسرز سے پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ کے علاقے میں بچوں کی نگہداشت کیلئے کم قیمت سینٹر (ڈے کیئر) موجود ہیں۔ آپ دوسرے والدین کے ساتھ یہ ذمہ داریاں بانٹ بھی سکتے ہیں۔ ☐






# 8.5 مالی مدد سے متعلق توقعات

آپ کو ملنے والی مالی امداد محدود ہو گی۔ یہ صرف آپ کی بنیادی ضروریات کو پورا کر سکے گی۔ امدادی رقم کو حقیقت پسندانہ طریقے سے خرچ کر کے ہی آپ کینیڈا کی زندگی میں ایڈجسٹ ہو سکیں گے۔

ہدایات: ان صورتحال کو دیکھیں۔ ہر صورتحال اور اس کی حقیقت پسندانہ توقع کے مابین ایک لکیر کھینچیں۔

**1.** 


آپ کو حکومت اور/یا آپ کے سپانسر سے مالی مدد مل رہی ہے۔

**2.** 


جن جگہوں پر آپ جانا چاہتے ہیں وہ آپ کے گھر سے بہت دور ہیں۔

**3.** 


آپ اکیلے ہیں، آپ کے بچے نہیں ہیں اور آپ کو محدود مالی مدد مل رہی ہے۔

**4.** 

آپ کسی دوسرے ملک میں اپنے عزیز سے بات کرنا چاہتے ہیں۔




ا) آپ کسی کے ساتھ رہائش میں حصہ دار بنتے ہیں اور کرایہ کا کچھ حصہ ادا کرتے ہیں۔



ب) آپ انٹرنیٹ پر کال کر کے یا کالنگ کارڈ خرید کر فیملی سے رابطہ کرتے ہیں۔




پ) آمدورفت/سفر کیلئے عوامی ٹرانسپورٹ سب سے کم خرچ طریقہ ہے۔ آپ ماہانہ رعایتی پاس خرید کر پیسوں کی بچت کرسکتے ہیں۔



ت) آپ کے پاس اتنے پیسے نہیں ہیں کہ اپنے آبائی ملک میں خاندان کے لوگوں کو بھیج سکیں۔

جوابات: 1 (ت)؛ 2 (پ)؛ 3 (ا)؛ 4 (ب)

یونٹ 8: بجٹ



5. آپ کینیڈا سے باہر سفر کرنا چاہتے ہیں۔



6. آپ کے اخراجات اس رقم سے زیادہ ہیں جو آپ ہر مہینے وصول کرتے ہیں۔



7. آپ کے طویل مدتی اہداف ہیں جیسے مزید تعلیم حاصل کرنا (پوسٹ سیکنڈری تعلیم)، گھر یا کار خریدنا۔




8. آپ کے علاقے میں رہائش مہنگی ہے۔



ٹ) اگر آپ مہینے کے اختتام سے پہلے سارے پیسے خرچ کر لیتے ہیں تو آپ کو مزید رقم نہیں ملے گی۔ اپنے اخراجات کنٹرول کرنے کے طریقوں کے بارے میں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیل / سپانسر سے بات کریں۔



ث) سفر کرنا مہنگا ہے اور آپ کو ملنے والی مالی امداد اس کیلئے نا کافی ہے۔ پیشگی منصوبہ بندی کریں اور بچت کریں۔



ج) آپ کی مالی مدد کی زیادہ تر رقم کرایے کی ادائیگی کیلئے استعمال ہوگی۔ خاص طور پر فیملی والے افراد کو دیگر بنیادی اخراجات پورے کرنے کیلئے دوسرے فوائد استعمال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔



چ) آپ کو بچت کرنے اور / یا قرض لینے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔ آپ کو ماہانہ ملنے والی امداد ان چیزوں کیلئے کافی نہیں ہے۔

جوابات: 5 (ث)؛ 6 (ٹ)؛ 7 (چ)؛ 8 (ج)



# 8.6 کینیڈا میں خریداری

خریداری کیلئے بہتر جگہوں کے بارے میں جاننے کیلئے آپ کو وقت لگے گا۔

ہدایات: کینیڈا میں خریداری کی مختلف جگہیں دیکھیں۔ ہر جگہ اور اسکی تفصیل کے مابین ایک لکیر کھینچیں کہ آپ وہاں سے کیا خرید سکتے ہیں۔




1.

سپر مارکیٹ



ا) بڑے سٹور جو لباس، جوتے، فرنیچر، بجلی سے چلنے والی چیزیں، گھریلو سازوسامان اور دیگر اشیاء فروخت کرتے ہیں۔ یہاں کھانے پینے کی چیزیں نہیں ہوتیں۔



ب) یہ کھانے کی دکانوں کی سب سے عام قسم ہے۔ یہاں سے گھر کی صفائی ستھرائی کا سامان، کاسمیٹکس/میک اپ، رسالے اور عام دوائیں ملتی ہیں۔



2.

دوائیوں کی دکانیں/ میڈیکل سٹور سپر مارکیٹ



پ) ان دکانوں میں گھریلو مرمت کا سامان جیسے کہ اوزار، آلات اور فرنیچر وغیرہ فروخت ہوتا ہے۔




3.

ڈپارٹمنٹ سٹور



ت) عام طور پر یہ فارمیسی/دوائیوں کے سٹور ہیں جہاں نسخے کی دوائیں خریدی جاسکتی ہیں۔ ان میں سے اکثر سٹور بغیر نسخے کی عام ادویات، ڈائپرز/نیپی، خواتین کی حفظان صحت سے متعلق مصنوعات، کاسمیٹکس/میک اپ، رسالے اور کھانے پینے کی اشیا بھی بیچتے ہیں۔




4.


گھر کی مرمت اور آرائشی سامان کے سٹور

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ت)؛ 3 (ا)؛ 4 (پ)

یونٹ 8: بجٹ





ٹ) یہ دکانیں اکثر مختلف ثقافتی پس منظر کے لوگوں کی ملکیت ہوتی ہیں جو کینیڈا میں سامان درآمد کرتے ہیں۔ آپ کو ان دکانوں میں اپنے ملک کی مخصوص کھانے پینے کی اشیاء مل سکتی ہیں۔

**5.** 


استعمال شدہ (سیکنڈ ہینڈ) سامان والے سٹور



ث) بذریعہ انٹرنیٹ خریداری۔ ان ورچوئل / آن لائن سٹوروں پر گھریلو سیکنڈ ہینڈ اشیاء کی خریدوفروخت ہوتی ہے۔ کینیڈا میں آن لائن خریداری بہت عام ہے۔

**6.** 

مختلف ملکوں / قوموں کی اشیاءِ خوردونوش کے سٹور




ج) لوگ اپنے گھروں کے باہر اضافی استعمال شدہ گھریلو سامان انتہائی کم قیمت پر فروخت کرتے ہیں۔ سیل کی تاریخ اور مقام کیلئے عام طور پر پڑوس کے ایریا میں اشتہارات لگائے جاتے ہیں۔

**7.** 

گیراج سیل




چ) یہ دکانیں استعمال شدہ اشیاء جیسے لباس اور گھریلو سامان کم قیمت پر فروخت کرتی ہیں۔ کینیڈا میں لوگوں کا استعمال شدہ اشیاء خریدنا عام ہے۔

**8.** 

آن لائن سیل




حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر آپ کو ایسی جگہوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں جہاں سے مناسب داموں میں کھانے کی اشیاء خریدی جا سکتی ہیں۔ وہ آپ کو سیل کے بارے میں سمجھانے کے علاوہ رعایتی کوپن کے استعمال اور قیمتوں کا موازنہ کرکے خریداری کرنے میں آپ کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔




جوابات: 5 (ٹ)؛ 6 (ث)؛ 7 (ج)؛ 8 (چ)

## 8.7 ضرورت بمقابلہ طلب؟

ہدایات: ان چیزوں کو دیکھیں اور فیصلہ کریں کہ کس چیز کی آپ کو اشد ضرورت ہے اور کونسی چیز لینے کو آپکا دل چاہتا ہے۔ ضرورت کے خانے میں دائرے "○" اور مطلوبہ چیز کے خانے میں مثلث "Δ" کا نشان لگائیں۔



1. گاڑی ☐



2. صحت بخش کھانا ☐



3. بڑا گھر ☐




4. لباس ☐



5. جدید ترین سمارٹ فون ☐




6. حفظان صحت کی مصنوعات ☐



7. فٹنس کلب کی رکنیت ☐



8. رہائش کیلئے جگہ ☐




9. ریستوران میں کھانا ☐



10. مہنگے برانڈ کے جوتے ☐

اپنی اہم ضروریات اور جن چیزوں کے بغیر گزر ہو سکتی ہے ان کے فرق کو سمجھیں۔ آپکی پسند کی چیز مہنگی ہو سکتی ہے، اسے خریدنے کیلئے آپکو انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔



# 8.8 کینیڈا میں بینک اکاؤنٹ



کینیڈا پہنچنے کے بعد حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا آپکا کفیل / سپانسر کینیڈا کے کسی بینک میں آپ کا اکاؤنٹ کھولنے کی درخواست پُر کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔

بینک اکاؤنٹ کھولنے کے بعد آپ اس قابل ہوں گے کہ:



1. خودکار بینکاری مشینوں (اے ٹی ایم) کا استعمال کرسکیں



2. اکاؤنٹ میں براہِ راست رقم وصول کریں



3. سٹوراورانٹرنیٹ پرخریداری کیلئے ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ استعمال کریں



4. آن لائن بینکنگ سسٹم کے ذریعے بل ادا کریں



5. چیک لکھیں

بینک اکاؤنٹ مختلف طرح کے ہوتے ہیں۔ سب سے عام یہ ہیں:



1. چیکنگ اکاؤنٹ

یہ اخراجات کی ادائیگی کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ آپ کرایہ اور دوسرے بلوں کی ادائیگی کیلئے چیک جاری کرسکتے ہیں۔ آپ ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ سے پیسہ نکال سکتے ہیں اور آن لائن رقم منتقل کرسکتے ہیں۔



2. بچت اکاؤنٹ

یہ بچت اکاؤنٹ رقم پس انداز کرنے کیلئے ہوتے ہیں تاکہ آپ مستقبل میں اسے اپنے کسی ضروری مقصد یا دیگر اخراجات کیلئے استعمال کر سکیں۔ بینک ان اکاؤنٹس میں رکھی ہوئی رقم پر سود ادا کرتے ہیں۔



اپنے اکاؤنٹ میں موجود رقم سے زیادہ کا چیک نہ لکھیں ورنہ آپ کے خلاف قانونی کاروائی بھی ہو سکتی ہے۔ مختلف قسم کے بینک اکاؤنٹس سے متعلق مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



یونٹ 8: بجٹ

# 8.9 کریڈٹ کارڈ



کینیڈا میں زیادہ تر لوگ خریداری کیلئے کریڈٹ کارڈ استعمال کرتے ہیں بیشک وہ روزمرہ اشیاء کی خریداری ہو یا بذریعہ انٹرنیٹ سامان خریدا جائے۔

1. کریڈٹ کارڈ کے ذریعے کی گئی ادائیگی کی رقم ایک قرض کی طرح ہے۔ جو بینک یا کمپنی آپ کو کریڈٹ کارڈ جاری کرتی ہے وہ آپ کو دی گئی رقم پر سود لیتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:




2. کریڈٹ کارڈ کے استعمال میں انتہائی احتیاط برتیں۔ کریڈٹ کارڈ کا استعمال آپ کو بآسانی مقروض کر سکتا ہے۔ کریڈٹ پر کوئی بھی چیز خریدنے سے پہلے یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے اکاؤنٹ میں اتنی رقم موجود ہے کہ آپ اپنے معمول کے اخراجات کے علاوہ کریڈٹ کارڈ کے بل کی ماہانہ ادائیگی بروقت کر پائیں گے۔





اگر آپ کریڈٹ کارڈ کے ذریعے استعمال کی گئی رقم کی ماہانہ ادائیگی نہیں کرتے تو بینک یا کریڈٹ کمپنی اس رقم پر بھاری جرمانہ عائد کریگی۔



# 8.10 آپ کی کریڈٹ ہسٹری

1. جب آپ کریڈٹ استعمال کرتے ہیں تو بروقت ادائیگیوں یا عدم ادائیگی کا ریکارڈ آپ کی کریڈٹ ہسٹری میں درج ہوتا ہے۔ مستقبل میں جب آپ کسی قرض کیلئے درخواست دیں گے تو بینک آپ کی کریڈٹ ہسٹری کو دیکھ کر فیصلہ کرے گا۔ اچھی کریڈٹ ہسٹری بنانے کیلئے ہر مہینے پوری اور بر وقت ادائیگی کریں۔



2. ہر ماہ اپنا کرایہ اور یوٹیلیٹی بل بروقت ادا کریں۔ اگر آپ یہ ادائیگیاں تاخیر سے کرتے ہیں تو نہ صرف آپ کی کریڈٹ ہسٹری میں ان کا اندراج ہوگا بلکہ آپ کو گھر سے نکالا بھی جاسکتا ہے۔





اپنے امیگریشن لون (قرض) کی ماہانہ ادائیگی کرکے آپ کینیڈا میں اچھی کریڈٹ ہسٹری بنانے کا آغاز کر سکتے ہیں۔



# 8.11 کینیڈا میں ٹیکس

کینیڈا میں ٹیکس کی ذمہ دار کینیڈا ریونیو ایجنسی ہے۔ ٹیکس وفاقی، صوبائی اور بلدیاتی (میونسپل) حکومتوں کے ذریعہ جمع کیا جاتا ہے۔

کینیڈا ریونیو ایجنسی سے متعلق اور انکا آن لائن اکاؤنٹ بنانے کیلئے مزید معلومات یہاں پڑھیں:

ہدایات: کینیڈا میں مختلف قسم کے ٹیکس دیکھیں۔ ہر قسم کے ٹیکس اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔

**1.**



سامان اور خدمات کا ٹیکس (سیلز ٹیکس)

**2.**




پراپرٹی ٹیکس

**3.**




انکم ٹیکس




ا) اگر آپ کے پاس کوئی مکان، اپارٹمنٹ یا زمین ہے تو آپ پر یہ ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔ کرایہ پر لئے گئے مکان کا ٹیکس مکان مالک کے ذمہ ہے۔




ب) حکومت یہ ٹیکس اس آمدنی پر لیتی ہے جو آپ نوکری یا دوسرے ذرائع سے حاصل کرتے ہیں۔ انکم ٹیکس کی کٹوتی عام طور پر چیک / آمدن موصول ہونے سے پہلے ہی ہو جاتی ہے۔



پ) یہ وہ رقم ہے جو آپ اشیاء ضرورت کی خریداری یا سروسز کے عوض ان کی اصل قیمت کے علاوہ ادا کرتے ہیں۔ کینیڈا میں کھانے پینے کی بنیادی چیزوں پر ٹیکس نہیں ہے۔ سگریٹ اور شراب جیسی اشیاء پر اضافی ٹیکس لیا جاتا ہے۔

جواب: 1 (پ); 2 (ا); 3 (ب);




کینیڈا میں سب لوگ ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ ان ٹیکسوں سے یہاں مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کی جاتی ہیں:




1. بنیادی تعلیم



2. صحتِ عامہ کی سہولیات



3. سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیر و مرمت





4. ہنگامی خدمات جیسے آگ بجھانا اور پولیس



5. سماجی خدمات



6. عوامی پارک




7. عوامی ذرائع آمدورفت اور پارکنگ




8. سڑکوں، شاہراہوں اور فٹ پاتھوں پر سے برف ہٹانا

## 8.12 ٹیکس کیلئے آمدنی رپورٹ کرنا



ایک بار جب آپ نے کینیڈا میں اپنا سوشل انشورنس نمبر (SIN/NAS) حاصل کرلیا تو آپ کو انکم ٹیکس کی رپورٹ جمع کرانا ہوگی جس میں آپ کو ملنے والی مالی امداد کی رقم بھی شامل ہے۔ ٹیکس ہر سال فروری سے اپریل کے دوران فائل کیا جاتا ہے۔ اگر آپ سال کا صرف کچھ حصہ کینیڈا میں رہے ہیں، یا سال بھر آپ کی کوئی آمدنی نہیں تھی ، تب بھی آپ ٹیکس رپورٹ جمع کرائیں گے۔ آپ کے شریک حیات یا پارٹنر کو بھی ہر سال الگ رپورٹ جمع کرانا ہوگی۔




اپنی انکم ٹیکس رپورٹ پیش نہ کرنے کی صورت میں آپ کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینیفٹ (نا بالغ بچوں کو ملنے والی رقم) جیسے کچھ فوائد سے محروم ہوسکتے ہیں۔

انکم ٹیکس رپورٹ جمع کرانے کے حوالے سے مزید معلومات کیلئے اپنی حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یاسپانسر سے پوچھیں یا یہاں پڑھیں:

## 8.13 اضافی مالی فوائد



جیسے ہی آپ اپنا سوشل انشورس نمبر حاصل کر لیں تو دیگر فوائد، جن کے آپ مستحق ہوسکتے ہیں، ان کیلئے بھی درخواست دے دیں۔ اپنی انکم ٹیکس رپورٹ بروقت جمع کرانے سے آپ کو یہ فوائد حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔



آپ حکومت کی طرف سے دیئے جانیوالے مختلف فوائد کے اہل ہوسکتے ہیں، ان میں کینیڈا چائلڈ ٹیکس بینیفٹ، سامان اور خدمات ٹیکس کی واپسی، اور دیگر صوبائی و علاقائی فوائد شامل ہیں۔ حکومتی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر سے پوچھیں کہ آپ کن فوائد کے اہل ہوسکتے ہیں۔



حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا سپانسر متعلقہ فارم پُر کرنے اور ضروری دستاویزات منسلک کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

دستیاب فوائد کے بارے میں مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:

# یونٹ 9
# ٹرانسپورٹیشن




یونٹ 9

# ٹرانسپورٹیشن

## 9.1 کینیڈا میں ذرائع آمدورفت






کینیڈا ایک بڑا ملک ہے جس میں الگ الگ خطے اور مناظر ہیں۔ لوگ مختلف طریقوں سے کینیڈا کے مختلف علاقوں اور اپنی کمیونٹی میں آتے جاتے ہیں۔ کینیڈا میں سفر کرنے کے بہت سے ذرائع ہیں۔

ہدایات: کینیڈا میں آمدورفت کے طریقوں کے بارے میں پڑھیں۔ اس طریقے پر چیک کا "✓" نشان لگائیں جو آپ کے لئے نیا ہے۔

1. عوامی ذرائع آمدورفت ☐

کینیڈا کے تمام شہروں اور بیشتر قصبوں میں لوگوں کے استعمال کیلئے عوامی آمدورفت کے ذرائع (پبلک ٹرانسپورٹ) موجود ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ آنے جانے کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ مثال کے طور پر بس، زیرزمین ٹرین، لائٹ ریل اور اسٹریٹ کار۔ آپ کے رہائشی علاقے کی بنیاد پر یہ ذرائع مختلف ہوسکتے ہیں۔




2. بائیسکل ☐

شہروں اور قصبوں میں آس پاس جانے کا یہ صحت مندانہ اور سستا ذریعہ ہے۔ عام طور پر آپ سڑکوں پر بائیسکل نہیں چلا سکتے۔ ان کیلئے مخصوص راستے بنے ہوتے ہیں۔ ہیلمٹ پہننا لازمی ہے۔



3. ٹیکسی ☐


تمام شہروں اور قصبوں میں ایک یا ایک سے زیادہ ٹیکسی کمپنیاں ہیں۔ ڈرائیوروں کے پاس سرکاری شناخت کارڈ ہوتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اس شہر کے لائسنس یافتہ ٹیکسی ڈرائیور ہیں۔ ٹیکسی کی سواری مہنگی ہوتی ہے۔ آپ کے سفر کی لاگت کا حساب لگانے کیلئے ان کے پاس خودکار میٹر ہوتے ہیں۔ نرخ طے شدہ ہوتے ہیں، ان میں کمی بیشی نہیں کی جاسکتی۔







4. سواری شیئر کرنے کے آن لائن ایپلیکیشن ☐

یہ ٹیکنالوجی موبائل کے ایپ کے ذریعے سواروں اور ڈرائیوروں کو ملاتی ہے۔ اسکا کرایہ ٹیکسی سے اکثر کم ہوتا ہے لیکن یہ حکومت کا منظورشدہ ذریعہ نہیں ہے۔ ان خدمات کو استعمال کرتے وقت حفاظت کیلئے اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔



5. موٹر سائیکل

ان میں بہت کم ایندھن استعمال ہوتا ہے لیکن موسم سرما کی وجہ سے سال کے صرف چند مہینوں میں ہی استعمال ہو سکتی ہیں۔ اسے چلانے کا خصوصی لائسنس ہوتا ہے۔




6. کاریں

کینیڈا میں مختلف اقسام اور سائز کی کاریں ہیں جنھیں آپ اپنے طرز زندگی، بجٹ اور ضروریات کے لحاظ سے منتخب کرسکتے ہیں۔ ان کے بہت اضافی اخراجات ہیں جو کار مالکان کے ذمہ ہوتے ہیں مثال کے طور پر انشورنس، ایندھن اور مرمت۔



7. کشتیاں

برٹش کولمبیا اور بحر اوقیانوس جیسے ساحلی علاقوں میں یہ کشتیاں آمدورفت کا عام ذریعہ ہیں۔ ان میں سے اکثر مسافروں کے ساتھ گاڑیاں بھی لے جا سکتی ہیں۔



8. ہوائی جہاز

ہوائی جہاز کینیڈا میں طویل فاصلہ طے کرنے کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ یہ مہنگا ہے لیکن گاڑی چلانے یا ٹرین کے سفر سے کم خرچ ہے۔ کینیڈا کے تمام اہم شہروں میں ہوائی اڈے بنے ہوئے ہیں۔




9. ٹرینیں

ٹرین کا نیٹ ورک پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔ تاہم کینیڈا کے تمام شہروں میں یہ سہولت نہیں۔ ٹرین کا پیشگی ٹکٹ خریدنا سستا پڑتا ہے۔



10. انٹر سٹی بسیں

یہ شہروں کے درمیان سفر کرنے کا سب سے سستا ذریعہ ہے۔ لمبے فاصلوں کی وجہ سے سفر طویل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کار نہیں ہے تو چھوٹے شہروں تک سفر کرنے کا یہ واحد ذریعہ ہے۔





کینیڈا میں نقل و حمل کے بارے میں بہت کچھ جانا جا سکتا ہے۔ جب آپ یہاں پہنچیں تو اپنے علاقے میں ذرائع آمدورفت کے بارے میں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے کفیل (سپانسر) سے پوچھیں۔



# 9.2 آمدورفت کے اخراجات

ہدایات: کینیڈا میں نقل و حمل کے طریقوں کو دیکھیں۔ زیادہ لاگت والے خانوں میں "$$$"، درمیانی لاگت والے خانوں میں "$$" اور کم لاگت والے خانوں میں "$" کی علامات لگائیں




1. لمبی دوری کا سفر




$$$


ا) ہوائی جہاز




ب) ٹرینیں



پ) انٹر سٹی بسیں



ت) کشتیاں





آپ عوامی ٹرانسپورٹ، نقشوں اور ٹکٹوں کے بارے میں مزید معلومات اپنے مقامی بس اور ٹرین اسٹیشنوں پر کال کر کے، معلوماتی سینٹروں سے یا بذریعہ آن لائن معلوم کر سکتے ہیں۔




جوابات: 1. (ا) $$$; (ب) $$–$$$; (پ) $; (ت) $$

2. مختصر فاصلہ طے کرنا






ا) ٹیکسیاں





ب) سواری شئیر کرنے کے آن لائن ایپ




پ) پبلک ٹرانسپورٹ

3. ذاتی سواری کا استعمال کریں






ا) موٹرسائیکلیں




ب) سائیکلیں




پ) کاریں

جوابات: 2 (ا) $$$; (ب) $$; (پ) $   3 (ا) $$; (ب) $; (پ) $$$



# 9.3 کینیڈا میں عوامی ذرائع آمدورفت کا استعمال




ہدایات: کینیڈا میں عوامی ذرائع آمدورفت کے استعمال سے متعلق معلومات پڑھیں۔ جو معلومات آپ کیلئے نئی ہوں انکے خانے میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔

1. عوامی آمدورفت کے ذرائع استعمال کرنے کیلئے گاڑی میں داخل ہوتے وقت آپ کو کرایہ ادا کرنا ہو گا یا ٹکٹ یا پاس خریدنا ہوگا۔ ☐




2. ایسے افراد جنہیں چلنے پھرنے میں دشواری کا سامنا ہے ان کیلئے اکثر شہروں اور قصبوں میں بہترین سہولتوں سے آراستہ پبلک ٹرانسپورٹ دستیاب ہے ۔ ☐




3. طلباء اور 65 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کیلئے اکثر شہروں میں عوامی ذرائع آمدورفت کے کرایے میں رعایت ہوتی ہے۔ ☐



4. بس یا اسٹریٹ کار سے اترنے سے پہلے ڈرائیور کو مطلع کرنے کیلئے بٹن دبائیں۔ اگر کسی مخصوص مقام تک جانے کیلئے آپکو مدد درکار ہو تو ڈرائیور کو بتائیں اور اگلی سیٹ پر بیٹھ جائیں۔ ☐



5. آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اپنی نشست زیادہ عمر کے مسافروں، معذور افراد، حاملہ عورت یا چھوٹے بچوں کیلئے خالی کر دیں گے۔ ☐



6. عوامی ٹرانسپورٹ کی ٹکٹ خریدتے وقت آپ کو کھلے پیسوں کی ضرورت ہوگی کیونکہ ڈرائیور کے پاس عموماً کیش نہیں ہوتا اور وہ بقایا رقم کی ادائیگی سے قاصر ہوتا ہے۔ ☐



7. عوامی ذرائع آمدورفت پر سفر کرتے وقت باہر اترنے والے مسافروں کو پہلے باہر نکلنے دیں۔ ☐



8. سفر کے دوران ٹکٹ کی رسید اپنے پاس رکھیں۔ ☐



9. عوامی ٹرانسپورٹ پر ہنگامی اشارے موجود ہیں جن کو بوقت ضرورت چلایا جا سکتا ہے۔ ☐





10. عوامی ٹرانسپورٹ کا انتظار کرتے ہوئے تمام مسافروں کو لائن میں کھڑا ہونا چاہیے۔ ☐



11. سکول بس عام طور پر ان بچوں کیلئے ہوتی ہے جو اپنے سکول سے کچھ فاصلے پر رہتے ہوں۔ دوسرے بچے پبلک ٹرانسپورٹ پر سکول جاسکتے ہیں۔ ☐




اکثر شہروں میں سائیکل چلانا اور پیدل چلنا بآسانی ممکن ہے۔ یہ گاڑی یا عوامی ٹرانسپورٹ کا صحت مندانہ متبادل ہیں۔ بچے پیدل یا سائیکل پر بھی سکول جاسکتے ہیں۔




# 9.4 کینیڈا میں ڈرائیونگ

کینیڈا میں پہلی بار ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کا انحصار اس صوبے یا علاقے کے قواعدوضوابط پر ہے جس کے آپ رہائشی ہیں۔ بیشتر صوبوں اور علاقوں میں ڈرائیونگ سیکھنے کیلئے تمام صنف کے افراد کی عمر کم از کم 16 سال ہونی چاہیئے۔

ہدایات: کینیڈا میں ڈرائیورنگ لائسنس حاصل کرنے کا طریقہ پڑھیں۔ پہلے سے آخری مرحلے تک جانے کیلئے ہر خانے میں 1 سے 6 تک کا ایک نمبر لگائیں۔



ا) سیکھنے کا اجازت نامہ لینا (لرنر پرمٹ) ☐



ب) درخواست پر کرنا [1]




پ) مکمل ڈرائیوری کا لائسنس حاصل کرنا ☐



ت) ڈرائیونگ کا تحریری امتحان پاس کرنا ☐




ٹ) روڈ ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرنا ☐




ث) روڈ ڈرائیونگ ٹیسٹ کی تیاری اور لائسنس فوری حاصل کرنے کیلئے ڈرائیونگ کا کورس کرنا ☐



اگر آپ کے پاس فی الحال کسی دوسرے ملک کا ڈرائیونگ لائسنس ہے تو آپ اسے کینیڈا پہنچنے کے بعد تھوڑی مدت کیلئے گاڑی چلانے میں استعمال کرسکتے ہیں یا مقامی لائسنس کے ساتھ تبدیل کر سکتے ہیں۔ اپنے صوبے یا علاقے کے قواعد وضوابط کے بارے میں حکومتی مالی اعانت سے چلنے والی تنظیم یا اپنے سپانسر سے پوچھیں۔



جوابات: ا) 3؛ ب) 1؛ ث) 6؛ ت) 2؛ ٹ) 5؛ پ) 4


## 9.5 کار خریدنا

ہدایات: اس شخص کے کینیڈا میں کار خریدنے کے تجربے کے بارے میں جانیں۔

.1


.2


.3


.4




.5



.6


یہ شخص اس کے بدلے اور کیا کر سکتا تھا ؟


# 9.6 ڈرائیونگ سے متعلق قوانین



کینیڈا میں ڈرائیونگ قوانین پر عمل کرنے کی سختی ہے۔ ان قوانین کو توڑنے کے بھاری جرمانے ہیں، جن میں نقد جرمانے، انشورنس کا بڑھ جانا اور ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی یا کینسل ہونا شامل ہے۔

ہدایات: کینیڈا میں ڈرائیونگ قوانین دیکھیں۔ ایسے قوانین جو آپ کیلئے نئے ہوں ان خانوں میں چیک "✓" کا نشان لگائیں۔

1. ☐ کینیڈا میں ڈرائیوروں کے پاس ڈرائیونگ لائسنس اور کار انشورنس کا ثبوت ہونا لازمی ہے۔ ان کے بغیر گاڑی چلانا غیر قانونی ہے۔ گاڑی چلاتے وقت ڈرائیوروں کے پاس لائسنس کا ہونا ضروری ہے۔




2. ☐ ڈرائیوروں کو کسی نشہ آور چیزوں (منشیات، الکحل، ادویات) کے زیرِاثر گاڑی چلانے کی اجازت نہیں ہے۔



3. ☐ جب سکول بسوں کی لال بتی جل جائے اور بس کا بازو باہر نکل آئے تو تمام ڈرائیوروں کو بس سے کچھ فاصلے پر رکنا چاہیئے۔





4. ☐ گاڑیاں سڑک پر دائیں طرف چلتی ہیں۔ ڈرائیوروں کو ایسی ہنگامی گاڑیوں کو راستہ دینا چاہیئے جنکی لائٹیں جل رہی ہوں اور سائرن بج رہے ہوں۔




5. ☐ گاڑی میں سوار تمام لوگوں کیلئے سیٹ بیلٹ کا استعمال ضروری ہے چاہے وہ ڈرائیور ہو یا مسافر۔



6. ☐ کینیڈا کے بیشتر علاقوں میں برف اور کورے پر گاڑی چلانا خطرناک ہوتا ہے۔ کچھ علاقوں میں موسم سرما میں سردیوں کے ٹائر استعمال کرنا لازمی ہے۔



7. ☐ چھوٹے بچوں کو ان کی حفاظت کی خاطر پچھلی سیٹ پر ایک خصوصی سیٹ پر بٹھایا جائے۔ اس سیٹ کا انتخاب بچے کی عمر اور وزن پر منحصر ہے۔ بچوں کی سیٹوں سے متعلق مزید معلومات کیلئے یہاں پڑھیں:



# 9.7 کینیڈا میں عام ٹریفک علامات

اس طرح کے اشارے کینیڈا بھر کی سڑکوں پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ بعض جگہوں پر یہ تھوڑے مختلف بھی ہوسکتے ہیں۔

ہدایات: سڑک کے اشارے دیکھیں۔ ہر نشان اور اس کی تفصیل کے درمیان ایک لکیر کھینچیں۔


ا) پھسلن والی سڑک

1. 

ب) جانوروں کے گزرنے کی جگہ

2. 

پ) سکول کراسنگ

3. 


ت) پیدل چلنا

4. 


ٹ) صرف بائیسکل

5. 


جب آپ کسی گلی کو عبور کرتے ہیں تو اپنے آس پاس کے ٹریفک سگنل پر دھیان دیں۔



سرخ کا مطلب ہے "رکیں"۔




پیلا کا مطلب ہے "رفتار آہستہ کریں"۔



سبز کا مطلب ہے "جائیں"۔

جوابات: 1 (ب)؛ 2 (ا)؛ 3 (ٹ)؛ 4 (پ)؛ 5 (ت)

6. 
ث) دائیں طرف کوئی موڑ نہیں

7. 

ج) پیدل چلنے والوں کا راستہ

8. 
چ) رک جائیں

9. 
ح) صرف بسوں کے لئے

10. 
خ) مت چلیں

11. 
د) رفتار کی حد کلومیٹر فی گھنٹہ

12. 

ڈ) راستہ دیں

اگر آپ کسی اور گاڑی یا پیدل چلنے والے سے ٹکرا جائیں تو حادثہ کی جگہ سے بھاگنا ایک سنگین جرم ہے۔ پولیس اور ایمبولینس کو کال کرنے کیلئے ہنگامی نمبر 911 کا استعمال کریں۔





جوابات: 6 (ح)؛ 7 (چ)؛ 8 (ث)؛ 9 (ج)؛ 10 (ڈ)؛ 11 (خ)؛ 12 (د)


# کینیڈا میں خوش آمدید!



نوٹ :

# 1 کینیڈا کا سفر کرنے سے پہلے



1. دوبارہ آبادکاری کا عمل شروع کریں
2. انٹرویو میں شرکت
3. مکمل طبی معائنہ
4. سیکیورٹی چیک کے مراحل پاس کرنا
5. درخواست کا مرحلہ پاس کرنا
6. منظوری کا حصول
7. پہنچنے سے پہلے والی سہولیات حاصل کرنا
8. سفر کی تیاری

# 2 کینیڈا روانگی


1. ایئرپورٹ جانا
2. اپنا IOM بیگ وصول کرنا
3. ایئر لائن چیک ان
4. ایئر پورٹ سیکورٹی سے گزرنا
5. باہر نکلنے کے مکمل طریقہ کار
6. ہوائی جہاز میں سوار ہونا
7. ہوائی سفر سے لطف اٹھانا
8. ٹرانزٹ
9. کینیڈا آمد
10. ہوائی اڈے سے مدد حاصل کرنا
11. داخلے کا طریقہ مکمل کرنا

# 3 کینیڈا میں

1. اپنی آخری منزل کی طرف روانگی
2. ان لوگوں سے ملنا جو آپ کی مدد کریں گے
3. عارضی رہائش گاہ میں قیام
4. اہم دستاویزات کے لئے درخواست دینا
5. بینک اکاؤنٹ کھولنا
6. مستقل رہائش گاہ میں منتقل ہوجانا
7. بچوں کو اسکول میں اور بڑوں کو زبان کی کلاسوں میں داخل کرائیں
8. صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی حاصل کریں
9. اپنی کمیونٹی سے تعارف
10. فعال اور صحت مند رہنا
11. خود کفیل ہونے کے لئے اقدامات کرنا
12. ضرورت پڑنے پر مدد طلب کرنا

کینیڈا میں آبادکاری کی تمام خدمات مفت ہیں۔ آبادکاری کا ہر کیس انوکھا ہوتا ہے۔ مذکورہ بالا مراحل کی ترتیب مختلف ہوسکتی ہے۔





IOM
UN MIGRATION

URDU